Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



جوٹ : (مذ) ہل میں جوتی جانے والی بیلوں کی جوڑی

جُوہی : (مث) کھیتی کو نقصان پہنچانے والا ایک کیڑا

جھارا : (مذ) گیہوں پھٹکنے کا چھاج

جھاڑنا : پیڑ سے پھول، پتے، پھل گرانا یا توڑنا

جھُنڈی : (مث) وہ کھونٹی جو پودے کٹ جانے کے بعد زمین میں رہ جاتی ہے

،، : گنے یا اناج کے پودے کی جڑ

،، : گھاس کا گٹھا۔ جھاڑی

،، : درختوں کا چھوٹا جھُنڈ

جُھلی : لوہے، لکڑی یا بانس سے بنا کنگھے کی شکل کا ایک آلہ جس پر لگے لکڑی کے لمبے دستے سے گھاس، پھوس کو ادھر ادھر کھینچا جاتا ہے۔ rake

چاہی : کنوئیں کے پانی سے سیراب ہونے والی زمین

چٹکارا : (مذ) چوپایوں کو ہنکارنے کی آواز

چٹکاری : (مث) بیلوں کو ہانکنے کی آواز

چکتّا : (چ کت تا۔ مذ) گھاس کی جڑوں کا ڈھیلا

چکّل : (مذ) جڑوں سمیت پودے کی مٹی جس کے ساتھ پودے کو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگایا جاتا ہے۔

حاصل زمین : (مث) جس زمین سے پیداوار یا آمدن ہو اور اس پر مالگزاری دی جائے

حق التحصیل : (مذ) نمبردار کا مالگزاری وصول کرنے کا حق

خاربست : (مذ) کانٹوں کی باڑ۔ خاربند

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



خریف : (مث) موسم خزاں میں ہونے والی جوار اور مکئی کی فصل۔ ساؤنی

دار بست : (مث) انگور کی بیل چڑھانے کا ٹھاٹر۔ پاڑ۔ پاڑھ

دانہ بندی : (مث) کھڑی فصل کا تخمینہ لگانا

دتّرا : (مذ) لکڑی کا بڑا پنجہ جس سے گھاس اکٹھی کرتے ہیں۔ کانٹا

دبّا : (مذ) درخت کی شاخ جسے مٹی میں دباتے ہیں کہ جڑیں نکل آئیں اور نیا پودا بن جائے۔ داب

دغیلا : (مذ) چوٹ لگا، یا گرا ہوا پھل

دُم ریز : (مذ) دوسری بار پھل دینے والا درخت

دُم ریزی : (مث) موسم میں دوسری بار درخت کا پھل دینا

دودھ پڑنا : اناج میں رس پیدا ہونا

دوساہی : فصل دینے والی زمین جس کے نیچے سخت مٹی اور اوپر ریت ہو۔ دوساکھی۔ دوسائی

دھونٹی : (مث) چرواہے کی لکڑی

ڈال : (مث) آبپاشی کا ڈول۔ آبپاش

ڈامچا : (مذ) کھیت کی رکھوالی کے لیے بنایا گیا مچان

ڈوڈا : (مذ) چھلکا جس کے اندر بیج ہوتے ہیں

ڈولا : (مذ) کھیت کی باڑھ۔ مینڈھ۔ بیڑ

ڈھورا : (مذ) چنے کو لگنے والا ایک کیڑا

ڈھولا : (مذ) کھیت اور زمین کی سرحد دکھانے کا نشان

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



جوٹ : (مذ) ہل میں جوتی جانے والی بیلوں کی جوڑی

جُوہی : (مث) کھیتی کو نقصان پہنچانے والا ایک کیڑا

جھارا : (مذ) گیہوں پھٹکنے کا چھاج

جھاڑنا : پیڑ سے پھول، پتے، پھل گرانا یا توڑنا

جھُنڈی : (مث) وہ کھونٹی جو پودے کٹ جانے کے بعد زمین میں رہ جاتی ہے

" : گنے یا اناج کے پودے کی جڑ

" : گھاس کا گٹھا۔ جھاڑی

" : درختوں کا چھوٹا جھُنڈ

چیلی : لوہے، لکڑی یا بانس سے بنا کنگھے کی شکل کا ایک آلہ جس پر لگے لکڑی کے لمبے دستے سے گھاس، پھوس کو ادھر ادھر کھینچا جاتا ہے۔ rake

چاہی : کنوئیں کے پانی سے سیراب ہونے والی زمین

چٹکارا : (مذ) چوپایوں کو ہنکارنے کی آواز

چٹکاری : (مث) بیلوں کو ہانکنے کی آواز

چکتا : (چ کت تا۔ مذ) گھاس کی جڑوں کا ڈھیلا

چکّل : (مذ) جڑوں سمیت پودے کی مٹی جس کے ساتھ پودے کو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگایا جاتا ہے۔

حاصل زمین : (مث) جس زمین سے پیداوار یا آمدن ہو اور اس پر مالگزاری دی جائے

حق التحصیل : (مذ) نمبردار کا مالگزاری وصول کرنے کا حق

خاربست : (مذ) کانٹوں کی باڑ۔ خاربند

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



خریف : (مث) موسم خزاں میں ہونے والی جوار اور مکئی کی فصل۔ ساؤنی

دار بست : (مث) انگور کی بیل چڑھانے کا ٹھاٹر۔ پاڑ۔ پاڑھ

دانہ بندی : (مث) کھڑی فصل کا تخمینہ لگانا

دتّرا : (مذ) لکڑی کا بڑا پنجہ جس سے گھاس اکٹھی کرتے ہیں۔ کانٹا

دبّا : (مذ) درخت کی شاخ جسے مٹی میں دباتے ہیں کہ جڑیں نکل آئیں اور نیا پودا بن جائے۔ داب

دغیلا : (مذ) چوٹ لگا، یا گرا ہوا پھل

دُم ریز : (مذ) دوسری بار پھل دینے والا درخت

دُم ریزی : (مث) موسم میں دوسری بار درخت کا پھل دینا

دودھ پڑنا : اناج میں رس پیدا ہونا

دوساہی : فصل دینے والی زمین جس کے نیچے سخت مٹی اور اوپر ریت ہو۔ دوساکھی۔ دوسائی

ڈھونٹی : (مث) چرواہے کی لکڑی

ڈال : (مث) آبپاشی کا ڈول۔ آبپاش

ڈامچا : (مذ) کھیت کی رکھوالی کے لیے بنایا گیا مچان

ڈوڈا : (مذ) چھلکا جس کے اندر بیج ہوتے ہیں

ڈولا : (مذ) کھیت کی باڑھ۔ مینڈھ۔ بیڑ

ڈھورا : (مذ) چنے کو لگنے والا ایک کیڑا

ڈھولا : (مذ) کھیت اور زمین کی سرحد دکھانے کا نشان

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



ربیع : (مث) وہ فصل جو اکتوبر نومبر میں بوئی جاتی ہے اور موسم بہار، مارچ مئی میں کاٹی جاتی ہے۔ ساڑھی فصل

رتا : (مذ) گیہوں وغیرہ کو لگنے والا کیڑا

رقصِ خرمن : (مذ) فصل کی کٹائی پر کیا جانے والا خوشی کا ناچ

رُلّ : (مذ) وہ زمین جو اس لیے کاشت نہ کی جائے کہ سال دو سال کاشت نہ کرنے سے اس میں طاقت آ جائے گی۔ رُلاّ

ریشم سازی : ریشم کے کیڑے پالنا۔ sericulture

ریہڑ : (مذ) بنجر زمین

رُوپنا : (مذ) پودے کو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا

زمین خالصہ : بادشاہ کی ملکیتی زمین

ساونی : (مث) خریف کی فصل جس میں دھان جوار باجرہ وغیرہ ہوتے ہیں

سانی : (مث) کھیتی باڑی اور باغ کا کام کرنے والا آدمی

ساہا : (مذ) کھیتی کاٹنے کا وقت

سردیہی : (مذ) دو روپیہ فی فصل کی رقم جو گاؤں کا مالک حکومت کو ادا کرتا تھا

سرساہی : (مث) زمین کا ناپ۔ ایک مربع فٹ، تقریباً ساڑھے چار فٹ

سُنبلہ : (مذ) خوشہ ، بالی، سُنبلہ

سُہاگا : (مذ) ہل چلانے کے بعد کھیت کی زمین ہموار کرنے کے لیے چلایا جانے والا لکڑی کا تختہ، پٹرا، ہینگا، پٹیلا

سیٹرھ : (مث) وہ ندی، نہر جس سے آس پاس کے کھیتوں کو پانی ملتا ہو

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



شاخچہ : (مذ) چھوٹی شاخ

شاخچہ بندی : (مث) کسی دوسرے پیڑ پر قلم لگانا

شجرہ : (مذ) گاؤں کے کھیتوں کا نقشہ

شربہ : (مذ) پانی کی مقدار جو سیرابی کے لیے کافی ہو

طناب : (مث) زمین ناپنے والی رسی

غیر مزروعہ : جس پر ہل نہ چلایا گیا ہو

فالیز : (مث) خربوزے، کھیرے، ککڑی، تربوز کا کھیت

فردِ کنکوت : (مث) وہ کاغذ جس میں فصل کے تخمینے کی تفصیل درج ہوتی ہے

فصل اُٹھنا : کھیت سے فصل کاٹ کر گھر پہنچ جانا

فصل اِستادہ : کھڑی کھیتی۔ گابا

فصلانہ : (مذ) فصل تیار ہونے پر زمیندار یا پٹواری کو دی جانے والی رقم

فصلی سال : فصلوں کے اعتبار سے اپریل مئی میں شروع ہونے والا سال

قلم : (مث) کسی پیڑ کی کاٹی ہوئی ہری شاخ جسے زمین پر یا دوسرے پیڑ پر لگایا جائے

کاتا : (مذ) بانس کاٹنے کا چھرا

کاریز : (مث) کھیتوں کو پانی دینے کی نالی۔ چھوٹی نہر

کانٹا : (مذ) لکڑی کا بڑا پنجہ جس سے گھاس اکٹھی کرتے ہیں۔ دترا

کاہ : (مث) کٹی ہوئی سوکھی گھاس

کُٹھلا : (مث) غلہ رکھنے کے لیے مٹی کا بڑا برتن۔ اناج کی کوٹھڑی۔ گُونی۔ کُٹھیا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



کُٹھیا : (مث) غلہ رکھنے کے لیے مٹی کا بڑا برتن۔ اناج کی کوٹھڑی۔ گُونی۔ کُٹھلا

کُتّی : (مث) گنڈاسے سے باریک باریک کٹا ہوا چارہ

کچرا : (مذ) کپاس کا ڈوڈا

کُرسی : (مث) اُپلوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے، چُورا

کسّی : (مث) چھوٹا پھاوڑا

کلانا : اناج کا چھڑانا

کن بٹائی : (مث) فصل کو حصہ داروں میں تقسیم کرنا

کُنڈہ : (مذ) اُپلا

کنکوُت : کھڑے کھیت کا تخمینہ لگانے والا

کنّی : (مث) کاٹنے کے بعد دوسری بار نکلنے والی تمباکو کی پتیاں

کُوبہ : (مذ) مٹی کے ڈھیلے توڑنے کا چوبی آلہ

کُولا : (مذ) گیہوں، گندم یا گھاس پھونس کا گٹھا۔ پُولا

کوکنار : (مث) خشخاش کا ڈوڈہ

کھات : (مث) وہ میلا یا گھورا جسے گڑھے میں ڈال کر سڑاتے ہیں اور پھر کھیتوں میں ڈال دیتے ہیں۔ پانس

کھاتری : (مث) دریا کنارے کی فصل

کھاس : (مث) جالی دار بورا جس میں اُپلے یا مٹی کے برتن رکھ کر گدھے پر لادتے ہیں

کھتّا : (مذ) غلہ رکھنے کا گڑھا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



کھپرا : (مذ) گیہوں کو لگنے والا ایک کیڑا

کھٹکا : (مذ) درخت سے باندھا ہوا بانس کا ٹکڑا جسے ہلا کر جنگلی جانوروں کو ڈرایا جاتا ہے

کھرپا : (مذ) زمین، گھاس چھیلنے کا چھوٹا اوزار

کھڑا کھیت : سبز کھیت جو ابھی کاٹا نہ گیا ہو۔ فصل اِستادہ۔ گابا

کھُوئی : (مث) گنے یا ایکھ سے رس نکال کر رہ جانے والا پھوک

کھیت کمانا : محنت کر کے کھیت کو پیداوار کے قابل بنانا

کھیت گودنا : پودوں کی جڑوں کو کھودنا اور گھاس پات صاف کرنا

کھیت نلانا : کھیت کو خودرو گھاس سے صاف کرنا

کھیت نلوانا : کھیت کو خودرو گھاس سے صاف کروانا

کھیت نلائی : (مث) کھیت سے خودرو گھاس پات سے صاف کروانے کی اُجرت

کھیل : (مذ) چھوٹا چشمہ جس میں مویشیوں کو پانی پلاتے ہیں

کھیئ : (مث) سوکھی جھاڑی جو باڑ لگانے اور جلانے میں کام آتی ہے

گابا : (مذ) کھڑی کھیتی۔ فصل اِستادہ

گادا : (مث) گیہوں اور جو کی تقریباً تیار فصل

گاہن : (مذ) گاہنے یا گوہائی کے لیے پڑا ہوا اناج

گاہنا : بیلوں سے رُندوا کر اناج سے دانے نکالنا۔ گوہائی

گبھوتی : (مث) گاؤں کے ارد گرد کی زمین

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


گدّا : (مذ) جوار، گیہوں کا پکنے کے قریب خوشہ

گرم خانہ : (مذ) سردیوں میں نازک پودوں کو رکھنے کے لیے مکان

گندر : (مذ) اناج کا ایک کیڑا

گھان : (مث) سرسوں کی وہ مقدار جو کولہو میں ایک ہی بار ڈال دی جائے

گھر جوت : (مث) گھر کی کھیتی

گھڑیا : (مث) شہد کی مکھیوں کا چھتّہ

گھُماؤں : دو بیگھے یا آٹھ کنال زمین

گوجرا : (مذ) گیہوں اور جَو مِلا اناج

گوچنی : (مث) گیہوں اور چنے ملا غلہ

گوڑنا : اناج صاف کر کے بھُس نکالنا

گونڈا : (مذ) گاؤں کے قریب کے کھیت۔ گوہانی

گونی : (مث) پانی یا غلہ رکھنے کے لیے مٹی کا بڑا برتن

گوہانی : (مث) گاؤں کے آس پاس کے کھیت۔ گونڈا

گوہائی : (مث) بیلوں سے رُندوا کر اناج سے دانے نکالنا۔ گاہنا

گوئی : (مث) ایک ہل میں جُتے دو بیلوں کی جوڑی

گینتی : (مث) زمین کھودنے کا نوکدار اوزار

لاخراج : وہ زمین جس کا مالیہ نہ دینا پڑے

لگسی : (مث) درختوں سے پھل توڑنے کے لیے مُڑے ہوئے سرے والی لمبی لکڑی

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



کچھیانا : (مذ) کھیت جہاں ساگ، ترکاریاں بوئی جاتی ہیں

لانک : (مث) کٹے ہوئے اناج کا ڈھیر، خرمن

لائی : (مث) فصل کو کاٹنا

لُونار : (مذ) کھار والی زمین

لوندا : (مذ) گُندھی ہوئی مٹی کا ڈلا

لِہینڈی : (مث) نیچی جگہ سے اونچی جگہ کھیت وغیرہ میں ٹوکری سے پانی لے جانا یا پہنچانا

ماچا : (مذ) اونچی جگہ جہاں بیٹھ کر پرندے اڑاتے ہیں۔ مچان۔ ٹانڈ

ماچی : (مث) ہل چلاتے وقت بیلوں کے گلے میں ڈالا جانے والا لکڑی کا آلہ

مار : (مث) چکنی مٹی جس میں دھان پیدا ہوتا ہے

مار مار : (مث) ہنکائے جانے کا شور

ماند : (مذ) سوکھے ہوئے گوبر کا ڈھیر جسے اُپلوں کی طرح جلایا جاتا ہے

مرز : (مذ) قابل کاشت زمین

مڑی : (مذ) باغ کی کیاری

مینڈ : (مث) کھیت کی باڑھ، ڈولا

مُٹھیا : (مث) ہل کی مُوٹھ

مچان : (مث) اونچی جگہ جہاں بیٹھ کر پرندے اڑاتے ہیں۔ ماچا۔ ٹانڈ

منہائی دار : قابلِ لگان زمین رکھنے والا

مَنڈنی : (مث) وہ غلہ جس پر بیل چلائے جاتے ہیں

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


موٹھ : (مث) ایک قسم کا غلہ

مودی خانہ : گودام۔ ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ اناج وغیرہ رکھنے کا کمرہ

موگری : (مث) مٹی کے ڈھیلے توڑنے کا چوبی آلہ۔ کوبہ، کوبی

مینڈ : (مث) کھیت کی حد

نباتی کھاد : پتوں، سبزے وغیرہ کو سڑا کر بنائی گئی کھاد۔ compost

نٹر : وہ زمین جس پر کئی بار کاشت کی جا چکی ہو

نرئی : (مث) گیہوں، جو کے ساتھ لگی ہوئی چھوٹی چھوٹی شاخیں

نرڑا : (مذ) گاجر کے اندر کا ناقابل استعمال حصہ۔ گاجر کی ہڈی

نلائی : (مث) کھیت سے گھاس پھوس صاف کروانا۔ نلانا

نلوانا : (مذ) کھیت سے گھاس پھوس صاف کروانا۔ نلائی

نُونچا : زمین جس میں نمک یا کھار زیادہ ہو۔ کھاری۔ نُونچی

نہری : (مث) نہر کے پانی سے سیراب کی جانے والی زمین

وارابندی : (مث) کاشتکار کو پانی ملنے کی باری

واڑا : (مذ) گنے کے اوپر کا پھیکا حصہ

ہالا : (مذ) ہل پر لگایا جانے والا ٹیکس

ہالی : (مذ) ہل چلانے والا

ہرواہا : (مذ) زمین کو کاشت کے لیے تیار کرنے والا۔ ہل چلانے والا۔ ہل واہا

ہینگا : (مذ) ہل چلانے کے بعد کھیت کی زمین ہموار کرنے کے لیے چلایا جانے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



والا لکڑی کا تختہ۔ پٹرا۔ سُہاگا۔ پٹیلا

یک فردی : ایک فصل دینے والی زمین۔ یک فصلی

## زیورات سے متعلق

آرسی : (مث) ہاتھ کے انگوٹھے میں پہنا جانے والا عورتوں کا زیور جس میں شیشہ جڑا ہوتا ہے

آویزہ : (مذ) بالا، بُندا

اِکّا : (مذ) نگینہ جڑ کر بازو پر باندھا جانے والا زیور

بانک : (مث) ایک زیور جو ہندو عورتیں پاؤں میں اور مُسلم عورتیں بازو میں پہنتی ہیں

بجوٹھا : (بِ جُوٹھا۔ مذ) ایک زیور جسے ہندو عورتیں بازو بند کی جگہ استعمال کرتی ہیں

بچھوا : (مذ) پاؤں کی انگلی کا زیور

بُندا : کان کا زیور۔ آویزہ

بھوگلی : (مث) ناک کا ایک کھوکھلا زیور

پتّا : (مذ) کان کا ایک زیور جو بالیوں میں لٹکاتے ہیں

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



پٹھا : (مذ) باریک چوڑیوں کے درمیان پہنی جانے والی چوڑی پٹی کی چوڑی

پری بند : (مذ) عورتوں کا ایک زیور۔ بچوں کے پاؤں کا زیور

پھلی : (مث) پھول کی شکل کا ایک زیور جسے ناک میں یا دوسرے زیور میں لگا کر پہنا جاتا ہے

پیکڑی : (مث) عورتوں کے پاؤں کا ایک زیور

پینجن : (پین جن۔ مذ) پاؤں کا ایک زیور

تاگڑی : (مث) کمر میں باندھا جانے والا زنجیر کی قسم کا ایک زیور

تذہیب : (مث) طلائی ملمع کا کام۔ سونے کا پانی چڑھانا

ٹِکلی : (مث) ماتھے کا ایک زیور۔ ٹیکا

جُگنی : (مث) گلے کا ایک زیور

جھالا : (مذ) کان کا ایک زیور

جیغہ : (مذ) پگڑی پر پہنا جانے والا ایک زیور۔ کلغی

چاند ٹیکا : (مذ) پیشانی کا ایک زیور

چاند سورج : (مذ) عورتوں کی چوٹیوں میں لگایا جانے والا ایک زیور

چولڑا : (مذ) چار لڑیوں والا گلے کا ہار

چھپکا : (مذ) بالوں میں باندھ کر ماتھے پر لٹکایا جانے والا زیور

دامنی : (مث) ماتھے کا ایک زیور

دُرّ : (مذ) کان کا زیور

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



دست بند : (مذ) ہاتھوں میں پہنا جانے والا جواہرات کا لچھا۔ ہاتھ کی پشت پر پہنا جانے والا ایک زیور

دستوانہ : (مذ) کنگن

دستینہ : (مذ) کنگن

دھک دھکی : (مث) گلے کا زیور

ڈھار : (مث) ایک طرح کی بالی

ڈھولنا : (مذ) ڈھول کی شکل کا گلے کا زیور

سبزہ : (مذ) کان کا ایک زیور

سنگِ جراحت: زیورات بنانے کا ایک سفید پتھر

سِنگھار پٹی : (مث) سر پر باندھی جانے والی سونے یا پھولوں کی پٹی

طوق : (مذ) گلے کا زیور، گلو بند

عِقد : (مذ) ہار، گلو بند

کردھنی : (مث) زنجیر جسے ہندو بچے کمر میں باندھتے ہیں

کمر پٹا : (مذ) کمر کا زیور

گنوتی : (مث) کان کی بالی

کھڑوا : (مذ) ہندو بچوں کے پاؤں کا ایک زیور

کِیل : (مث) لونگ کی شکل کا ناک میں پہننے کا ایک زیور

گجرا : (مذ) عورتوں کا کلائی میں پہننے والا پھولوں کا زیور

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


گجرا ہار : (مذ) گلے میں پہننے والا ہار

گجری : (مث) کلائی میں پہننے والی موتی چوڑی

گردن بند : (مذ) گلے کا ایک زیور

گُل سرا : (مذ) شادی شدہ عورتوں کا گلے میں پہننے والا ایک زیور۔گُل سہرا

گل مالا : (مث) گلے کا ہار

گھُنگھرُو : (مذ) بجنے والا پاؤں کا زیور

لونگ : (مث) لونگ کی شکل کی ناک کی کیل

مانگ ٹیکا : (مذ) ماتھے پر لٹکایا جانے والا جڑاؤ زیور

مُدری : (مث) جوگیوں کے کانوں میں پہنے جانے والے حلقے

مُرکی : (مث) کان کی بالکل چھوٹی بالی

مُندرا : (مذ) جوگیوں کے کان کا کُنڈل

مُندری : (مث) انگوٹھی۔کان میں ڈالنے والا چھوٹا سا چھلا

مُندریا : (مث) مُندری کی تصغیر

موتیوں کا جھالا: (مذ) کان کا زیور جس میں بہت سے موتی لگے ہوتے ہیں

مورنی : (مث) عورتوں کے کان کا زیور

موہن مالا : (مث) گلے کے ہار کی ایک قسم

مینا کاری : (مث) چاندی اور سونے پر مرصع سازی، نگینے کا کام

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



# شادی سے متعلق

بٹا سٹا : (مذ) جس گھر میں لڑکی بیاہنی ہے اسی گھر سے ایک لڑکی بیاہ کر اپنے گھر لانی ہے۔ سانٹے کا رشتہ۔ وٹّو سٹا

بٹیری : (مث) ہندوؤں میں بیٹی والوں کی طرف سے دولہا کو نذرانہ۔ خلعت دینے کی رسم

برانداز : (مذ) ڈولی کا پردہ۔ اوپر ڈالنے کا کپڑا۔ نقاب

بڑھار : (مث) دلہن والوں کی طرف سے رُخصتی کی دعوت

بھوڑا : (مذ) بارات کی واپسی پر دلہن کے ساتھ بھیجا جانے والا کھانا

پاہُن : (مذ) دلہن کی رُخصتی کے وقت ڈومنیوں کے گائے جانے والے گیت۔ بابُل

پاؤں پھیرنے جانا: شادی یا زچگی کے بعد عورت کا مائیکے جانا

تارِکہ : (مث) بے بیاہی۔ ناکتخدا عورت

تِلائی : (مث) بارات سے پہلے دلہن کو تیل لگانے کی رسم کا دن

تِل چاٹنا : مسلمان عورتوں کی ایک رسم جس میں وداعی کے وقت دلہن کے ہاتھ پر کالے تِل رکھ کر دولہا سے چبوائے جاتے ہیں تا کہ دولہا عمر بھر دلہن کے تابع رہے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



تِل شکری : (مث) ایک رسم جس میں دلہن کے ہاتھ پر رکھی گئی شکر اور تِل کو دولہا سات بار چاٹتا ہے

تنبول : (مذ) شادی پر صاحب خانہ کو دی جانے والی نقدی

تھاپا : (مذ) گیلی مہندی والے ہاتھ کا نشان جو دیوار پر یا سمدھی کی کمر پر شادی کے دوران لگایا جاتا ہے

تیپچی کا نکاح : (مذ) کچا نکاح، جس کے بعد جلد طلاق ہو جائے

جنواسا : (مذ) وہ جگہ جہاں دلہن والوں نے بارات کے ٹھہرنے کا انتظام کیا ہو

چکی نامہ : (مذ) وہ گانا جسے شادی کے موقع پر اُبٹن پیستے وقت عورتیں گاتی تھیں

چوبا : (مذ) شادی میں بھیجنے کے لیے میوے ڈال کر بنائے گئے میٹھے چاول

چھاک : (مث) بڑے بڑے پراٹھے جو شادی کے وقت دلہن کے گھر سے دولہا کو بھیجے جاتے ہیں

چھپر کھٹ : (مث) دلہن کا چھتری دار پلنگ۔ امیروں کا پلنگ

ڈلّا : (مذ) ٹوکرا جو شادی کے دن دولہا اپنے ساتھ دلہن کے گھر لاتا ہے

رَونا : (مذ) شادی کے بیوی کو تیسری بار گھر لانا

ساچق : (مث) بارات کے ایک روز پہلے کی رسم جس میں دولہا کے گھر سے دلہن کے لیے مٹھائی، نُقل، مصری، مہندی، تیل پھلیل، کپڑوں کے جوڑے، سُہاگ پُڑا اور عطر پان کے بیڑے لے کر جاتے ہیں۔ رسم حنا

ساچق پُڑا : (مذ) خوشبوؤں کا وہ پُڑا جو ساچق کے ساتھ دلہن کے گھر بھیجا جاتا ہے۔ سُہاگ پُڑا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



ساوَنی : (مث) ساون کے مہینے میں جھولے کے سامان کے ساتھ دولہا کے گھر سے دلہن کو بھیجی جانے والی مٹھائی، آم، میوے وغیرہ

ساہا : (مذ) ہندوؤں میں شادی کے دِن۔ شادی کا موسم

ساہا چمکنا : بہت سی شادیاں ہونا

سِٹھنیاں : (مث) شادی کے موقعے پر عورتوں کی جانب سے چھیڑ چھاڑ کے لیے سمدھیوں کو دی جانے والی گالیاں

سُہاگ : (مذ) لڑکی کی شادی میں گائے جانے والے گیت

سُہاگ سیج : (مث) حجلۂ عروسی کا پلنگ جس پر دولہا دلہن پہلی رات سوتے ہیں

سُہاگن : (مث) وہ عورت جس کا شوہر زندہ ہو

شہ بالا : (مذ) دولہا کے پیچھے گھوڑے پر بٹھایا جانے والا لڑکا۔ شاہ بالا

شہانہ : شادی کے گیتوں کی ایک قسم۔ شادی کا جوڑا

شہانی : (مث) دلہن سے منسوب

شہانی چوڑیاں : (مث) دُلہن کی چوڑیاں

طُرّہ : (مذ) دُولہا کے کانوں کے پاس لٹکنے والا پھولوں کا گُچھا

کرنا : بیوہ کا کسی سے شادی کرنا، کر لینا

" : کسی عورت کو بیوی بنا لینا

کھارا : (مذ) تیلیوں یا سرکنڈوں کا چوکھونٹا ٹوکرا جس پر دولہا کو پھیروں کے وقت کپڑا ڈال کر بٹھاتے ہیں

گونا : (مذ) دولہا کا سسرال سے دلہن کو اپنے گھر لانا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



گونڈا : (مذ) دلہن کے گھر پہنچ کر بارات پر نچھاور کی جانے والی خیرات

گونہار : (مذ و مث) میکے سے دلہن کے ساتھ جانے والی عورتیں۔ دولہا کے ساتھ گونے کے لیے جانے والے لوگ

گھر پڑنا : عورت کا کسی سے بیاہ کر لینا

گھر کرنا : " " "

گھوڑی چڑھنا: دولہا بننا

لولاسی : (مث) پھولوں کی چھڑیاں جو دولہا کو پہلی بار زنان خانے میں جانے پر سالیاں وغیرہ مارتی ہیں

مانجھا : (مذ) دولہا کی طرف سے شادی سے پہلے دی جانے والی ضیافت۔ مائیوں کا زرد جوڑا۔ مائیوں بیٹھنا

مائیاں : (مث) شادی سے کچھ دن پہلے دولہا دلہن کو زرد کپڑے پہنا کر گھر میں بٹھا دینا۔ مائیوں بٹھانا

مخطوبہ :(مث) وہ عورت جس کی سگائی ہو گئی ہو

مدخولہ : گھر میں ڈال لی گئی عورت

مِقنع : (مذ) باریک کپڑا جو دُلہن کے سہرے کے نیچے باندھتے ہیں۔ مِقنعہ

مِلنی : (مث) شادی کے وقت سمدھیوں کے اقارب کا ایک دوسرے سے ملنے کی رسم

" : مِلنی کے موقع پر دلہن والوں کی طرف سے دولہا کے اقارب کو تحفتاً دی جانے والی رقومات

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



منڈھا : (مذ) ہندوؤں میں شادی کے دن وہ شامیانا جسے تان کر اس کے نیچے پھیرے لیے جاتے ہیں

" : (مذ) دلہن کی رُخصتی پر گائے جانے والے گیت

منسُوبہ : منگیتر کی تانیث۔ جس کی منگنی ہو چکی ہو۔ (مذ) منسوب

منگیتر : (مث و مذ) آدمی یا عورت جس کی شادی کسی عورت یا مرد کے ساتھ طے ہو گئی ہو

مہندی : (مث) ایک رسم جس میں دولہا دلہن کے گھر مہندی اور سنگھار کا ساز و سامان بھیجتا ہے

نِگار بندی : مہندی لگانا

نیگ جوگ : (مذ) شادی پر رشتہ داروں اور خادموں کو شگون کے طور پر دیا جانے والا انعام۔ نیگ

ولیمہ : (مذ) نکاح کے بعد دولہا کی طرف سے کی جانے والی ضیافت

ہتھ لیوا : (مذ) ہندوؤں میں دولہا دلہن کے ہاتھ ملانے کی رسم

ہریالے : (مذ) شادی میں گائے جانے والے گیت

ہلجان : (مث) شادی میں عورتوں کے حلوا پوری منگوا کر تقسیم کرنے اور کھانے کی ایک رسم

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


# فوج، حرب، ہتھیاروں سے متعلق

اَرابہ : (مث) وہ گاڑی جس پر توپ کا سامان اور گولہ بارود رکھتے ہیں

اُردا بیگنی : (مث) محل میں پہرہ دینے والی مسلح عورت، قلماقنی ۔ تُرکنی ۔ قلماکنی ۔ تِلنگنی

اِستیصالی : بیخ کنی کرنے والا ۔ exterminator

اسلحہ ساز : اسلحہ بنانے والا ۔ armourer

اسلحہ خانہ : جہاں گولہ بارود رکھا جاتا ہے ۔ armoury, arsenal

اَنداختہ : (مذ) مِزائیل

اوپچی : (مذ) سر سے پاؤں تک ہتھیاروں سے سجا بانکا سپاہی

بابن : (مث) سپاہیوں کی وردی پر لگائی جانے والی ڈوری ۔ bobbin

بارک : فوجی کوٹھریوں کی قطار ۔ جمع بارکیں ۔ barrack

باردانہ : (مذ) فوج کے کھانے پینے کا سامان

باڑ : (مث) گولیوں کی بوچھاڑ ۔ باڑھ ۔ شِلک (باڑ مارنا، چھوڑنا، اڑانا، جھاڑنا)

باڑھ پر رکھنا : نشانے یا زد پر رکھنا

بالابین : (مث) آبدوز میں بیٹھ کر سطح سمندر کے اوپر دیکھنے کا آلہ ۔ periscope

بانک : (مث) فنون سپہ گری کی ایک کسرت

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



بزن : (مذ) قتل کا حکم

بزن بولنا : قتل عام کا حکم دینا، حملہ کرنا

بزن کرنا : قتل عام کرنا

بکتر بند : جس پر گولی بارود اثر نہ کر سکے۔ armoured

بنوٹ : (مث) فن سپہ گری کی ایک قسم

بہیر : (مث) فوج سے متعلق، فوجی سامان

بید برگ : بید کے پتے کی طرح برچھی کی انی

پاکھر : (مث) لڑائی کے وقت ہاتھی، گھوڑے کو پہنائی جانے والی آہنی پوشاک

پٹکنی : (مث) زمین پر گرانے کا عمل۔ پٹخنی

پچھاڑ : (مث) پیٹھ کے بل گرنا، پٹخنی

پرا جمانا : کسی معرکے میں سپاہیوں کی صف بندی کرنا۔ پرا باندھنا۔ to deploy

پرتلا : (مذ) تلوار لٹکانے کے لیے باندھی والی پٹی۔ ڈاب

پرج : (مث) تلوار کا قبضہ۔ ڈھال کا دستہ

پھڑ : (مث) توپ کی گاڑی۔ چبوترا جس پہ رکھ کر توپ چلائی جاتی ہے

پھکیت : (مذ) لاٹھی سے لڑنے کا فن جاننے والا۔ لٹھیت

پھُلنگ : (مث) کوڑے کا سرا۔ پھُننگ

پیالہ : (مذ) توپ یا بندوق میں بارود رکھنے کی جگہ

پیپلا : (مذ) تلوار کی انی، نوک

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


پیکڑا : (مذ) قیدی کے پاؤں کی بیڑی۔ پیکڑی (مث)

تاخت : (مث) حملہ، دھاوا، لُوٹ

تاڑنی : (مث) چابک

تاڑی : (مث) کٹار کا قبضہ

تبلی : کارتوس رکھنے کی چھوٹی تھیلی

تُرپ : (مذ) فوجی سپاہی ۔(troop) سے بگڑا ہوا

تُرُم : (تُ رَم۔ مذ) منہ سے بجایا جانے والا ایک باجا جس سے فوج میں قواعد کا حکم سنایا جاتا ہے۔ بگل

ترنگ : (مث) تیر کے چھوٹنے کی آواز

تسمہ کش : پتلے فیتے یا پتلی تار سے گلا گھونٹ کر مارنے والا۔ garroter

تسمہ کھینچنا : پتلے فیتے یا پتلی تار سے گلا گھونٹ کر مار دینا۔ garroting

تُفنگ : (مث) ہوا کے دباؤ سے چلنے والی بندوق۔ air gun، ایک لمبی نالی جس میں پھونک کر کنکر یا تیر پھینکا جاتا ہے۔ blow-pipe، توڑے دار بندوق

تُفنگ انداز : تُفنگ کے استعمال کا ماہر۔ تیر انداز۔ بندوق چلانے والا۔ فاصلہ جہاں تک تیر، کنکر یا چھرا پہنچے

تُفنگ کا پیالہ : (مذ) وہ جگہ جہاں بندوق کا گھوڑا گرتا ہے

تُفنگچی : (مذ) بندوقچی

تُکّا : (مذ) وہ تیر جس میں بھال نہ ہو

تُمَک : (مذ) فوج کا ایک دستہ

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



توس دان : (مذ) سپاہیوں کی کمر میں بندھا ہوا چھوٹا بکس جس میں کارتوس رکھے رہتے ہیں

تہ نال : (مذ) تلوار کے قبضے کے نیچے کا لوہے کا ٹکڑا۔ نیام کے نیچے کا حصہ جس میں تلوار کا پیپلا رہتا ہے

تہ نشان : تلوار کے قبضے پر جواہرات، سونے کا کام

تیزابی رُوئی : تیزاب میں بسی ہوئی آتشگیر روئی۔ بارودی رُوئی۔ gun-cotton

تیغہ : (مذ) چوڑے پھل والی تلوار

تیغ بردار : ننگی تلوار لے کر سوار کے ساتھ چلنے والا

ٹپا : (مذ) بندوق کی گولی کی زد

ٹپا کھانا : گولی کا کسی سخت چیز سے ٹکرا کر اچھلنا

ٹرّا : (مذ) بارود کا دانہ۔ چھرّا

ٹِکٹکی : (مث) لکڑی یا لوہے کا ایک ڈھانچہ جس پر مجرموں کے ہاتھ پیر باندھ کر کوڑے مارے جاتے تھے

ٹِکٹکی سے باندھنا: تپائی یا لکڑیوں کے ساتھ باندھ کر مارنا

ٹوپی : (مث) بندوق کا پٹاخہ جس پر گھوڑے کی چوٹ سے آگ نکلتی ہے

ٹوپی دار : وہ اسلحہ جس میں بارود ڈال کر اور ٹوپی چڑھا کر چلایا جائے

ٹھانسا : (مذ) بندوق کی ڈاٹ یا اس کے اندر بھرا جانے والا چیتھڑا

ٹھیکرا : (مذ) بندوق کے گھوڑے کا اوپری حصہ

جراثیمی جنگ: بیماری کے جراثیموں کا جنگ میں بطور ہتھیار استعمال۔

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



biological warfare

جوہری اَنداختہ: atomic missile

چار آئینہ : (مذ) میدان جنگ میں ہاتھی گھوڑوں کو پہنائی جانے والی آہنی پوشاک۔ پاکھر

چپراس مارنا : (مث) حریف کی پنڈلی پر پاؤں کی ضرب لگانا

چانپ : (مث) بندوق کے کندے کو نال سے جوڑنے والا پرزہ

چموٹی :(مث) قیدی کے ٹخنے میں لگایا جانے والا چمڑا تا کہ وہ بیڑیوں کی رگڑ سے بچ سکے

چومیخا کرنا : ایک سزا جس میں مجرم کو چت یا اوندھا لٹا کر اسکے چاروں ہاتھ پاؤں چار گڑی ہوئی میخوں سے باندھ کر اسے اذیت دی جاتی ہے

حُکم انداز : وہ تیر انداز جس کا نشانہ کبھی نہ چُوکے

حیاتیاتی جنگ: جراثیمی جنگ۔ biological warfare

خام پارہ : (مث) چھوٹی توپ

خطِ حرکت : بندوق سے نکلی گولی کا خم دار راستہ۔ trajectory

خوش غلاف : اشارے سے میان میں سے نکل آنے والی تلوار

خیمہ بردار : فوج کا ادنیٰ غیر مصافی ملازم۔camp follower

دارابی : (مث) رسّی جس سے توپ کھینچتے ہیں

دائرۂ عمل : (مذ) سپاہی کی گشت کی حدود۔ beat

دربندی : (مث) تلاشی لینے سے پہلے مکان کے دروازے بند کر دینا

دِرع : (مذ) لڑائی میں پہنا جانے والا فولاد کی جالی سے بنا لباس۔ زِرہ

دُرفش : (مذ) لڑائی کے وقت سر پر باندھا جانے والا کپڑا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



دستۂ قتل : (مذ) کسی کو موت کے گھاٹ اتارنے کے لیے ترتیب دیا گیا گروہ۔

death squad

دفاعی فصیل : قلعے کی دیوار کی اوپر کا چوڑا حصہ جہاں حفاظتی انتظامات کیے جاتے ہیں ۔

rampart

دفاعی میکانیت: defence mechanism

دوپائے پر چڑھانا: بندوق کے دونوں گھوڑے آخری حد پر چڑھا لینا

دُھس : (مذ) لکڑیوں کا بنا مورچہ

ڈھکّی : (مث) شکار کے انتظار میں چھپ کر بیٹھنے کی جگہ

ڈھلیت : (مذ) وہ شخص جو ہر وقت تلوار ڈھال باندھے رہتا ہو

ذِراع : (مذ) نیزے کے سرے سے لے کر درمیان تک کا حصہ

رَتواہی : (مث) رات کے وقت بے خبری میں حملہ۔شبخون

رِکابی : (مث) گھوڑے کے پہلو میں لٹکنے والی تلوار

رنجک : (مث) بندوق یا توپ کے پیالے میں آگ دینے کے لیے رکھی جانے والی بارود

رنجک اُڑانا : توپ کے پیالے کی بارود میں آگ دینا۔فلیتہ لگانا

رنجک پلانا : توپ کے پیالے میں بارود رکھنا۔رنجک ڈالنا۔رنجک رکھنا

رنجک چاٹ جانا: بندوق یا گاڑی کے اِنجن کا نہ چلنا

رَند : (مذ) قلعہ یا شہر پناہ کی دیوار میں دشمن پر بندوقیں چلانے کے لیے رکھے گئے روزن۔مُوکھے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



رہبردہ اَنداختہ: (مذ) مُنضبِط مِزائیل۔ guided missile

زِہ گیر : (مذ) سینگ یا ہڈی کا چھلّہ جسے انگوٹھے میں پہن کر کمان کا چِلّہ کھینچا جاتا ہے

ساق پوش : (مذ) ٹخنے کے اوپر جوتے کو ڈھکنے کے لیے پہنا جانے والا کپڑا

سرِ اَنداختہ : مِزائل کا دھماکے سے پھٹنے والا منہ۔ warhead

سُوفار : (مذ) تیر کی چُٹکی

سُولی : (مث) ایک چوبی آلہ جس میں مجرموں کہ ہاتھ پیروں میں میخیں گاڑ کر لٹکا دیتے تھے

شانہ رَسن : کاندھے کے گرد باندھی جانے والی سپاہی کی چھوٹی رسی۔ lanyard

شبخُون : (مذ) رات کے وقت بے خبری میں حملہ۔ رتواہی

شکار کی ٹٹی : (مث) ایک چھوٹی سی ٹٹی (پردہ) جس پر جھاڑیوں کی ٹہنیاں، پتے اور گھاس وغیرہ لگا کر اپنے آپ کو چھپانے کے لیے شکاری اپنے پاس رکھتا ہے۔ camouflage ۔ کیموفلاژ

شِل : (مذ) مچھلی مارنے کا نیزہ

شِلک : (مث) بندوقوں، توپوں کی مسلسل باڑ

شمعِ وِیری : پستول سے ہوا میں داغا جانے والا ایک رنگین شعلہ جس کی روشنی میں رات کو دیکھا جاسکتا ہے یا جس سے کسی کو مخصوص اشارہ دیا جاتا ہے۔ اسے سیموئیل وِیری نے ایجاد کیا تھا۔ Very Light

شہر پناہ : مٹی کی بنی ہوئی حفاظتی دیوار۔ فصیل۔ دفاعی انتظامات۔ bulwark

طبلی : (مث) وہ تھیلی جس میں بندوق کا سامان رکھتے ہیں

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



طلایہ : (مث) شہر کی حفاظت کے لیے رات کو گشت کرنے والی فوج

طلایہ گردی : رات کی گشت۔ night patroling

طلیعہ : (مذ) فوج کے آگے دشمن کی نقل و حرکت کا پتہ لگانے والی فوجی ٹکڑی۔

forward patrol

طیارہ بردار : سمندری جہاز جس پر سے بمبار لڑاکو طیارے اڑ کر حملہ کرتے ہیں اور پھر وہیں واپس آجاتے ہیں

عالمگیر رہبر دہ انداختہ : inter continental ballistic missile

عقوبت خانہ : (مذ) قیدی کو اذیت دینے کی جگہ۔ torture chamber

غُلیل : (مث) چوٹ پہنچانے کی غرض سے دوشاخہ لکڑی پر باندھے گئے ربڑ سے چھوٹا کنکر یا غُلّہ پھینکنے کا آلہ۔ sling

غُلّہ : غلیل سے پھینکے جانے والا کنکر

غول : (مذ) فوج کا مرکزی دستہ

غیر مُصافی : نہ لڑنے والا۔ غیر مبارِز۔ non-combatant

فرشی دروازہ : (مذ) فرش پر چور دروازہ جس میں سے کوئی بھی نیچے گر کر قید ہو جاتا ہے۔

trap door

فضائی مبارزہ : (مذ) ہوا میں جنگی طیاروں کی جھڑپ۔ air to air combat

فلاخن : (مث و مذ) رسی کا پھندا جس میں رکھ کر پتھر پھینکا جاتا ہے۔ فلاسنگ۔ گوپھن

فُلترُو : (مذ) بندوق کی نالی صاف کرنے والی ڈور جس کے آگے کپڑا بندھا ہوتا ہے۔ Pullthrough

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



فوجی انخلا : کسی خطے سے فوج کا نکاس۔ troops evacuation

قراوَل : (مذ) بندوق سے شکار کرنے والا آگے بڑھ کر دشمن کی نقل و حرکت پر نظر رکھنے والا فوجی دستہ۔ patrol party

قرولی : (مذ) کمر سے لٹکانے والا شکاری چاقو

قورخانہ : (مذ) اسلحہ خانہ۔ armoury

کاٹھ مارنا : (مذ) سزا کی غرض سے کسی کے ہاتھوں اور گردن کو لکڑی کے تختے میں بنے سوراخوں میں کسنا۔ تعزیری شکنجہ

کانٹی : (مث) مجرم کے پاؤں کی بیڑی

کِتاف : (مذ) پشت پر ہاتھ باندھنے کی رسی

کِر جانا : کسی دھار دار چیز کی دھار ٹوٹ جانا

کرچ : (مث) ایک قسم کی لمبی تلوار

کمر کرنا : گھوڑے کا کمر کو یوں اچھالنا کہ سوار کو گرنے کا اندیشہ ہونے لگے

کمر کُشائی : پیٹی اتارنا۔ سپاہیوں کا کمر سے ہتھیار کھولنا

کمِین : (مث) گھات۔ دشمن یا شکار کے انتظار میں چھپ کر بیٹھنا

کمِین گاہ : (مث) گھات کی جگہ۔ جہاں چھپ کر دشمن یا شکار پر حملہ کرتے ہیں

کوٹھی : (مث) بندوق کا خزانہ جس میں بارود جا کر ٹھہرتی ہے

کیکری : (مث) قمیض کے بازو کے اوپری حصے پر پہنی جانے والی کپڑے کی نوکدار پٹی جس سے پولیس یا فوج کے سپاہی کے عہدے کا پتہ چلتا ہے

گاڑا : (مذ) گھات کی جگہ۔ کمین گاہ۔ کمین گاہ میں بیٹھے ہوئے لوگ۔

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



ambush

گاڑا بیٹھنا : شکاریوں کا گھات میں بیٹھنا، بٹھانا۔ گاڑا لگانا

گانسی : (مث) تیر میں لگایا جانے والا لوہے کا پھل

گُپتی : (مث) دستی چھڑی کے اندر مخفی تلوار

گدکا : (مذ) چمڑے کا مڑا ہوا ڈنڈا۔ گتکا

رگراب : (مذ) کارتوس کے چھرّوں سے بڑی گولی۔ موٹا چھرّا

گُرز : (مذ) ایک ہتھیار جسے پکڑنے کا حصہ پتلا اور چوٹ کرنے کا حصہ موٹا ہوتا ہے

گھاتی : (مذ) گھات میں رہنے والا۔ گھاتیا

گھاٹ : (مذ) وہ جگہ جہاں سے تلوار کا خم شروع ہوتا ہے

گوکھرو : (مذ) لوہے کے بنائے گئے سہ گوشہ کانٹے جنہیں دشمن کے رستے میں بکھیر دیتے ہیں

گولا لاٹھی کرنا: (مذ) ہاتھ پیر باندھ کر گھٹنوں کے اندر لاٹھی دے کر اٹھانا۔ ایک قسم کی سزا

گولی بیٹھنا : گولی لگ جانا

گولی کا ٹپا : (مذ) بندوق کا کارگر حلقۂ مار۔ effective range

لبلبی : (مث) بندوق، پستول کا وہ پرزہ جسے دبانے سے گھوڑا گرتا ہے۔ trigger

لپاڈگی : (مث) گھونسوں اور تھپڑوں کی لڑائی

لین ڈوری : (مث) فوج کے کوچ سے پہلے روانہ کیا جانے والا فوجی سامان

مبارِز : دوبدو لڑنے والا۔ مُصافی۔ combatant

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



مبارزت : (مث)۔ combat

مبارِزہ : (مذ) آمنے سامنے ہو کر لڑنا

مُتارکہ : (مث) عارضی صُلح ۔ اِلتوائے جنگ۔ truce

مُٹھیا : (مث) کمان پر ہاتھ رکھنے کی جگہ

مسماری : مسمار کر دینے والا۔ تباہ کُن۔ blockbuster

مَصافِیات : (مث) فوجی حکمت عملی۔ مَصافیاتی

مُعسکر : (مذ) لشکرگاہ۔ چھاؤنی۔ cantonment

مِغفر : (مذ) لوہے کی جالی جو خود کے اندر میدان جنگ میں پہنی جاتی تھی

مکھی : (مث) بندوق کی نال کے آخری سرے پر لگی مکھی۔ gun sight

مِنجنیق : (مذ) سنگباری کی قدیم دستی مشین

مِنقلا : (مذ) لشکر سے آگے رہنے والا فوجی دستہ۔ ہراوَل

موٹھڑا : (مذ) تلوار، کٹار وغیرہ پر طلائی یا نقرئی کام

مولا بخش : (مذ) بادشاہ اکبر کے زمانے میں بنایا جانے والا ایک بڑا جوتا جس سے مجرموں کو سزا دی جاتی تھی

مہم جو دستہ : (مذ) expeditionary force

مَیسَرہ : (مَے س رَہ۔مث) بائیں جانب، بائیں طرف کی فوج

میمنہ : (مذ) دائیں جانب، دائیں طرف کی فوج

ناف : (مث) جنگی طیارے میں توپچی gunner، جہاز راں یا سمت وار

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



(navigator) کے بیٹھنے کی جگہ

ورسا : (مث) سپاہیوں کی قواعِد

ہتھ کٹی : (مث) حریف کا ہاتھ بیکار کرنے کے لیے لگائی جانے والی ضرب

اُچنا : نشانہ صحیح نہ بیٹھنا

ہوابرداشتہ : جہاز میں جانے والی (فوج)۔ اُڑ رہا جہاز۔ airborne

ہراوَل : فوج کا وہ حصہ جو آگے بھیجا جائے۔ مُقدِمہ ۔ strike force

## کھیلوں سے متعلق

آتی پاتی : (مث) چاندنی رات میں کھیلے جانے والا لڑکوں کا ایک کھیل۔ پہاڑوا

آڑا گوڑی : (مذ) کشتی کا داؤ، حریف کی ٹانگ میں ٹانگ پھنسا کر گرانا، ٹنگڑی مار کر گرانا

آلو شفتالو : (مذ) بچوں کا ایک کھیل

آنکھ مچولی : (مث) ،، ،،

آنٹی : (مث) حریف کی ٹانگ میں ٹانگ پھنسا کر گرانے کا داؤ۔ کُشتی کا ایک داؤ۔ آنٹی مارنا یا لگانا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


آنٹی کاٹنا : آنٹی کے داؤ کی کاٹ کرنا

آندُو : (مث) زنجیر جسے نامی پہلوان کُشتی جیتنے پر پاؤں میں پہنتے ہیں

اِبّی دِبّی : (مث) گُلی ڈنڈے کے کھیل میں جب گُلی کو اچھال کر ڈنڈے پر روکتے ہیں تو ضرب اول کو اِبّی اور ضرب دوم کو دِبّی کہتے ہیں

اٹکن بٹکن : (مذ) بچوں کا ایک کھیل

اڑانی : (مث) دوسرے کی ٹانگ میں ٹانگ اڑا کر پکڑنے کا داؤ

اڑنگا : (مذ) کُشتی میں ٹانگ اڑانے کا داؤ۔ کمر پہ لے کر پٹکنا۔ cross buttock

اُفقی جھولا : (مذ) گول گھومنے والا جھولا۔ merry-go-round

اِکّا : (مذ) پہلوانوں کا مگدر

بغلی (مذ) کشتی کا ایک داؤ

بھنبھیری : (مث) لٹو کی شکل کا تیزی سے گھومنے والا ایک کھلونا۔ بھمبیری

پابانسا : (مذ) دو لمبے بانس یا لاٹھیاں جن پر زمین سے تھوڑی اونچائی پر لکڑی کے دو پائے میخوں سے ٹھوکے جاتے ہیں اور ان پایوں پر پیر رکھ کر بچے تفریحاً چلتے ہیں۔ stilt

پاسا : (مذ) لکڑی کا شش پہلو ٹکڑا جسے چوسر کے کھیل میں کھلاڑی باری باری پھینکتے ہیں۔ قُرعہ۔ پانسا

پانسہ : (مذ) ایک مکعب جس کی چھ مربع سطحوں پر 1 سے 6 تک نمبر ہوتے ہیں اور جسے ایک ہموار سطح پر پھینک کر داؤ لگایا جاتا ہے۔ کعبتین

پانی ہارنا : مرغوں یا پرندوں کی لڑائی میں اگر کوئی ایک تھک جائے اور اسے اٹھا کر

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



پانی وغیرہ دے کرتازہ دم کیا جائے تو اِسے ایک بار پانی ہارنا کہتے ہیں۔
جیت ہار کے لئے پانی ہارنے کی تعداد مقرر کر لی جاتی ہے

پپیا : (مذ) آم کی گٹھلی سے نکالی ہوئی گری جسے ایک طرف سے ترچھا گھس کر اس میں پھونک مار کر پیں پیں کی آواز نکالتے ہیں

پَچیت : پہلوانی کے داؤں پیچ جاننے والا

پڈّا : (مذ) غُلیل میں غُلہ رکھ کر چلانے کی جگہ

پری بند : (مذ) کُشتی کا ایک داؤ

پُشتی : فُٹ بال میں ...full back، نیم پُشتی ....half back

پہاڑوا : (مذ) آتی پاتی کا کھیل

پھِسلنی : (مث) تھوڑی اونچائی سے بچوں کے پھسلنے کے لیے ایک ترچھی ملائم سطح۔ slide

پیراک : تیرنے والا

پیش قبض : (مذ) کشتی کا ایک پیچ

تِکلا : (مذ) ہاتھ کے انگوٹھے اور چھنگلی پر لپیٹ کر بنائی جانے والی پتنگ کی ڈور کی گُچھی

تن ساز : کسرت کر کے جسم کے پٹھوں اور عضلات کو ابھارنے والا۔ body builder

تن سازی : کسرت کر کے جسم کے پٹھوں اور عضلات کو ابھارنا۔ body building

تِیرچا : (مذ) پتنگ کاگز

تیغا : (مذ) کشتی کا ایک داؤ

ٹاپ : (مذ) مگدر کا نچلا موٹا حصہ

ٹانک : (مذ) 24 یا 25 سیر کا وزن جسے کمان کے چلے سے لٹکا کر کھینچتے ہیں۔ پورا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


چلہ چڑھانے کو ایک ٹانک کہتے ہیں

ٹپّا کھانا : گیند کا کسی چیز سے ٹکرا کر اچھلنا

ٹِلٹِلکی پر کھڑا کرنا: مرغوں کی لڑائی میں جب ایک مرغ لڑتے ہوئے دوسرے کی ضرب سے مر جاتا ہے تو زمین میں تین لکڑیاں گاڑ کر مرغ کی لاش اوپر رکھی جاتی ہے اور زندہ مرغ کو لاش پر کھڑا کیا جاتا ہے۔ اگر وہ لات مار کر مرغ کو نیچے گرا دے تو اسے فاتح مان لیا جاتا ہے اور بھاگ جائے تو بازی ہار گیا مانا جاتا ہے

ٹھاٹر : (مذ) بانس کی پھچیوں یا سرکنڈوں اور پھوس سے بنا ہوا پردہ یا چھوٹی سی دیوار جس کی آڑ میں شکاری شکار کے آنے کا انتظار کرتے ہیں۔ ٹٹی۔

ٹھمکی : (مث) پتنگ کو ہوا میں کھڑا کرنے کے لیے ہلکا سا جھٹکا۔ ٹھمکانا

جھپ کھانا : (مث) پیندی کے بل پتنگ کا گر جانا

جھائیں مائیں: (مذ) بچوں کا ایک کھیل جس میں وہ چک پھیرتے جاتے ہیں اور کوؤں کی طرح کائیں کائیں کرتے جاتے ہیں

چک پھیری : (مث) دو لڑکیوں کا آمنے سامنے کھڑے ہو کر ایک دوسرے کے ہاتھ پکڑ کر ایڑیوں پر حلقے میں گھومنے کا کھیل

چموّرانی : (مث) بچوں کا ایک کھیل

چوسر : (مث) بساط پر گوٹوں سے کھیلا جانے والا ایک قدیم کھیل

چوکی دوڑ :(مث) دوڑ کا مقابلہ جس میں شُرکا پورے فاصلے کا تھوڑا سا مخصوص حصہ ہی دوڑتے ہیں اور وہاں سے آگے ان کی جگہ ان کا ساتھی دوڑ پڑتا ہے۔ relay race

چھکڑی : (مث) چوسر کا ایک داؤ جس میں تینوں پانسوں میں دو دو صفر آتے ہیں

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



دھاپ : (مذ) مِنار کے دوڑ کر طے کیا جانے والا فاصلہ

دھوبی پاٹ : (مذ) کشتی کا ایک داؤ

ڈولا : (مذ) گہوارہ۔ جھولا۔ ہنڈولا

زرگری : (مث) نورا کشتی۔ کمالا۔ جھوٹ موٹ کی نمائشی لڑائی۔

shadow boxing, Friendly match

عکس بین : (مث) شیشے کے لمبے ٹکڑوں سے بنا بچوں کا کھلونا جس میں کانچ کے رنگین ٹکڑوں کو ڈال کر ہلانے سے دلکش عکس نظر آتے ہیں۔ عکس نما۔

kaleidoscope

غُلّہ : (مذ) چھوٹی سی کنکری جسے غُلیل میں رکھ کر پھینکا جاتا ہے۔ غلولہ

غوط : (مذ) پتنگ کا اوپر سے نیچے کو آنا

غوط دینا : پتنگ کو اوپر سے نیچے لانا۔ ڈُبکی دینا

غوطم چارہ : ایک پتنگ کو بار بار دوسری پر گرا کر ہٹا لینا

غولِ صندوق : (مذ) بچوں کا جو کریا بھتنے جیسا کھلونا جو صندوقچے کا ڈھکن کھُلتے ہی اسپرنگ سے اچھل کر باہر آجاتا ہے۔ jack-in-the-box

قینچی کرنا : پنجہ کشوں کی اصطلاح میں پنجہ لڑاتے وقت ہاتھ کو جھٹکا دینا

کانٹی : (مث) اینٹ پتھر یا کچھ چھوٹی وزنی چیز جسے بچے ڈور میں باندھ کر لڑاتے ہیں۔ لنگر

کُٹکی : (مث) ڈور پر لگایا گیا دانتوں سے نشان لگانا تا کہ پتنگ ٹوٹ جائے۔ کُٹکی لگانا۔ کُٹکی دینا۔ کھٹکی

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


کعبتین : (مذ) ایک مکعب جس کی چھ مربع سطحوں پر 1 سے 6 تک نمبر ہوتے ہیں
اور جسے ایک ہموار سطح پر پھینک کر داؤ لگایا جاتا ہے۔ پانسہ

کلاجنگ : (مذ) کُشتی کا ایک داؤ

کنّا : (مذ) پتنگ کا وہ حصہ جہاں ڈور باندھتے ہیں

کنّی : (مث) پتنگ کا بازو

کنّی باندھنا : پتنگ کے بازو میں کوئی دھجی باندھ کر دونوں بازوؤں کو ہم وزن کرنا

کنّی دینا : اڑانے والے سے دور لے جا کر پتنگ کو دونوں سروں سے پکڑ کر ہوا میں اچھالنا

کنّی کھانا : پتنگ کا ایک طرف سے جھک کر اُڑنا

کھسوٹا : (مذ) کُشتی کا ایک داؤ

گُچی : (مذ) چھوٹے منہ کا ننھا گڑھا جس میں بچے کوڑیاں ڈال کر کھیلتے ہیں۔
گیند ڈالنے کا چھوٹا گڑھا

گُچی پالا : (مذ) چھوٹا سا گڑھا کھود کر اس میں کچھ پھینکنے کا بچوں کا کھیل

گچھیانا : ڈور کو چرخی پر لپیٹنا

گُلّی : (مث) دو طرفہ نوک والی چھوٹی سی لکڑی جسے لڑکے ڈنڈا مار کر اچھالتے
ہیں۔ گُلّی ڈنڈا

گھِسّم گھِسّا : ایک دوسرے کو رگڑے دینا۔ دو پتنگوں کی ڈوروں کا ایک دوسرے کو
رگڑے دینا

لُکان : (مذ) کُشتی کا ایک داؤ جس میں مقابل کو تھکا کر نیچے لاتے ہیں

لنگڑ : (مذ) اینٹ پتھر یا کچھ چھوٹی وزنی چیز جسے بچے ڈور میں باندھ کر لڑاتے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


ہیں۔کانٹی

لیری : (مث) پتنگ کے نچلے حصہ میں لگائی جانیوالی لمبی دھجی

مارتھونی دوڑ : (مث) 490ق م میں پرشیا میں میراتھن کے مقام پر یونانی فتح کی خبر کو 20 میل کی دوری پر واقع ایتھنز تک ایک سپاہی نے بنارُکے دوڑتے ہوئے پہنچایا تھا۔تب سے یہ اصطلاح بطور بے پناہ قوت برداشت وجود میں آئی ہے۔Marathon

مانجھا : (مذ) پتنگ کی ڈور کو کاٹ دار بنانے کے لیے اس پر پھیرا جانے والا کلف دار مسالا

مڈھا : (مذ) پتنگ کا سرا

مُگدر : (مذ) ورزش کی بھاری لکڑی

ہُول : (مث) شمشیر زنی یا مُکے بازی میں سارا زور آگے کو لگا کر جھپٹنا

نرد : (مث) چوسر کی گوٹ۔شطرنج کا مہرہ

نرد بازی : پندرہ گوٹوں سے کھیلی جانے والی شطرنج کی قسم کا کھیل۔چوسر

نے سوار : کم سِن لڑکا جو لکڑی یا ڈنڈے کو گھوڑا قرار دے کر اس پر سوار ہو کر بھاگتا ہے

نورا کشتی : (مث)۔کمالا۔زرگری۔جھوٹ موٹ کی نمائشی لڑائی۔

shadow boxing, Friendly match

ہتھ جوڑی : (مث) کشتی میں پہلوانوں کا ہاتھ ملانا

❁❁❁

Kashmir Treasures Collection, Digitization by eGangotri

# گاڑی

ارابہ : (مث) بیل گاڑی، چھکڑا، سامان لانے کی گاڑی

اُلار : (مذ) پچھلے حصے میں بوجھ زیادہ ہونے سے گاڑی کے اگلے حصے کا اوپر کو اٹھ جانا

بمبوکاٹ : بانس اور لکڑی سے بنا ہوا ٹھیلا۔ bamboo cart

بہل : (مذ) سواری کے لیے بیلوں کی گاڑی۔ بہلی

بہنگی : (مث) ایک لمبی لچکدار لکڑی جس کے دونوں سروں سے لٹکتی رسیوں کو کسی پینڈے سے باندھ کر اس میں کوئی بھی سامان رکھ کر، اور لکڑی کو درمیان سے کاندھے پر اٹھا کر لے جایا جاتا ہے

پرَتل : (مذ) گھوڑے یا سواری کے جانور پر لادے جانے والا سوار کا سامان

تان : (مث) پلنگ، پالکی، گاڑی وغیرہ کی آہنی سلاخ

تُلاوا : (مذ) گاڑی کی وہ لکڑی جس پر اس کا بوجھ تُلا رہتا ہے

ٹھیلہ : (مذ) ایک یا دو پہیوں والی ہاتھ سے کھینچے جانے والی گاڑی۔ ہتھ گاڑی barrow

ٹِکانی : (مث) چھتری کے ڈنڈوں کی جھونک سنبھالنے کے لیے گاڑی میں لگائی جانے والی لکڑی

جُوا : (مذ) لکڑی کا چوکھٹا جو ہل یا گاڑی کھینچنے والے بیلوں کے کاندھوں پر رکھا جاتا ہے

چھاج : (مذ) بگھی کے آگے کا وہ حصہ جس کے نیچے کوچوان کے پاؤں اور اوپر

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



گھوڑے کی راس رہتی ہے

چھکڑا : (مذ) اسباب لادنے کی بڑی گاڑی۔ گڈا

چھکڑی : (مث) گاڑی میں ایک ساتھ جُتے ہوئے چھ گھوڑے

دانتوا : (مذ) چھکڑے کے پچھلے حصے میں سامان رکھنے کی جگہ

دواسپہ : (مث) دو گھوڑوں سے کھینچے جانے والی گاڑی یا سائیکل جسے دو لوگ چلاتے ہیں

رنجک چاٹ جانا: اِنجن یا بندوق کا نہ چلنا

سانگی : (مذ) گاڑی کے آگے کا حصہ جس کے دونوں طرف لکڑیاں باندھ کر جال بُن دیتے ہیں تاکہ سامان نہ گرنے پائے۔ بیل گاڑی کا جُوا

,, : گاڑی بان کے بیٹھنے کی جگہ

کرانچی : (مث) اسباب لادنے کی گاڑی جسے بیل یا اونٹ کھینچتے ہیں

کڑ : گاڑی یا چھکڑے کا اُلٹ جانا

کمر کرنا : پہلوان کا مخالف کی کمر میں داؤ لگانا

گاڑی : (مث) سامان لادنے یا سوار ہونے کی پہیہ دار چیز۔ اس میں چھکڑا، بیل گاڑی، تانگہ، رتھ اور ڈیزل، پٹرول سے چلنے والی گاڑیاں بھی شامل ہیں

گڈّا : (مذ) بوجھ لانے لے جانے کی گاڑی۔ چھکڑا

لینڈو :(مث) چار پہیوں کی گاڑی جس کی چھت گرائی جاسکتی ہے۔ فٹن۔ Landau

ماچی : (مث) گاڑی کے پیچھے سامان رکھنے والا جالی دار تھیلا

ہتھ گاڑی : (مث) ہاتھوں سے دھکیل کر چلایا جانے والا ایک یا دو پہیے کا ٹھیلا۔ wheel barrow

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



# لباس سے متعلق

آڑبند : (مذ)ایک کپڑا جسے دھوتی کی طرح لپیٹ کر آگا پیچھا ڈھکتے ہیں۔ کچھا۔ ایک طرح کا لنگوٹ۔ آڑبندن

آڑا پاجامہ : (مذ)چوڑی دار پاجامہ

آڑی بیل : (مث)ترچھی بیل جو زنانہ کپڑوں پر لگائی، کاڑھی جاتی ہے

آڑی گوٹ : (مث)ترچھی تراش کی گوٹ

آنول پتی : (مث)ایک قسم کی سلائی جس میں دونوں طرف پتی کی طرح آڑے ترچھے ٹانکے مارے جاتے ہیں

ابرا : (مذ)دہرے کپڑے کی اوپری پرت۔ ابرہ

اِزار : (مث)پاجامہ۔ شلوار۔ سُتھن

اِزار بند : (مذ)ناڑا۔ کمربند

اساڑھا : (مذ)باریک بٹے ریشم کا تاگا

استر : (مذ)دوہرے کپڑے کی نیچے کی تہہ

اُگار : (مذ) کپڑا رنگنے پر بچا ہوا پانی جسے پھینک دیا جاتا ہے۔ نچڑ کر آہستہ آہستہ اکٹھا ہونے والا پانی

الپاکا : مُلک پیرو کی ایک بھیڑ جس کی اون سے کپڑا بنتا ہے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



انٹی : (مث) دھوتی کا وہ حصہ جو کمر کے گرد باندھتے ہیں

اَنٹیانا : چاروں انگلیوں پر لپیٹ کر ڈور کا گولہ بنانا

انڈوا : (مذ) کپڑے یا بان کی کُنڈلی یا حلقہ جسے مزدور سر پر رکھ کر اس پر بوجھ رکھتا ہے

انگُشتانہ : کپڑے میں سوئی چلانے کے لئے انگلی میں پہنی جانے والی دھات کی انگوٹھی ۔ thimble

انگوچھا : (مذ) بدن پونچھنے کا پتلا کپڑا

انگیا : (مث) عورت کی چھاتیاں ڈھکنے کا کپڑا۔ سینہ بند۔ شاماک

اوٹچہ : (مث) سفید حاشیے کی پھولدار چادر جس کے حاشیہ دار کنارے بستر کے باہر لٹکتے رہتے ہیں

بادلا : (مذ) چاندی سونے سے بُنا جانے والا زری کا کپڑا۔ بادلہ

بالا پوش : (مذ) اوورکوٹ

بتام : (مذ) بوتام ۔ بٹن

بانا : (مذ) کپڑے کی بُنائی میں چوڑائی کی طرف لگے ہوئے تاگے

برساتی : (مث) بارش میں پہنا جانے والا گھٹنوں تک لمبا کوٹ جس پر پانی نہیں ٹھہرتا

بطانہ : (مذ) پگڑی کے نیچے پہننے کا کپڑا، ٹوپی۔ طاقیہ۔ زیر پیچ

بُغارہ : (مذ) کپڑے یا دیوار کا بڑا چھید

بُکرم : (مذ) کوٹ وغیرہ کی آستین میں تہ کے طور پر لگایا جانے والا موٹا، کھردرا کپڑا۔ کلف یا آہار لگا ہوا کپڑا۔ buckram

بکسُوا : (مذ) کپڑے کے دو حصوں کو آپس میں جوڑ کر رکھنے والا لوہے کا پتلا سا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



کانٹا جس کے دوسرے سرے میں اسے روکنے کے لیے حلقہ بنا ہوتا ہے۔ safety pin

بُکل مارنا : شال، کمبلی یا پھڑکی کو دونوں کاندھوں پر لپیٹنا

بُگی مارنا : بغل کے نیچے سے کپڑا نکال کر کندھے کے اوپر باندھنا

بنڈی : (مث) آستینوں کے بغیر چھوٹا کوٹ

بے انگشت دستانہ: (مذ) ایسا دستانہ جو انگلیوں کے سروں کو نہ ڈھکے۔ mitten

پا افشار : (مث) کھڑاوں

پاپاخ : (مث) سیاہ دُنبے کی کھال کی لمبی ٹوپی

پاپوش : (مذ) جوتا

پاتابہ : (مذ) تلا۔ جوتے کے اندر رکھا جانے والا پتلا چمڑا

پان : (مذ) لنگوٹ کے اوپر باندھنے کا کپڑا

پٹکا : (مذ) کمر بند۔ کمر میں باندھی جانے والی کپڑے کی چوڑی پٹی

پٹھا : (مذ) اطلس کی یا ساٹن کی چوڑی گوٹ جو دوپٹوں اور لُنگیوں میں لگائی جاتی ہے

پچھاوا : (مذ) انگیا کا پیٹھ کے پیچھے والا حصہ۔ پچھایا

پردہ : (مذ) انگرکھے کا سینہ

پرنیاں : (مذ) ایک قسم کا پھولدار ریشمی کپڑا۔ دیبا

پسوج : (مث) کچی سلائی، جس پر باریک سلائی کرتے ہیں۔ تاگنا۔ تیپچی

پشواز : (مذ) عورتوں کا لہنگا

پنبئی : (مث) وہ کپڑا جس میں روئی بھری ہوئی ہو

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



پوستین : (مث و مذ) کھال سے بنا ہوا کوٹ

پُونی : (مث) کاتنے کے لیے بنائی گئی روئی کی جوف دار بتی

پونیا : (پُونِیا۔مذ) معمولی سے کم عرض والا کپڑا۔ کپڑے کا تھان جس کا طول دوسرے تھانوں سے کم ہو

پھال : (مذ) شیر خوار بچے کا تن ڈھانپنے کا کپڑا

پھڑکی : (مث) موٹا پردہ جسے جسم پر بھی لپیٹا جاتا ہے

پھُندنا : دھاگوں یا ریشم سے بنایا گیا پھولوں کا گچھا جو ٹوپی کے اوپر لگایا جاتا ہے

پھینچنا : صابن کے بغیر کپڑا دھونا۔ کھنگالنا

پیش بند : (مذ) کھانا پکاتے وقت کپڑوں کو چھینٹوں سے بچانے کے لیے جسم کے آگے باندھا جانے والا ڈھیلا کپڑا۔apron

پیشواز : (مذ) عورتوں کا ایک گھیر دار لباس

پیمک : (مذ) سنہرا گوٹہ جو ٹوپیوں، انگرکھوں میں لگاتے ہیں

تارتوڑ : (مذ) کپڑے پر سوئی سے کیا جانے والا ایک کام

تارشمار : (مذ) ایک قسم کا کپڑا جس سے دُلہنوں کے دوپٹے بنائے جاتے ہیں

تارنکالنا : کشیدے کے لیے کسی کپڑے میں دھاگے نکالنا

تاش : (مذ) ایک قسم کا ریشمی زری کا کپڑا

تافتہ : (مذ) ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا

تاگنا : کچی سلائی کرنا۔ تیپچی۔پسوج

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



تانا : (مذ) کپڑے کی بُنائی میں لمبائی کی طرف لگے ہوئے تاگے

تانا بانا : (مذ) کپڑے کی بُنائی میں طول وعرض میں لگے ہوئے تاگے

تانی : (مث) تنے ہوئے دھاگے جنہیں بُننے کے لیے تیار کیا جاتا ہے

تبلی : (مث) کئی دھاگے بٹ کر بنائی گئی ڈور

تختہ : (مذ) کپڑا دھونے کے لیے دھوبی کا پٹڑا

تُرنج : (مذ) کارچوبی کام میں شال کے کونوں پر بنائی جانے والی پان کی شکل

تَریز : (مث) کُرتے کے چوڑے منہ کی کلی جو چو بغلے کے نیچے پڑتی ہے

تکمہ : (مذ) بٹن لگانے کا سوراخ۔ کاج

تگائی : (مث) رضائی کی سلائی۔ تاگا ڈلوانے کی اُجرت

تکّی : (مث) بٹے ہوئے دھاگے کا ہر ایک باریک دھاگا

تلبیس : لباس پہنانا

تلے دانی : (مث) سینے پرونے کا سامان رکھنے کے لیے چھوٹی تھیلی

تنگ پوش : چست کپڑے پہننے والا

تنیا : (تن یا۔ مذ) لنگوٹی۔ کپڑے کی دھجی جو نچلے طبقے کے مرد ستر پوشی کے لیے باندھتے ہیں

تُومیا : (مذ) باریک اور عمدہ کتا ہوا سُوت

توئی : (مث) دوپٹے کے کنارے پر لگائی جانے والی سلمیٰ ستارے لگی کپڑے پر بنی بیل۔ بُنت

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



تہ بند : (مذ) پاجامے کی جگہ بنا سلے پہنا جانے والا کپڑا۔ لنگی ۔ دھوتی ۔ تہمد (بگڑا ہوا)

تہ بندی : (مث) کپڑے کو اصلی رنگ دیے جانے سے پہلے دیا جانے والا رنگ ۔ تہ دینا۔ استر لگانا

تہمد : (مذ) پاجامے کی جگہ بنا سلے پہنا جانے والا کپڑا۔ لُنگی ۔ دھوتی (تہ بند سے بگڑا ہوا)

تھل : (مذ) منقیش کے گول پھول

تھئی : (مث) تہ کر کے رکھے ہوئے کپڑے

تیپچی : (مث) کچی سلائی ۔ تاگنا۔ پسوج ۔ ٹپا ڈالنا یا ٹپا بھرنا

ٹسر : (مذ) ادنیٰ قسم کے ریشم کا کپڑا

ٹوپا : (مذ) روئی دار ٹوپی ۔ کنٹوپ

ٹوپا : (مذ) ٹانکا ۔ سیون

ٹوگا : (مذ) ایک بڑی چادر جسے قدیم روم میں جسم پر لپیٹا جاتا تھا

جاجم : (مث) چھپا ہوا بیل بوٹے دار کپڑا

جامدانی : (مث) کڑھا ہوا پھولدار کپڑا

" : کپڑے رکھنے کے لیے چمڑے کا صندوق ۔ صندوق

جامہ وار : (مث) پھولدار چھینٹ

جامہ خانہ : (مذ) کپڑوں کی الماری ۔ wardrobe

جُگان : (مث) دھلے ہوئے کپڑوں کی گٹھری

جنگلا : (مذ) گوٹے کناری کا حاشیہ جسے دوپٹے یا کپڑے پر سیتے ہیں

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



جھول : (مث) ڈھیلی ڈھالی پوشاک۔ ہاتھی، دوسرے جانوروں پر ڈالا جانے والا کپڑا

چپراس : (مث) چپراسی کی پیٹی۔ کرتے میں کاندھے پر ڈالی جانے والی موٹی دھجی۔ چپڑاس

چکن : (مث) کشیدہ کاری۔ بیل بوٹے کا کام

چوخانہ : (مذ) وہ کپڑا جس پر مربع خانے بنے ہوئے ہوں

چوگوشیا : (مذ) چار گوشوں والی ایک ٹوپی

چُونر : (مث) کئی رنگوں میں رنگا ہوا دوپٹہ۔ چُنری

چھینٹ : (مث) رنگین چھپا ہوا بیل بوٹے دار کپڑا

حرِیر : (مذ) ریشمی کپڑا

حرِیری : (مث) ریشم کا۔ دُبلا پتلا آدمی۔ باریک

خِرقہ : (مذ) پیوند لگا کپڑا

خم چڑھانا : دھونے سے پہلے کپڑوں کو ابالنا

دِثار : (مذ) ایک قسم کا چغہ۔ یا چادر کی طرح ایک کپڑا جسے دوسرے کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ فرن

دستگی : (مذ) وہ دستانے جس پر شکاری پرندے کو بٹھاتے ہیں

دُنبالہ : (مذ) لباس کا پیٹھ والا لمبا حصہ جو زمین پر گھسٹتا رہتا ہے

دوپاڑا : (مذ) کام کرتے وقت لہنگے کو ٹانگوں پر لپیٹنا

دولائی : (مث) جاڑے میں اوڑھا جانے والا دہرا کپڑا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



ڈھیلا : (مذ) عورتوں کا موٹا اور ڈھیلا ڈھالا تہ بند، دھوتی، لہنگا

دُھسّا : (مذ) موٹی اون کی چادر۔ دُسّا۔ پشمینے کا شال

دھووَن : (مذ) استعمال کے بعد پھینک دیا جانے والا پانی۔ غُسالہ

دِیبا : (مذ) ایک قسم کا پھولدار ریشمی کپڑا۔ پرنیاں

ڈب : (مث) تہ بند کا اوپری سرا جو کمر میں اُڑس لیتے ہیں

ڈھاٹا : (مذ) داڑھی بٹھانے یا منہ چھپانے کے لیے چہرے پر باندھی جانے والی کپڑے کی پٹی

رختِ شب : (مذ) رات کو پہنا جانے والا لبادہ۔ نائیٹ گاؤن

رگیلا : (مذ) کپڑا جس کا تانا بانا ابھرا ہوا ہو

رَفل : (مث) ایک قسم کا باریک کپڑا

رفیدہ : (مذ) گول اور بدوضع سی پگڑی

رُوآں : (مذ) پشمینے کا چھوٹا ریشہ۔ روئیں (جمع)

زربفت : ریشمی کپڑا جس پر سونے چاندی کے تاروں سے کڑھائی کی جاتی ہے

زرکش : (مذ) چاندی کے تاروں سے بُنا گیا کپڑا

زنجیرہ : (مذ) زنجیر کی شکل کا بٹا ہوا ڈورا

،، : کپڑے پر کڑھا ہوا حلقہ وار سلسلہ

زیرپیچ : (مث) پگڑی کے نیچے رکھی جانے والی چھوٹی پگڑی۔ طاقیہ۔ بطانہ

زیرجامہ : (مذ) باہری کپڑوں کے اندر پہنے جانے والے کپڑے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


ساق پوش : (مذ) موٹے کپڑے یا چمڑے کی پٹی جسے گھوڑسوار یا کھلاڑی ٹخنوں سے پنڈلیوں پر کستے ہیں۔ گیٹس

سربند : (مذ) بالوں کو سنبھالنے کے لیے سر پر باندھی جانے والی کپڑے کی پٹی۔ ribbon

سَرج : (مذ) ترچھی رگوں والا ایک اونی کپڑا

سرمال : (مذ) بڑا رومال جسے تکونا کر کے سر پر ڈال کر دو سروں کو ٹھوڑی کی نیچے باندھا جاتا ہے اور تیسرا سِرا پیٹھ پر جھولتا رہتا ہے

سِنجاف : (مث) خواتین کے لباس کے کناروں پر لگائی جانے والی جھالر

سوزن کاری : کپڑے پر سوئی دھاگے سے کڑھائی۔ کارچوبی

سُوفار : (مذ) سوئی کا ناکہ

سِینہ بند : (مذ) عورت کی چھاتیاں ڈھکنے کا کپڑا۔ انگیا۔ شاماک

شاماک : (مث) عورت کی چھاتیاں ڈھکنے کا کپڑا۔ سینہ بند۔ انگیا

شبکا : (مذ) کپڑے میں پڑا ہوا شگاف

شربتی : (مذ) ایک باریک نازک مہین اور عمدہ ریشمی کپڑا

شِفان : (مث) ریشمی ململ۔ شفون

شلنگا : (مذ) دُور دُور کا ٹانکا۔ کوکا۔ میخہ۔ نِگندہ۔ کھونپ

شلُوکہ : (مذ) بچے کی ٹھوڑی کے نیچے رکھا جانے والا چھوٹا کپڑا۔ bib

" : کہنیوں تک آستینوں والا کُرتہ جو کمر تک ہوتا ہے

شَملہ : (مذ) پگڑی کے اوپر لگایا جانے والا پھُندنا۔ پگڑی کے اوپر کا سرا جو اٹھا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


رہتا ہے۔ طُرّہ

شِنیل : (مث) ایک مخملی کپڑا۔ chenille

طاقیہ : (مث) پگڑی کے نیچے رکھی جانے والی چھوٹی پگڑی۔ بطانہ۔ زیرِ پیچ

طُرّہ : (مذ) پگڑی کے اوپر لگایا جانے والا پھُندنا۔ پگڑی کے اوپر کا سرا جو اٹھا رہتا ہے۔ شملہ

طِلا بافی : (مذ) سونے کی تاریں ملا کر کپڑا بُننا

طیرانیات : طیرانیات۔ ہوابازی۔ aeronautics

طیلِساں : (مذ) چادر جو عرب کندھوں پر ڈالتے ہیں۔ جامعاتی لباس

عبا : (مذ) پاؤں تک لمبا چُغہ

عِشائی لباس : شام کی تقریب کے لیے پُر تکلف ملبوس

عِصابہ : (مذ) عورتوں کا سر پر باندھنے کا کپڑا۔ قصابہ

عصہ : (مذ) سوتے وقت سر پر باندھے جانے والا رومال

غرارہ : (مذ) گھٹنوں تک قدرے تنگ اور ٹخنوں تک نسبتاً کھلا عورتوں کا پاجامہ

فتوحی : (مث) بلا آستینوں کی کمری۔ واسکٹ۔ صدری

فرغل : (مث) روئی دار لبادہ

فُش : (مذ) پگڑی کا شملہ

فِیتا : (مذ) کم چوڑی پٹی، بنا ہوا کنارہ

قبا : (مث) آگے سے کھُلی رہنے والی ایک قسم کی اچکن، کوٹ

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri

قبقاب : (مث) پاؤں کے لیے لکڑی کا پہناوا۔ کھڑاؤں

قُطنی : رُوئی کا بنا ہوا

قصابہ : (مذ) عورتوں کا سر پر باندھنے کا کپڑا۔ عصابہ

قماط : (مث) ایک لمبی پٹی جس میں بچے کو لپیٹتے ہیں۔ swathe

کابتی : (مث) نصف بازوؤں کی واسکٹ

کاج : (مذ) بٹن لگانے کا سوراخ۔ تکمہ

کارچوبی : (مذ) کپڑے پر سوئی دھاگے سے کڑھائی۔ سوزن کاری

کامدار : زردوزی، زری کا کام

کانٹی : (مث) روئی کا ٹوڑا جو دھُنا نہ جا سکے

کتان : (مذ) ایک باریک کپڑا جس کے بارے میں غلط طور پر کہا جاتا ہے کہ یہ چاندنی رات میں پھٹ جاتا ہے

کٹاری : (مث) خنجر کی شکل کے نشان جو دھاری دار ریشمی کپڑے یا لُنگی پر ہوتے ہیں

کٹاریا : (مذ) آڑی دھاریوں والا ایک کپڑا

کُرتی : (مث) بغیر آستین کے عورتوں کے پہننے کا چھوٹا کُرتا جسے انگیا کے اوپر پہنا جاتا ہے۔ کُرتنی۔ بلاؤز

کفتان : (مذ) خواتین کا ڈھیلا ڈھالا لمبا چُغہ جس میں کمر بند ہوتا ہے۔ caftan

کلابہ : (مذ) تکلے پر لگا ہوا کچا سُوت

کلاوہ : " " "

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



کلف : (مذ) نشاستہ جیسا ایک مادہ جسے پانی میں گھول کر اس میں کپڑے بھگو دیئے جاتے ہیں تاکہ وہ اکڑ جائیں اور انہیں اِستری کیا جا سکے

کمخواب : (مذ) ریشم

کمربند : (مذ) کمر میں باندھنے کا دوپٹہ

کمرک (کمرخ): (مذ) ایک قسم کا کپڑا۔ cambric

کمری : (مث) ایک واسکٹ۔ نیمہ

کنٹوپ : (مذ) کانوں کو ڈھکنے والی ٹوپی

کُندی کرنا : موگری سے کپڑوں کو دھونا

کِنگری : (مث) کپڑوں پر لگایا جانے والا، کنگرے دار فیتہ

کنّی دار : کناری لگا ہوا کپڑا

کِواڑی : (مث) سینے کے دونوں طرف کا مردانہ قمیض کا کپڑا

کوکنا : لمبے لمبے ٹانکے، لمبی لمبی سلائی۔ کھونپ

کوش : (مث) بِنا ایڑی کے جوتا۔ سلیپر

کھاروا : (مذ) ایک قسم کا سُرخ موٹا کپڑا

کھگ : (مث) ہندوؤں کی ایک اونچی پگڑی

کھونپ : (مث) لمبے لمبے ٹانکے، لمبی لمبی سلائی۔ کوکنا۔ شلنگا۔ نگندہ۔ میخہ

کھونچ : (مث) کپڑے کی وہ جگہ جو کیل یا کانٹے سے الجھ کر پھٹ جائے۔ کھونچا (بڑی کھونچ)

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



کھیس : (مذ) اوڑھنے بچھانے کے کام آنے والا موٹا سوتی کپڑا

گاتی : (مث) چادر جسے عورتیں دونوں شانوں پر لپیٹ کر سینے پر باندھ کر گھٹنوں تک جسم ڈھک لیتی ہیں

گاتی باندھنا : چادر کو دونوں شانوں پر لپیٹ کر سینے پر باندھنے کا انداز

گُرگابی : (مث) صرف پنجے تک کی جوتی

گُل دُوز : وہ چیز جس پر جس پر پھول بوٹے کڑھے ہوں

گُل ریز : (مذ) کپڑا جس پر سُرخ پھول کڑھے ہوں

کلِیم : (مث) دھُسا، اونی کپڑا

گوہر تاب : (مذ) گرمیوں میں پہنا جانے والا عورتوں کا نہایئت مہین لباس جس میں سے بدن دکھائی دیتا ہے

گھُنڈی : (مث) ایک قسم کا بٹن

گیبرڈِین : برساتی بنانے کا کپڑا

گیئِس : پتلوُن کے دو فیتے جنہیں ناف کے دونوں اطراف میں پتلوُن سے جوڑ کر دونوں کاندھوں کے اوپر سے پیٹھ کے پیچھے کی طرف لے جا کر کمر پر پتلوُن کی بیلٹ سے جوڑا جاتا ہے تا کہ پتلون نیچے نہ ڈھلک سکے ۔

braces, suspenders

لادی : (مث) دھوبی کی گٹھری

لانگ : (مث) دھوتی کا آگے لٹکنے والا حصہ جسے ٹانگوں کے بیچ سے پیچھے اُڑس لیا جاتا ہے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



لباسِ شبینہ : شب خوابی کا لباس۔ رختِ شب۔ خانگی لبادہ۔

nightie, night dress, lingerie

لہریا : (مذ) آڑی ترچھی دھاریوں والا کپڑا

لہنگا : (مذ) کھُلے گھیرے والا بلا ٹانگوں کے غرارہ، گھاگھرا

مالیدہ : (مذ) پشمینے کا کپڑا جسے مل کر ملائم کیا جاتا ہے

مرگ پیچ : (مذ) پگڑی کا ایک خاص پیچ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس پیچ کو باندھنے والا مارنے مرنے پر آمادہ ہے

مُسجی : (مذ) چمڑے کا موزہ

مسکنا : (مَ سَک نا) زور پڑنے سے کپڑے کا ذرا سا نکل جانا۔ پھٹ جانا۔ مسک جانا

مُشجّر : کپڑا جس پر درختوں کی شکل نقش ہو

مِقنع : (مِقنعہ۔مذ) باریک چادر جسے عورتیں پردے کے لیے چہرے پر ڈالتی ہیں۔ باریک کپڑا جو دُلہن کے سہرے کے نیچے باندھتے ہیں

مُقیش : (مث و مذ) سونے چاندی کے تاروں سے بُنا گیا کپڑا

مُنڈا : (مذ) ایسا جُوتا جس کی نوک نہیں ہوتی

منڈیانا : کپڑوں کو کلف، مانڈ، چاول کی پچھ لگانا

مِنطقہ : (مذ) کمر میں باندھنے کا پٹکا

موٹھڑا : (مذ) دھاری دار سُوتی کپڑا

موگری : (مث) کپڑوں کو کوٹ کر دھونے کے لیے چوبی ٹکڑا۔ کوبی۔ کوبہ

مَولسری : (مث) ایک ریشمی کپڑا جس پر مولسری کے پھول کڑھے ہوتے ہیں

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



نِگندا : (مذ) لمبا ٹانکا۔ کوکا۔ میچہ۔ شلنگا۔ لحاف میں لگایا جانے والا لمبا ٹانکا۔
نگندے (جمع)

نمدہ : (مذ) وہ کپڑا جو اون کو جما کر بنایا جاتا ہے

نیفہ : (مذ) پاجامے یا شلوار کا گھیرا جس میں ناڑا ڈالتے ہیں

نیمہ : (مذ) ایک قسم کا اُونچا پائجامہ۔ عورتوں کا اندرونی لباس

نینو : (مذ) پھولدار باریک سوتی کپڑا

ہمیانی : (مث) روپیہ پیسہ رکھنے کی تھیلی جو بحالت سفر کمر میں باندھی جاتی ہے۔
بدرہ۔ بدری

❁❁❁

# مکان، تعمیر، محلے سے متعلق

آب چک : پانی ٹپکنے کی جگہ۔ آب چق

آتشی اینٹ : کیمیاوی مرکبات سے بنائی گئی اینٹ جو آگ کی تپش سے متاثر نہیں ہوتی

آرائشی لوح : (مث) زیبائشی تختی۔ plaque

آسنی : (مث) گھاس کی بنی چھوٹی سی چٹائی۔ عبادت کے لیے بیٹھنے کا کپڑا

ابرِ آذری : (مذ) موسم بہار کا بادل جو گرجتا زیادہ اور برستا کم ہے

اُترنگا : (مذ) دروازے کی چوکھاٹ میں اوپر کی طرف لگائی جانے والی لکڑی۔ سردل

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



اَرگل : (مث) دروازہ بند کرنے کے لیے لکڑی کی چٹخنی

استرکاری : (مث) چونے کی لپائی

اِتّکا : (مذ) ایک بتی والا شمعدان

اگن ٹیک : (مث ومذ) آتشدان میں لکڑیوں کو سنبھالے رکھنے کے لیے لگائی گئیں لوہے کی سلاخیں

الگنی : (مث) رسی یا تار جس پر کپڑے پھیلا کر سکھائے جاتے ہیں۔ لٹکن۔ بِلگنی

اِنتظارگاہ : (مذ) waiting room

انگڑ کھنگڑ : گھر کا سامان۔ فضول سامان، کاٹھ کباڑ۔ bag and baggage

اَنگول : (اَن گول۔ مذ) سر پر پانی ڈالے بغیر نہانا

اوٹا : (مذ) وہ پتھر جو دروازے کے آگے دائیں اور بائیں بیٹھنے کی غرض سے لگا دیا جاتا ہے

اودوائن : (مث) چارپائی پر رسیوں کے بُنے گئے جال کو چارپائی کی پائینتی کے ساتھ باندھنے والی لمبی رسی

اولتی : (مث) چھپر کا وہ حصہ جہاں سے بارش کا پانی نیچے گرتا ہے

اِوَند : (مث) چھپّر کو اوپری طرف کھینچ کر باندھنے والی رسی

اِینٹا : (مذ) بڑی اینٹ

بادرِیسہ : (بادرِی سہ۔ مث) گول سوراخ دار لکڑی جسے خیمے کی چوب کے اوپر رکھا جاتا ہے۔ بادرِیشہ

بادگیر : (مذ) دروازہ یا کھڑکی جس میں لکڑی یا شیشے کے ترچھے ٹکڑے لگے ہوں۔

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


louvre

بادرِیہ : (مذ) چھت کا ہوادان

بادزن : (مذ) پنکھا

بادکش : (مذ) چھت پر لٹکا کر رسی سے ہلایا جانے والا پنکھا۔ روشندان۔ ہوادان

باراں گیر : (مذ) مکان میں کسی بھی جگہ بارش سے بچانے والا ساختہ۔ چھجا

بارہ دری : دریا کے کنارے یا باغ میں بنایا گیا بارہ دروازوں والا مکان۔ ہوادار مکان

باہا : (مذ) پانی نکلنے کا راستہ۔ نالی

بالا خانہ : (مذ) اندرونی چھت اور اُوپری اور باہری کھپریل کی چھت کے بیچ کی جگہ۔ اٹاری۔ attic

بانات : (مذ) میز پر بچھایا جانے والا کپڑا۔ میز پوش

بُخاری : (مث) دیوار میں بنایا جانے والا آتشدان جس کا دھواں چھت پر نکالا جاتا ہے

بُخور : (بُ خُور۔ مذ) وہ چیزیں جن کے جلنے سے خوشبوئیں نکلتی ہیں جیسے عود، لُوبان، اگر۔ بُخورات (جمع)

بدررَو : (مث) زیرزمین گندے پانی کا نالا۔ گنداب۔ sewer

برساتی : (مث) باہر کو نکلی ہوئی ڈیوڑھی۔ غلام گردش۔ پیش دہلیز۔ portico

برق رُبا : (مذ) عمارتوں پر لگایا جانے والا ایک آلہ جس کے ذریعہ آسمانی بجلی کوئی نقصان کیے بغیر زمین میں چلی جاتی ہے۔ برق موصل۔ lightening conductor

برگا : (مذ) چھت پاٹنے کے لیے لکڑی کا تختہ، چھوٹا شہتیر۔ برنگا۔ کڑی

برنگا : (مذ) چھت پاٹنے کے لیے لکڑی کا تختہ، چھوٹا شہتیر۔ برگا۔ کڑی

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



بُصلہ : (مذ) دروازے یا کسی ڈھکن وغیرہ کی مُٹھیا۔ small knob

بُغارہ : (مذ) کپڑے یا دیوار کا بڑا چھید

بِلگنی : (مث) کپڑے لٹکانے کی ڈوری۔ لٹکن، الگنی

بہاژن : (مث) جھاڑن۔ پونچھن ۔ duster

بلی : (مث) چٹخنی۔ کواڑوں کو بند کر کے ان میں لگائی جانے والا لکڑی کا ٹکڑا جس سے کواڑ نہیں کھُلتے۔ بینی

بندھن وار : (مذ) خوشی کے موقع پر دروازے میں لٹکایا جانے والا پھول پتوں کا ہار

بُوچھاڑی : (مث) بوچھاڑ سے بچنے کے لیے مکان کے آگے کا سائبان

بھتارا : (مذ۔ ڈوگری) لکڑی کے تختے کھڑے کر کے ان میں گیلی مٹی بھر کر بنائی گئی دیوار

بھکّل : (بھک کل۔ مث) کسی بند مکان یا کسی محدود جگہ کے اندر کی گرم ہوا

بینی : (مث) کِواڑوں میں لگائی جانے والی لمبی لکڑی جو دونوں کواڑوں کو کھلنے نہیں دیتی۔ بلی

بینڈہ : (مذ) دروازے کو بند رکھنے کے لیے اس کے پیچھے ترچھی لگائی جانے والی لکڑی

پاانداز : (مذ) لوہے، ٹاٹ، ربڑ، مونج کا ٹکڑا جسے دروازے کے باہر جوتے رگڑنے کے لیے رکھا جاتا ہے۔ گاڑی میں پیر رکھنے کی جگہ رکھتے ہیں۔ door mat

پاٹی : (مث) چارپائی کی چوکھاٹ میں لمبا بازو

پاڑ : (مث) لکڑی، بانس کی بنائی ہوئی اونچی مچان جس پر معمار یا مستری کھڑے ہو کر کام کرتے ہیں۔ پاڑھ۔ دار بست

پاکھا : (مذ) برامدہ۔ سائبان۔ چھپر۔ اُسارا۔ ایوان۔ چھوٹا مکان

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


پالکڑی : (مث) سرہانا اونچا کرنے کے لیے پلنگ کے پایوں کے نیچے رکھے جانے والے لکڑی کے دو ٹکڑے

پائیں باغ : عُقبی صحن۔ گھر میں سبزی ترکاری اگانے کے لئے مختص کی گئی کچھ جگہ۔

back yard, kitchen garden

پتاور : (مذ) چھپر بنانے کا پھوس

پٹکا : (مذ) پتھر کی چنائی میں اینٹوں کی پٹی۔ مٹی کی دیوار میں چونے کی پٹی

پٹوتن : (پَ ٹوتن) چھت پاٹنے کے تختے

پٹھار : (مذ) بلندی پر ہموار اور مسطح زمین۔ plateau

پٹین : (پُ ٹین۔ مث) لکڑی کے دروازوں، کھڑکیوں کے چھید بند کرنے اور گھر میں رنگ روغن کرنے سے پہلے دیواروں پر لگایا جانے والا مسالا۔ putty

پُچارا : (مذ) سفیدی پھیرنے کی کوچی، برُش۔ رنگ، سفیدی کی تہ

پُچارا پھیرنا : دیواروں کی سفیدی یا رنگائی کرنا

پچھواڑ : (پچھ واڑ۔ مث) ہوا کے زور سے مکان کے اندر آنے والی بارش

پچھواڑا : پیچھے کا حصہ۔ گھر کی پشت، عقب خانہ۔ پچھواڑی

پرچھتی : (مث) سامان رکھنے کے لیے دیوار میں لگایا جانے والا تختہ

" : منڈیر کو پانی سے بچانے کے لیے لگایا گیا چھپر

پروایا : (مذ) چارپائی کے پائے تلے رکھا جانے والا لکڑی کا ٹکڑا

پرّہ : (مذ) دروازے یا قفل کی چھڑ

پشتیبان : (مذ) وہ لکڑی جو کواڑ، کشتی یا جہاز کی مضبوطی کے لیے نیچے کی طرف لگائی جاتی ہے۔ پتان

پشنگ : (مذ) دو ڈنڈوں کے بیچ کپڑا لگا ہوتا ہے جس پر مٹی یا اینٹیں رکھ کر اٹھاتے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



ہیں۔ایک قسم کا اسٹریچر

پلّا : (مذ) دروازے کے پٹ۔کواڑ

پلنگڑی : (مث) چھوٹی سی چارپائی۔ماچی

پُونچھن : (پوچھن۔مث) کپڑا جس سے کوئی چیز صاف کی جائے۔جھاڑن۔صافی۔duster

پھڈّا : (مذ) دیوار میں بنے یا رکھے گئے چھید جن کے سہارے چڑھا یا اترا جائے

پھڑی : (مث) پتھروں یا روڑی کا لگایا ہوا ڈھیر جسے ناپا جاسکے

پیش دالان : (مذ) ایک چھوٹا کمرہ جس سے گزر کر بڑے کمرے میں جاتے ہیں

پنبی : (مذ) اینٹیں جوڑنے کا مسالا

تِبارا : (مذ) تین دروازوں والا کمرہ

تجاوزات : حد سے بڑھ کر بنائے گئے ڈھانچے۔ encroachments

تدخین : (مث) دھونی دے کر کسی کمرے کی محدود فضا کو وبائی جراثیم سے پاک کرنا۔fumigation

تختہ بندی : (مث) لکڑی کے تختوں کا فرش یا دیوار

تختہ پُل : (مذ) قلعے کی گرد خندق پر بنایا ہوا پُل جسے جب چاہے قلعے کی جانب کھینچ لیا جائے۔کل دار پُل

تغار : (مذ) گارا یا چونا بھگونے کے لیے بنایا جانے والا گڑھا۔تغارا

تغاری :(مث) خمیر شدہ چونا رکھنے یا کچھ لے جانے کے لیے مٹی یا لوہے کا کڑاہی جیسا برتن

تلینچا : (ت لِین چا۔مذ) معماروں کی زبان میں چھت کی اُونچان

تِن : (مث) چھپر بنانے کی ایک گھاس

توشہ خانہ : (مذ) وہ مکان جہاں نوادرات یا گھر کا سامان، کپڑے وغیرہ رکھے جاتے ہیں

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


ٹاپ : (مث) چارپائی کے پائے کا زمین پر ٹکنے والا حصہ

ٹانڈ : (مث و مذ) سامان رکھنے کے لیے دیوار میں لگایا گیا تختہ۔ ٹانڈھ

ٹنڈوار : (مث) وہ لکڑیاں جو چھت کے نیچے کمرے کی دیواروں میں لگا کر ان پر چادر باندھ لیتے ہیں تاکہ چھت کی مٹی فرش پر نہ گرے

ٹھاٹر : (مذ) بانس کی پھچیوں یا سرکنڈوں اور پھوس سے بنا ہوا پردہ جسے دروازے، کھڑکی پر لگایا جاتا ہے۔ بانس کی پھچیوں کی دیوار جس پر آتشبازی یا چراغ وغیرہ رکھتے ہیں۔ ٹٹی

ٹھٹّر : (مذ) مکان یا چھپر کی چھت کے لیے بانسوں کا چوکھٹا یا ڈھانچا۔ ٹھٹری۔ ٹھٹھری۔ ٹھٹری

ٹیپ : (مث) پکی دیوار کی اینٹوں کی درزوں کو چونے یا سیمنٹ کے مسالے سے بھرنا

جاروب : (مذ) جھاڑو۔ بہاری

جلاؤ : (مذ) ایندھن

جلاون : (مذ) ایندھن

جنگلا : (مذ) لکڑیوں کی پھچیوں یا لوہے کی سلاخوں سے بنی گھر کی حدوں پر لگائی گئی باڑ

جھاڑن : (مث) گرد و غبار جھاڑنے کے لئے کپڑے کا ٹکڑا

جھانپ : (مذ) ڈیوڑھی کے آگے کا سائبان۔ بانس کے چوکھٹے کا پردہ۔ بانس کا ٹھاٹر جس پر ٹاٹ لگا دیا گیا ہو

جھانواں : (مذ) کھردری اینٹ یا پتھر کا ٹکڑا جس سے رگڑ کر پاؤں کی میل اتارتے ہیں

جھلنگا : (مذ) ٹوٹی ہوئی چارپائی کا جھولا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



جھولن : (مث) دو درختوں یا لکڑی کے دو کھمبوں کے درمیان لٹکتا ہوا جالی دار عارضی بستر۔ hammock

چاندنی : فرش پر بچھی دری پر بچھائی جانے والی سفید چادر

چٹخنی : (مث) دروازے کی زنجیر۔ کھٹکا۔ زُلفی

چفتہ : (مذ) لکڑی کا کمرہ جس کی چھت لکڑی کے ستونوں پر ٹکی ہو

چِق : (مذ) بانس یا سرکنڈے کی تیلیوں کا پردہ جو دروازے، کھڑکی پر لگایا جاتا ہے۔ سِرکی

چکردروازہ : (مذ) گھومنے والا دروازہ۔ turnstile

چُنائی : (مث) اینٹ پتھر کی دیوار اٹھانا

چوپڑا : (مذ) ہموار مربع جگہ جو چند زینوں کے بعد بنائی جاتی ہے

چُول : (مث) لکڑی کا وہ سرا جس میں چھید کر کے اس میں دوسری لکڑی لگائی جائے۔ tenon۔ وہ چھید جس میں کواڑ پھرتا ہے۔ رِیخ

چُول بٹھانا : لکڑی کا سرا جو دوسری لکڑی کے چھید میں داخل کر کے یا چھید جس میں لکڑی کا ترشا ہوا سرا داخل کر کے جوڑ جوڑا جائے

چومکھا : (مذ) چار بتی کا چراغ

چہل چراغ : (مذ) ایک برنجی جھاڑ جس میں چالیس چراغ ہوتے ہیں

چھپرکھٹ : دلہن کا چھتری دار پلنگ، امیروں کا پلنگ

چھپکا : دروازے پر لگا ہوا لوہے کا چوڑا، موٹا ٹکڑا جسے چوکھاٹ میں لگی کنڈی میں سرکا کر دروازہ بند ہوتا ہے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


چھجّا : (مذ) کھڑکی یا دروازے کے اوپر کا بڑھا ہوا حصہ جو بارش اور دھوپ سے بچاتا ہے۔ بارجہ

حظیرہ : (مذ) لکڑی یا بانس سے بنا ہوا احاطہ۔ قبرستان کی چار دیواری

خاک انداز : (مذ) کوڑا کرکٹ ڈالنے کا برتن۔ خاک دان۔ dust bin

" : عمارت میں سے کوڑا باہر پھینکنے کے لیے سوراخ

خانہ آرائی : گھر کی سجاوٹ

خانۂ رواں : (مذ) عارضی گھر۔ makeshift home

خانہ ساز : (مذ) گھر میں بنا ہوا۔ گھریلو۔ home made

خصی پرنالہ : (مذ) دیوار کے اندر بنا پرنالہ

داربست : (مث) لکڑی، بانس کی بنائی ہوئی اونچی مچان جس پر کھڑے ہو کر معمار کام کرتے ہیں۔ پاڑ۔ پاڑھ

داسا : (مذ) دیوار سے نکلی ہوئی لکڑی جو چھپر باندھنے کے کام آتی ہے

دریسی : (مث) روڑی بچھا کر ہموار کرنا۔ ڈریسی۔ dressing

دِلّا : (مذ) کچے مکان کی چھت کے برگوں پر یا دروازے کے فریم میں لگایا جانے والا لکڑی کا الگ تختہ

دوتہی : (مث) بستر کی جگہ بچھایا جانے والا موٹا اور دہرا کپڑا

دوچوبہ : دو ڈنڈوں والا خیمہ

دودکش : (مذ) چھت سے دھواں نکالنے کا سوراخ۔ دُودھنگ۔ chimney

دورویہ : دونوں اطراف سے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



دِہ کدہ : (دہکدہ۔مذ) گاؤں کا مکان

دھابا : (مذ) مٹی کی ہموار چھت والا مکان

دیرا : (مذ) مہمانوں کو ٹھہرانے کے لیے مکان سے ملحقہ چھوٹا مکان۔ذیلی مکان۔

Annexe, Out house

ڈاٹ : (مذ) محراب کا درمیانی پتھر۔محراب دار دروازہ

ڈاڑھا : (مذ) دیوار سے آدھی نکلی ہوئی اینٹیں جو آئندہ بننے والی دیوار کو ساتھ ملانے کے لیے چھوڑ دی جاتی ہیں

ڈُلاؤ : (مذ) کوڑا کرکٹ، گندگی پھینکے جانے کی جگہ۔گھورا

ڈھانچ : (مث) بغیر بُنے چارپائی یا کرسی

ڈھورا : (مذ) نالی کے کنارے بنایا گیا مٹی کا بند

ربطی سڑک : (مث) link road

رُخ افروزی : سامنے والے حصے کو سجانا سنوارنا۔ face-lifting

رَدّہ : (مذ) چنائی میں ایک تہ کے اوپر کی دوسری تہ

ردّے جمانا : چنائی کی ایک تہ کے اوپر دوسری تہیں جمانا

رفرف : (مذ) قیمتی اشیا رکھنے کے لیے ایک چوڑا طاقچہ

" : لٹکا کر رکھنے والی کوئی سجاوٹی چیز

رِہائشی ڈھانچہ : residential structure

رینی : (مث) قلعے کر گرد بنی چھوٹے چھوٹے سوراخوں والی دیوار

زِیچ : (مذ) معمار کا دھاگا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



سانکل : (مث) چھوٹے حلقوں والی چھوٹی سے زنجیر جس سے کواڑ بند کرتے ہیں۔

سانکر۔سانکری

ستون پری : ستون میں بنائی گئی عورت کی مورتی

سِراپردہ : (مذ) ڈیرے کے آس پاس کا پردہ۔خیمے کا پردہ

سردل : (مث) چوکھٹ کے اوپر کی لکڑی۔اُترنگا

سِرکی : (مث) سرکنڈوں کے ڈنٹھل یا بانس کی تیلیوں سے بنی چق

سُقفی : چھت سے متعلق

سقفِیہ : (مذ) ڈیوڑھی پر بیٹھنے کا تخت

سلفچی : (مث) سلپچی۔ wash-basin

سِیتل پائی : (مث) سِیتل گھاس سے بنائی گئی چٹائی

سیروا : (مذ) چارپائی کے سرہانے اور پائینتی کے ڈنڈے

سیل روک تہ : (مث) اینٹ پتھر کی چنائی میں سیلن کا انجذاب روکنے کے لیے مسالے کی ایک تہ۔ damp proof coarse (dpc)

سِینک : (مث) جھاڑو کی تیلی

شبکا : (مذ) دیوار میں شگاف

شبنمی : (مث) اوس سے بچنے کے لیے پلنگ پر تاننے کا کپڑا

صافی : (مث) صفائی کرنے کے لئے کپڑے کا ٹکڑا۔جھاڑن

صحنچی : (مث) دالان کے پہلو میں بنایا گیا چھوٹا سا صحن

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



صُفّہ : (مذ) مکان کے آگے کی ڈیوڑھی۔ دروازے کے آگے بیٹھنے کی جگہ۔ چبوترا

سُقفی روشندان: (مذ) چھت کے قریب کا روشندان۔ skylight

طَناب : (مث) خیمے کی رسی

عرِیش : (مذ) باغ میں بنا ہوا پھوس کا مکان

عقبی صحن : (مذ) پائیں باغ۔ back yard

فرش کرنا : (مذ) چونے وغیرہ سے زمین کی سطح ہموار کرنا

قالِب : (مذ) سیمنٹ کا چھت ڈالنے کے لیے پہلے تختوں کی عارضی چھت بنانا۔

قالِب۔ کالبُد کرنا

قدمچہ : (مذ) بانس کی سیڑھی کا اُفقی ڈنڈا جس پر پاؤں رکھتے ہیں

قدم چہ : (مذ) جس پر پاؤں رکھ کر پاخانے کے لیے بیٹھتے ہیں۔ کھڈی کا پایہ

قمقمہ : (مذ) شیشے کا رنگین گولہ جسے آرائش کے لیے چھت پر لٹکایا جاتا ہے

قنات : (مث) کپڑے کا بنا ہوا پردہ یا اوٹ

قندیل : (مث) شیشے کا ظرف جس میں چراغ جلا کر اسے لٹکایا جاتا ہے

قینچی : (مث) مکان کے گرد لگائی جانے والی لوہے یا لکڑی کی آڑھی ترچھی سلاخیں

قینچی دار گھوڑی: (مث) لکڑی کا اونچا منقولہ پلیٹ فارم جس پر چڑھ کر مستری کام کرتے ہیں۔ trestle

کچا پکا : اینٹ چونا اور اینٹ گارے والی ملی جلی تعمیر

کلّا : (مذ) لیمپ کا وہ پرزہ جس میں بتی لگائی جاتی ہے

کُلبہ : (مذ) غریب کا جھونپڑا، چھوٹا سا گھر

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



کلس : (مذ) گنبد کے اوپر کا نوکدار حصہ

کِلوں : (مذ) کمرے کے اندر کسی قسم کے مسلسل دھوئیں کا چھت یا دیواروں پر جم جانا

کمر تکیہ : (مذ) کمر کے نیچے رکھا جانے والا تکیہ

کمر کوٹ : (مذ) کمر کی اونچائی تک بنائی گئی دیوار، حد بندی۔ چھوٹی دیوار

کمر کوٹھا : (مذ) شہتیر یا کڑی کا وہ حصہ جو دیوار سے باہر کے رُخ نکلا ہوتا ہے

گندئی : (مث) لکڑی کا وہ ٹکڑا جس پر دروازے کی چُول گھومتی ہے

گُنڈی موندنا : دروازہ بند کرنا

کنگورہ : (مذ) قلعہ یا کسی بڑی عمارت کی دیوار میں بنائی جانے والا طاقچہ

کنول : (مذ) سرخ کاغذ یا ابرق کا پھول جس میں موم بتی جلاتے ہیں

" : شمع روشن کرنے کے لیے شیشے کا ایک ظرف

کنیف : (مذ) بیت الخلا

کِواڑ : (مذ) دروازے کے پٹ۔ پلّا

کِواڑی : کِواڑ کی تصغیر

کوٹلا : (مذ) چھوٹا قلعہ۔ گڑھی

کولا : (مذ) دروازے کے ادھر ادھر کا پہلا کونہ

کھپرا : (مذ) چھال۔ چھلکا

کھپریل : (مث) کھپروں سے چھائی ہوئی چھت

کھٹولی : (مث) چھوٹی سی کھٹیا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



کھدانا : (مذ) وہ گڑھا جہاں سے چکنی مٹی کھودی جاتی ہے

کھڈ : (مذ) دو پہاڑوں کے بیچ کی گہرائی

کھڈی : (مث) اینٹوں یا پتھروں سے بنی جگہ جہاں بیٹھ کر پاخانہ کرتے ہیں

کھرا : (مذ) پختہ جگہ جہاں بیٹھ کر برتن یا کپڑے دھوتے ہیں

کھرسا : اتنا خشک موسم کہ گرمی سے گھاس جل جائے

کھلار : (مث) ڈھلوان ۔ غار ۔ گڑھا

کھرنجا : (مذ) کھڑی اینٹوں یا پتھر کا بنا فرش یا سڑک

کھِنگر : (مذ) جلی ہوئی اینٹوں کا ڈھیر ۔ کھِنگڑ

گانٹھنا : اینٹوں کی چنائی کرنا

گِٹکری : (مث) اینٹ کنکر کا چھوٹا ٹکڑا، روڑا

گچ : (مذ) اینٹوں کو جوڑنے کے لیے سیمنٹ یا چونے کا مسالا

گچ کاری : (مث) چونے کا کام

گردبالش : (مذ) سوتے وقت رخسار کے نیچے رکھا جانے والا چھوٹا گول تکیہ ۔ گل تکیہ

گرم آبہ : (مذ) گرم پانی سے غسل ۔ hot bath

گرم خانہ : (مذ) سردی کا موسم گزارنے کا مکان ۔ green house

گُرگج : (مذ) قلعے کا بُرج جس پر توپ نصب کرتے ہیں

گِلابہ : (مذ) گارا

گلال باڑی : (مث) شاہی محل یا بڑے مکان سے ملحقہ باغ

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



گلیاری : (مث) ذیلی گلی۔ by-lane

گوبری : (مث) مٹی ملا ہوا گوبر جس سے لپائی کی جاتی ہے

گونڈے کی دیوار: خمیر کی ہوئی مٹی سے ردے رکھ کر بنی ہوئی کچی دیوار

گھرواره : (مذ) مکان کا ٹیکس۔ house tax

گھورا : (مذ) کوڑا کرکٹ، گندگی پھینکے جانے کی جگہ۔ ڈلاؤ

لکھوری : (مث) ایک قسم کی چھوٹی اینٹ

لِپائی : (مث) پلستر لیپنا

لَر : (مث) سیدھی چیری ہوئی لمبی مستطیل لکڑی

لکڑکوٹ : لکڑی کا بنا ہوا قلعہ

لونار : (مذ) کھاری زمین۔ نمک بنانے کی جگہ

لُونی : (مث) دیواروں سے جھڑ جانے والی نمکین مٹی۔ نونی

ماچی : (مث) چھوٹی سی چارپائی۔ پلنگڑی

ماہی خانہ : گھر میں زندہ مچھلیاں اور آبی پودے رکھنے کے لیے شیشے کا بنا چھوٹا سا تالاب، ڈبہ۔ aquarium

مُحافظ خانہ : (مذ) وہ جگہ جہاں تاریخی دستاویزات رکھے جائیں۔ archives

مُرُم : (مث) بھُر بھُری چٹان۔ ٹوٹے ہوے ریزہ ریزہ پتھر۔ روڑی۔ کنکریلی مٹی

مُجُوسا : (مذ) چھت کو تھامے رکھنے کے لیے کھڑی کی گئی لکڑی

مچان : (مث) سامان رکھنے کے لیے دیوار میں لگائی گئی لکڑیاں یا تختہ۔ ٹانڈ

مُدخن : (مث) دھواں نکلنے کی جگہ۔ مَدخنہ۔ دودکش۔

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



مُٹھیا : (مث) دروازے وغیرہ کا گول دستہ۔ knob

محرابی قطار : (مث) محرابوں کی قطار۔ arcade

مُسقّف رقبہ : (مذ) چھت سے ڈھکا ہوا رقبہ۔ covered area

مُسقّف راستہ: (مذ) چھتا ہوا محرابی راستہ۔ arcade

مُشجّر : (مذ) دیواروں کی سجاوٹ کا کپڑا جس پر درختوں کی اشکال نقش کی گئی ہوں۔ tapestry

مُقرنس : بلند مخروطی عمارت جس پر چکردار سیڑھیوں سے چڑھا جاتا ہے۔ جیسے قطب مینار

من : (مذ) کنوئیں کی مینڈھ

مَنجلاب : (مذ) گندہ پانی ڈالنے کی جگہ

مُنڈیر : (مث) دیوار کے اوپر کا ڈھلواں حصہ

مُنہ بند گلی : ایسی گلی جو آگے جا کر بند ہو جاتی ہو۔ dead end street

موکھا : (مذ) بندوق چلانے کے لیے قلعے کی دیوار میں بنا جھروکہ

موگری : (مث) کپڑوں کو کوٹ کر دھونے کے لیے چوبی ٹکڑا۔ ٹوبی۔ ٹوبہ

نابدان : (مذ) پانی نکلنے کی زمیں دوز موری

ناجائز تجاوزات: illegal encroachments

ناغول : (مث) زینوں کے نیچے بنائی جانے والی چھوٹی کوٹھری

نَسینی : (نَ سے نی۔مث) لکڑی کی سیڑھی

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



نقش بر دیوار : (مذ) دیوار پر بنایا گیا نقش یا تصویر۔ mural

نم گیرہ : (مذ) اوس یا دھوپ روکنے کے لیے ڈالا جانے والا شامیانہ، سائبان یا چھت گیری۔ awning

نہالچہ : (مذ) بچے کا بستر۔ توشک

واڑ : (مث) رہنے کی جگہ۔ وہ جگہ جس کے گرد باڑ لگی ہو۔

واڑا : (مذ) محلّہ، کوچہ، علاقہ، ملک

ہَرَم : (مذ) تکونی بنیاد والا ڈھانچہ جو اونچائی پر تنگ ہو کر مخروطی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ اہرام (جمع)

یک سنگی : ایک ہی پتھر سے بنائی گئی کوئی یادگار۔ monolith

ییلاق : (یِ لاق۔ مذ) گرمی کا موسم گزارنے کے لیے سرد مقام

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


# موت سے متعلق

اُٹھاونی : (مث) ہندوؤں کی رسم جب مردے کی ہڈیاں گنگا میں ڈالنے کے لیے لے جاتے ہیں

بھتّی : (مث) گھر میں موت ہو جانے پر کسی رشتہ دار کے گھر سے آنے والا کھانا

پھُول : (مذ) جلانے کے بعد ہندو مردے کی بچی ہوئی ہڈیاں

تختہ : (مذ) مردہ نہلانے کے لیے لکڑی کا پٹڑا

تلیٹی : (مذ) ہندوؤں میں مردے کے نیچے بچھایا جانے والا کپڑا

توشہ : (مذ) مردے کی تدفین کے بعد فقرا میں تقسیم کیا جانے والا کھانا

چِتاپِنڈ : (مذ) چاول، آٹا، دودھ کا آمیزہ جسے ہندو مردے کو جلاتے وقت یا تیسرے پر پِتروں کو چڑھاتے ہیں

چِتاچُننا : مردے کو جلانے کے لئے لکڑیوں کا ڈھیر لگانا

حظیرہ : (مذ) لکڑی یا بانس سے بنا ہوا احاطہ۔ قبرستان کی چار دیواری

حفر : (مذ) قبر کھود کر نکالنا۔ disinterment, exhume

حُنوط : مُردے کو غسل دینے کے بعد اس پر ملنے کے لیے چند خوشبودار چیزوں کا مرکب

دامنی : عورت کے جنازے پر ڈالی جانے والی باریک چادر

دخمہ : (مذ) پارسیوں کا قبرستان

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


دیسا : (مذ) مُردے کی برسی

زیور توڑنا : شوہر کی وفات پر زیور توڑ دینا یا کھول دینا

سردآبہ : (مذ) اپنی زندگی ہی میں تیار کی جانے والی قبر

سوگی : مرنے والے کا ماتم منانے والے۔ ماتم کناں۔ bereaved

شِناختی مُردہ خانہ: (مذ) جہاں شناخت کے لیے لاشیں رکھی جاتی ہیں۔ morgue

ضریح : (مث) سیدھی کھودی جانے والی قبر

ضریحی : قبر سے متعلق

غسّال : (مذ) مُردے کو نہلانے والا۔ کفن دوز۔ undertaker

غسّالہ : غسّال کی تانیث

فرضی قبر : (مث) کسی دوسری جگہ دفن شخص کی یاد میں بنائی گئی خالی قبر۔ cenotaph

قبر کُشائی : قبر کھود کر مردے کو نکالنا۔ لاش نکاسی۔ disinterment,exhume

کگار : (مث) کسی اونچی جگہ کا کنارا۔ کنگنی۔ حاشیہ۔ کانس

کفنانا : مُردے کو نہلا کر کفن پہنانا

کفنی : (مث) مُردے کو پہنایا جانے والا بے آستین کُرتا

گہوارہ : (مذ) چارپائی جس پر لکڑیوں سے محرابیں بنا کر عورت کا جنازہ لے جاتے ہیں

لاش نکاسی : قبر کھود کر مردے کو نکالنا۔ قبر کُشائی۔ disinterment, exhume

مرگِ رحمت : (مث) کسی ناقابلِ علاج بیماری کے شکار طویل عرصہ سے اذیّت میں مبتلا مریض کو قانونی طور پر موت کی نیند سلا دینا۔ رحیمانہ قتل۔

euthanasia, mercy death

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



مفتشِ مرگ : غیر طبعی موت کی تفتیش کرنے والا۔ coroner

ہڑواڑ : (مذ) خاندانی قبرستان

## مویشی

آختہ کرنا : خصیے نکال دینا یا کچل دینا

آخور : (مث) چوپایوں کے چارے کی جگہ۔ مویشیوں سے بچی کھچی گھاس

آنکس : (مذ) ہاتھی کو چلانے کا آلہ۔ کجک

اجترار : (مذ) اونٹ کا جگالی کرنا

ادھوڑی : (مث) گائے بھینس کا کچا چمڑا۔ چرسا

اُردادا : (مذ) جوار اور گیہوں کا موٹا پسا ہوا آٹا جو گوندھ کر گھوڑے کو دیتے ہیں

ارئی : (مث) بیل ہانکنے کی چھڑی جس کے سرے پر لوہے کی نوکیلی کیل ہوتی ہے

ارگڑا : (مذ) گھوڑوں کو سدھانے اور دوڑانے کی جگہ۔ گاڑیوں کا اڈا

اصطبل : (مذ) گھوڑوں کو باندھنے کی جگہ۔ طویلہ

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


اگن : (مذ) گھوڑے کا ایک مرض جس میں کھال اُدھڑ جاتی ہے اور روئیں گر جاتے ہیں

السیشن : (مذ) بھیڑیئے جیسا ایک خطرناک کتا

گُلتھا : (مذ) بیل جیسے مویشیوں کی گردن سے لٹکتا ہوا گوشت

اِکا : (مذ) ایک گھوڑے والی گاڑی

الف ہو جانا : گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا

اوگھی : (مث) گھوڑوں کو سِدھانے کے لیے ایک لمبی چابک

ایال : (مذ) گھوڑے یا جانور کی گردن کے لمبے بال

ایڑی پھیرنا : گھوڑے کو اس طرح چکر دینا کہ اس کے کھروں کے نشانوں سے زمین پر دائرہ بن جائے۔ کاوا دینا

بادِخور : گھوڑے کے بال گر جانے کی بیماری۔ بادِخورہ۔ بادگنج

بادِخایہ : گھوڑے کے فوطے بڑھ جانے کی بیماری

بادگنج : گھوڑے کے بال گر جانے کی بیماری۔ بادِخورہ۔ بادخور

باکھ : (مذ) گائے بھینس بکری وغیرہ کے تھنوں کا اوپری حصہ۔ ہوانا۔ کھیری۔ شیر دان

باکھڑی : گائے بھینس بکری جو پانچ مہینوں کے بعد دودھ دینا بند کر دیتی ہے۔ باکھلی

باکھل : (مذ) مویشیوں کا باڑہ

باکھلی : گائے بھینس بکری جو پانچ مہینوں کے بعد دودھ دینا بند کر دیتی ہے۔ باکھڑی

بانٹ : (مث) دودھ لیتے وقت چوپائے کو دیا جانے والا چارا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



ببر : اونٹ اور گھوڑے کے بال کاٹنے والا

بتورا : (مذ) خشک اُپلوں کا ڈھیر

بتیسا : (مذ) بتیس دواؤں کا مرکب جو گھوڑی کو بچہ ہونے کے بعد دیا جاتا ہے

بجار : (مذ) نسل کشی کے لیے رکھا گیا بیل۔ سانڈ

بچھڑا : (مذ) گائے کا بچہ۔ بچھرا

بچھیرا : (مذ) گائے کا نر بچہ

بچھیری : بچھیرا کی تانیث

بچیانا : گھوڑے کا کان کھڑے کرنا

بختی : (مذ) تیز رفتار اونٹ

بدرو : بُری طرح چلنے والا گھوڑا

بدکانا : گھوڑے کو ڈرانا، بھڑکانا

برداشت : (مث) جانوروں کی نگہبانی

بردھائی : (مث) مویشیوں کی تجارت کا بازار۔ بردھوئی۔ نخّاس

برساتی : (مث) برسات میں ہونے والی گھوڑوں، اونٹوں کی ایک بیماری

برّہ : (مذ) بھیڑ، بکری کا چھوٹا بچہ۔ بُزغالہ۔ لیلا۔ میمنہ

بز : بکرا، بکری

بُزغالہ : (مذ) بکری کا بچہ، جنگلی یا پہاڑی بکرا

بگینی : (مث) گائے یا اونٹنی جس کا دودھ کم ہو گیا ہو

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


بوتہ : (مذ) اونٹ کا بچہ

بُوغما : (مذ) گھوڑے کو سارے جسم میں پسینہ آنے کا مرض

بوہلی : (مث) گائے بھینس کا گاڑھا دودھ جو بچہ جننے کے تین دن بعد تک رہتا ہے۔ کِھیس۔ پیوسی

بہل : (مث) سواری کے لیے بیلوں کی گاڑی۔ بہلی

بہلا : بانجھ گائے، بکری وغیرہ

بھرانا : چوپائے کو گیا بھن کروانا

بِھڑتپ : مویشیوں کا طحالی بُخار۔ anthrax

بھگا : جانور جو لڑائی میں مقابل سے ہار کر بھاگ جائے

بھنورکلی : (مث) لوہے وغیرہ کا حلقہ جو کُتے یا بکری کے گلے میں ڈالتے ہیں

بھنوری : (مث) گھوڑے یا آدمی کے جسم کے بالوں کا چکر جسے منحوس سمجھا جاتا ہے

بھونکانا : کُتے کو بھونکنے کے لیے چھیڑنا

بیانا : مویشی کا بچہ دینا

بیطار : مویشیوں کا معالج۔ سلوتری

بیطاری : جانوروں کا علاج معالجہ

پارُوب : (مث) گھوڑے کے نیچے سے لید اور گھاس وغیرہ صاف کرنے والی لکڑی

پاشنہ : (مذ) گھوڑے کی ایک چال

پاگُر : (مث) چوپایوں کا چارہ چر کر بیٹھ جانا اور پھر جگالی کرنا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



پاگرانا : جُگالی کرنا

پالہنگ : (مث) گھوڑے کی لگام میں لگائی جانے والی رسی

پانی دکھانا : پانی پلانے کے لیے جانور کو پانی کے پاس لے جانا

پٹرا : (مذ) بھینس کا نر بچہ۔ پڑا۔ پڑوا

پٹری جمانا : گھوڑے پر ران جما کر بیٹھنا

پٹکار : (مث) گھوڑے کو چلانے کی چابک یا رسی

پٹھیا : (مث) گائے بھینس بکری کا جوان مادہ بچہ

پُچ پُچ : جانور کو بلانے یا اسے پچکارنے کی آواز

پچھاڑی : (مث) پاؤں میں باندھنے کی رسی یا زنجیر۔ پگّا۔ پکھیڑا

پَکھال : (مث) بھینس یا بیل پر لادنے والی مشک۔ پکھال

پرتل : (مذ) گھوڑے یا بیل پر لادا جانے والا سامان

پُشت خار : (مذ) گھوڑے کے بال صاف کرنے کا آہنی کنگھا۔ کھر کھرا۔ کھریرا

پُشتک : (مذ) دولتی

پُشتک مارنا : گھوڑے، گدھے، اونٹ کا پچھلے پاؤں اٹھا کر لات مارنا۔

پُوز : (مذ) خاص طور پر گھوڑے کا منہ یا ہونٹ

پوزمال : (مذ) بال یا سن کی رسی جسے گھوڑے کے منہ میں ڈال کر بل دیتے ہیں اور اسے قابو میں لاتے ہیں

پوزی : (مث) وہ تسمہ جو گھوڑے کے منہ کے گرد رہتا ہے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


پوکنا : گھوڑے کا پتلی لید کرنا

پُولک : (مذ) گھاس کا مُٹھا جسے لمبے بانس کے سرے پر باندھ کر مست ہاتھی کو ڈراتے ہیں

پھاوڑی : (مث) دستہ دار لکڑی کی تختی جس سے لید وغیرہ ہٹاتے ہیں

پھٹکار : (مث) گھوڑے کو سدھانے کے لیے رسے کا بنا ہوا لمبا کوڑا

پھندیت : (پھَن دیت۔ مذ) پالتو جانور جو اپنی آواز سے اپنے ہم جنسوں کو جال میں پھنسائے

پَخال : (مث) مَشک جس میں پانی بھر کر بیل، بھینسے پر لادا جاتا ہے۔ پکھال

پیوسی : (مث) گائے بھینس کا گاڑھا دودھ جو بچہ جننے کے تین دن بعد تک رہتا ہے۔ بوہلی

تاتی : جس گھوڑے کی دونوں آنکھیں ایک رنگ کی نہ ہوں

تازی : (مذ) عربی گھوڑا۔ شکاری کُتا

تازی خانہ : (مذ) کتوں کے رہنے کا طویلہ

تافتہ : (مذ) ایک خاص رنگ کا گھوڑا

تالُو : (مذ) گھوڑے کا ایک عیب

ترارا : (مذ) گھوڑے کی چھلانگ

تَرَیل : (مث) مست ہتھنی جس پر چارا لاد کر لاتے ہیں

تگاور : تیز رو گھوڑا

تنبول آنا : لگام کے صدمے سے گھوڑے کے منہ سے خون آنا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



تنگ : (مذ) زِین کسنے کا تسمہ

تہ مارنا : گھوڑے کو سخت پیاس لگنے کی بیماری

تہ ملانا : جوڑا لگانا۔ نر کے ساتھ مادہ کو ملانا

تھان : (مذ) مویشیوں کا طویلہ۔ اصطبل

" : گھوڑوں کے نیچے بچھائی جانے والی گھاس

تھان کا سچا : چھوٹ کر سیدھے گھر آنے والا گھوڑا

تھان میں آنا : تھکان اتارنے کے لیے گھوڑے کا خاک میں لوٹنا

تھوتھ : گھوڑے، اونٹ، سؤر وغیرہ کا منہ۔ تھوتھنی

تھوتھنی : " " "

تھوتھڑا : جانور کا منہ یا تھوتھنی

توبرا : (مذ) گھوڑے کو دانہ کھلانے کا تھیلا

تی تی : مرغیوں کو بلانے کی آواز

ٹاپ : (مث) گھوڑے کے چلنے، دوڑنے کی آواز

ٹال : گائے، ہاتھی کے گلے کی گھنٹی

" : گھاس کا ڈھیر

ٹٹکارنا : مویشیوں کو چلانے کے لیے منہ سے آوازیں نکالنا

ٹٹکاری : (مث) جانوروں کو ہانکتے وقت منہ سے آوازیں نکالنا۔ ٹچکاری

ٹٹکاری پر لگنا : منہ کی آوازوں یا سیٹی کی آواز سُن کر مویشیوں کا راہ پر لگ جانا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



ٹٹوانی : چھوٹے قد کی گھوڑی

ٹکینا : (مذ) مویشیوں کی چرائی پر لیا جانے والا ٹیکس

ٹھاٹا : بیل کا کوہان

ٹھیکا بھرنا : گھوڑے کا اُچھلنا کودنا۔ کد کڑے مارنا

ٹوپی : شکاری جانور کے مُنہ پر چڑھانے کی تھیلی

جاب : (مذ) مویشی کے منہ پر باندھا جانے والا چھینکا۔ مُسکا

جرگہ : (مذ) جانوروں کا غلّہ

جوت : (مذ) گھوڑے کو گاڑی کے ساتھ جوتنے والا تسمہ

" : ہل کے بیلوں کا تسمہ جس سے جُوا دبا رہتا ہے

" : آبپاشی کے ٹوکرے کی دستی کے پاس والا تسمہ

جوتی : (مث) بیل کی گردن میں جوئے کو روکے رکھنے کے لیے باندھی گئی رسی

جولانگاہ : گھوڑے دوڑانے کا میدان

جھڑن : (مث) بال گرنا

جھول آنا : بھینس کی بیاہنے کی عمر ہو جانا

جھول بٹھانا : مُرغی کے نیچے انڈے بٹھانا

جھول : (مث) حیوانات کی پیٹھ پر ڈالا جانے والا سجاوٹی کپڑا

جھوٹا : بھینس کا بچہ

چھاک : (مث) دودھ دوہنے کا وقت

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



چراغ پا ہونا : گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا۔ الف ہو جانا

چُرہی : (مث) چوپایوں کو کھلانے کے لیے بڑا برتن۔ چرنی

چری : (مث) ہرے پودے جو جانوروں کو کتر کر کھلائے جاتے ہیں

چُوڑا : (مذ) مویشی کے گوبر، پیشاب سے بھیگا ہوا کیچڑ

چوکر : (مذ) مویشیوں کے لیے اُبلے ہوئے چنے

چیری لگانا : بھیڑ بکری کے تھنوں پر گوبر لگا کر کپڑے کی دھجی باندھ دینا تاکہ اس کے بچے دودھ نہ پی سکیں

خاکی انڈا : (مذ) جوڑا کھائے بغیر دیا گیا مرغی کا انڈا جس سے بچہ نہیں نکل سکتا

خورجین : (مذ) موٹے بالوں، رسیوں، ٹاٹ، سے بنایا گیا تھیلا جسے گھوڑے یا بار برداری کے جانور کی پیٹھ پر باندھ کر اس میں سامان لادتے ہیں۔ خُرجی۔ گُون۔

خِیفا : (مث) ایک نیلی اور ایک سیاہ آنکھ والی گھوڑی

داغِنی : (مث) جانوروں کے بدن پر نشان ڈالنے کے لیے لوہے کا ٹھپہ

دامنی : (مث) گھوڑے کے پٹھے پر رکھا رہنے والا کپڑا۔ زین

دانوری : (مث) رسی جس سے غلہ اُڑاتے وقت بیل باندھتے ہیں

دودھ چُرانا : دوہتے وقت گائے بھینس کا تھنوں میں سے دودھ اوپر چڑھا لینا

دُودھیل : (مث) دودھ دینے والی

دوگامہ چال : گھوڑے کی چال جس میں گھوڑا ایک طرف کے دونوں پاؤں اٹھا کر آہستہ آہستہ چلتا ہے

دُلکی : (مث) گھوڑے کی چال جس میں ایک وقت میں گھوڑا تین پاؤں اکٹھے اٹھا لیتا ہے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



ٹٹوانی : چھوٹے قد کی گھوڑی

ٹکینا : (مذ) مویشیوں کی چرائی پر لیا جانے والا ٹیکس

ٹھاٹا : بیل کا کوہان

ٹھیکا بھرنا : گھوڑے کا اُچھلنا کودنا۔ کدکڑے مارنا

ٹوپی : شکاری جانور کے مُنہ پر چڑھانے کی تھیلی

جاب : (مذ) مویشی کے منہ پر باندھا جانے والا چھینکا۔ مُسِکا

جرگہ : (مذ) جانوروں کا غلّہ

جوت : (مذ) گھوڑے کو گاڑی کے ساتھ جوتنے والا تسمہ

" : ہل کے بیلوں کا تسمہ جس سے جُوا دبا رہتا ہے

" : آبپاشی کے ٹوکرے کی دستی کے پاس والا تسمہ

جوتی : (مث) بیل کی گردن میں جوئے کو روکے رکھنے کے لیے باندھی گئی رسی

جولانگاہ : گھوڑے دوڑانے کا میدان

جھڑن : (مث) بال گرنا

جھول آنا : بھینس کی بیاہنے کی عمر ہو جانا

جھول بٹھانا : مُرغی کے نیچے انڈے بٹھانا

جھول : (مث) حیوانات کی پیٹھ پر ڈالا جانے والا سجاوٹی کپڑا

جھوٹا : بھینس کا بچہ

چھاک : (مث) دودھ دوہنے کا وقت

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



چراغ پا ہونا : گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا۔ الف ہو جانا

چُرہی : (مث) چوپایوں کو کھلانے کے لیئے بڑا برتن۔ چرنی

چری : (مث) ہرے پودے جو جانوروں کو کتر کر کھلائے جاتے ہیں

چُوڑا : (مذ) مویشی کے گوبر، پیشاب سے بھیگا ہوا کیچڑ

چوکر : (مذ) مویشیوں کے لیے اُبلے ہوئے چنے

چیری لگانا : بھیڑ بکری کے تھنوں پر گوبر لگا کر کپڑے کی دھجی باندھ دینا تا کہ اس کے بچے دودھ نہ پی سکیں

خاکی انڈا : (مذ) جوڑا کھائے بغیر دیا گیا مرغی کا انڈا جس سے بچہ نہیں نکل سکتا

خورجین : (مذ) موٹے بالوں، رسیوں، ٹاٹ، سے بنایا گیا تھیلا جسے گھوڑے یا بار برداری کے جانور کی پیٹھ پر باندھ کر اس میں سامان لادتے ہیں۔ خُرجی۔ گون۔

خِیفا : (مث) ایک نیلی اور ایک سیاہ آنکھ والی گھوڑی

داغنی : (مث) جانوروں کے بدن پر نشان ڈالنے کے لیے لوہے کا ٹھپہ

دامنی : (مث) گھوڑے کے پٹھے پر رکھا رہنے والا کپڑا۔ زین

دانوری : (مث) رسی جس سے غلہ اُڑاتے وقت بیل باندھتے ہیں

دودھ چُرانا : دوہتے وقت گائے بھینس کا تھنوں میں سے دودھ اوپر چڑھا لینا

دُودھیل : (مث) دودھ دینے والی

دوگامہ چال : گھوڑے کی چال جس میں گھوڑا ایک طرف کے دونوں پاؤں اٹھا کر آہستہ آہستہ چلتا ہے

دُلکی : (مث) گھوڑے کی چال جس میں ایک وقت میں گھوڑا تین پاؤں اکٹھے اٹھا لیتا ہے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



دُمچی : (مث) گھوڑے کے ساز کا وہ حصہ جو دُم کے نیچے رہتا ہے

دوہنا : تھنوں سے دودھ نکالنا

دوہنی : (مث) دودھ دوہنے کا برتن

دہانہ : (مذ) گھوڑے کے منہ میں دیا جانے والا لوہے کا ساز

دُہیا : (مث) دودھ دینے والا جانور

دھانسنا : گھوڑے یا بیل کا کھانسنا

دھانسی : (مث) مویشیوں کی کھانسی

ڈار : (مث) جانوروں کا جھنڈ

ڈوک : (مث) جانوروں میں پھیپھڑوں کی ایک بیماری

ڈھگّا : (مذ) دُبلا اور پتلی ٹانگوں والا گھوڑا

ڈِینا : (مذ) لکڑی کا ٹکڑا جو بیل کے گلے میں باندھتے ہیں

ذِراع : (مذ) گھوڑے کی اگلی ٹانگ کا ٹخنے کے اوپر کا حصہ

" : اونٹ کی ٹانگ پر لگایا جانے والا نشان

راتب : (مذ) کُتے، بلی، ہاتھی کی روزانہ خوراک

" : دانے اور گھاس کے علاوہ گھوڑے کو دی جانے والی کوئی چیز

رائج : (مث) وہ اونٹنی جو حاملہ نہ ہو پر حاملہ لگے

رائض : (مذ) گھوڑے کو سدھانے والا

رفیدہ : (مذ) گھوڑے کی زین کے نیچے رکھا جانے والا گدا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



رَمہانا : گائے کی آواز

رُوآں بدلنا : جانور کا پرانے بال جھاڑ کر نئے بال نکالنا

رینگٹا : (مذ) گدھے کا بچہ۔ جانور کا دبلا پتلا چھوٹا بچہ

زہرباد : ہاتھیوں، گھوڑوں کا ایک مرض جس میں آلۂ تناسل اور خصیے سُوج جاتے ہیں

زیربند : (مذ) گھوڑے کی زین سے نکال کر پیٹ کے نیچے سے باندھا جانے والا تسمہ

زیرجامہ : (مذ) گھوڑے کی پیٹھ پر زین کے نیچے ڈالا جانے والا کپڑا

ساربان : (مذ) اونٹ چلانے والا

ساز : (مذ) گھوڑے کو گاڑی کے ساتھ جوتنے والا سامان۔ گھوڑے کا ایک زیور

ساغری : (مث) گھوڑے کی مقعد

ساندا : (مذ) دودھ دوہتے وقت جانور کے پچھلے پاؤں میں باندھنے کی رسی

سانی : (مث) بھُس اور کھل مِلا ہوا چارا جو گایوں اور بھینسوں کو زیادہ دودھ دینے کے لیے کھلاتے ہیں

سائم : (مذ) چرنے والا

سائمہ : (مذ) چرنے کے لیے بھیجا ہوا جانور

سانڈ : (مذ) نسل کشی کے لیے رکھا گیا بیل۔ بجار

سِنگوٹی : (مث) غلاف یا پیتل وغیرہ کا خول جسے بیل کے سینگوں پر سجاوٹ کے لیے چڑھایا جاتا ہے۔ گائے یا ہرن کا چھوٹا سینگ

سِنگوڑی : (مث) سینگ پر چڑھانے کی شام (چھلا)

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



شب رنگ : (مذ) سیاہ رنگ کا گھوڑا

شُتر بان : (مذ) اونٹ چلانے والا۔ ساربان

شُتر خانہ : (مذ) وہ جگہ جہاں اونٹ رکھے جائیں

شکار بند : (مذ) وہ تسمہ جو گھوڑے کی دُم کے قریب شکار لٹکانے یا ضروری سامان باندھنے کے لیے ہوتا ہے

شِکال : جس گھوڑے کی تین ٹانگیں سفید اور چوتھی کسی اور رنگ کی ہو

طِحالی بخار : جانوروں کو ہونے والا تلی کا بخار۔ بِھڑ تپ۔ anthrax

طویلہ : (مذ) گھوڑوں کا اصطبل

طوِیلہ : (مذ) دو سے زیادہ گھوڑوں کے پیروں کو باندھنے کے لیے لمبی رسی

قربوس : (مذ) زین کے سامنے کا حصہ جس پر کمان رکھی جاتی ہے

کاس : (مذ) گائے، بھینس، بکری کا تھن، لیوا

کانجی ہاؤز : (مذ) لاوارث مویشی رکھنے کی سرکاری جگہ۔ پھاٹک

کانٹا : (مذ) مہمیز، خاردار پھرکی جس سے گھوڑے کو ایڑ لگاتے ہیں

کانٹا : (مذ) جانوروں کے پاؤں کا خار

کاوا : (مذ) گھوڑے کو اس طرح چکر دینا کہ اس کے کھروں کے نشانوں سے زمین پر دائرہ بن جائے۔ کاوا دینا۔ ایڑی پھیرنا

کَتِف : (ک تِ ف۔ مذ) گائے، بکری کے اگلے پیروں کا اوپر کا حصہ جو شانے سے ملا ہوتا ہے اور جسے قصائی کتیب کہتے ہیں

کٹڑی : بھینس کا مادہ بچہ۔ کٹھیا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



کٹرا : بھینس کا نر بچہ

کِٹکِٹانا : حیوانات کو جلد جلد چلانا

کٹھیا : بھینس کا مادہ بچہ۔ کٹڑی

کٹیا : جوان بھینس

کجاوہ : (مذ) اونٹ کا ہودہ۔ محمل

کجک : (مذ) ہاتھی کو چلانے کا آلہ۔ آنکس

کُرکُری اُٹھنا : گھوڑے کا پیشاب بند ہونا

کُریال : (مث) جانور کا اپنے بازوؤں کو کھجانا اور ہلانا

کُڑتی : (مث) جانوروں کو پانی پلانے کا برتن

کِلکنا : چوپایوں کے بچوں کا میدان میں اُچھلنا کودنا۔ کُلیل کرنا

کلنج : (مذ) چلتے وقت گھوڑے کی پچھلی ٹانگوں کا آپس میں رگڑ کھانا

کِلنی : (مث) جانوروں کے جسم میں پائی جانے والی چیچڑی

کلور : (مث) جوان ہونے کے قریب گائے کا بچہ

کمر کرنا : گھوڑے کا کمر کو یوں اچھالنا کہ سوار کو گرنے کا اندیشہ ہونے لگے

کمری : (مث) جھک کر چلنے والا کمزور گھوڑا

کنوتی : (مث) گھوڑے کا کان

کوہان : (مذ) اونٹ یا سانڈنی کی پیٹھ کا ابھرا ہوا حصہ۔ مدّو

کُوچ : (مذ) چوپائے کے ٹخنے کے نیچے کا موٹا پٹھا

کھاس : (مث) جالی دار بورا جس میں اُپلے یا مٹی کے برتن رکھ کر بار بردار جانور پر

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



لادتے ہیں

کھاکر : (مث) دستہ دار لکڑی جس میں لوہے کی زنجیریں لگی ہوتی ہیں اور جس سے گھوڑوں کو دوڑانے کی مشق کرواتے ہیں۔ کھاکھر

کھرلی : (مث) چوپایوں کو چارہ دینے کی جگہ

کھریرا : (مذ) گھوڑے کے بال صاف کرنے کا آہنی کنگھا۔ کھرکھرا۔ پُشت خار

کھڑلا : (مذ) ڈربہ، مُرغی خانہ

کھکھارنا : زمین کو پنجوں سے کُریدنا

کھل : (مث) سرسوں، تِلوں یا بنولوں میں سے تیل نکال کر بچا ہوا پھوک۔ مویشیوں کی غذا۔ کھلی

کھور : (مث) ناند

کھورو : (مذ) کھُر دار جانوروں کا زمین پر کھُر مار مار کر کسی خواہش کا اظہار۔ کھوڑو

کھُوڑا : (مذ) مویشی کے گلے میں باندھی جانے والی لکڑی

کھُونٹا : (مذ) لوہے یا لکڑی کی بڑی میخ یا بڑا ر کیلا جسے باڑے میں گاڑ کر اس سے مویشی کو رسی سے باندھ دیا جاتا ہے

کِھیس : (مث) گائے بھینس کا گاڑھا دودھ جو بچہ جننے کے تین دن بعد تک رہتا ہے۔ بوہلی۔ پیوسی

کھیل : (مذ) چھوٹا چشمہ جہاں مویشیوں کو پانی پلاتے ہیں

کیانگ : تبت کا گدھا

کیل نکالنا : گائے بھینس کے تھنوں سے جما ہوا دودھ نکالنا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



کیمخت : (مذ) گھوڑے، گدھے کی پیٹھ کی کھال۔ دانہ دار چمڑا

گابھ : (مذ) حیوانات کا حمل

گابھن : حاملہ مویشی

گاپچی : (مث) گھوڑے کی دُم میں لگایا جانے والا ساز کا ایک ٹکڑا

گاوِ خراس : کولہو کا بیل

گریلا : (مذ) گوبر میں پایا جانے والا سیاہ رنگ کا پردار کیڑا

گل تنی : (مث) بیلوں کے جوئے کے ساتھ باندھی جانے والی رسی

گل جوٹ : (مث) دو بیلوں کو آپس میں باندھی جانے والی رسی تا کہ وہ اکٹھا جُتے رہیں

گل خور : (مث) مویشیوں کے گلے میں ڈالی جانے والی پھندے دار رسی

گنڈا : (مذ) گھوڑوں کے گلے میں ڈالا جانے والا پٹہ

،، : گھوڑوں کے گلے میں ڈالا جانے والا ساز

گُوار : (مذ) زیادہ دودھ کے لیے مویشیوں کو کھلایا جانے والا ایک غلہ

گورُو : (مذ) گائے بھینس اور سینگ والے مویشی

گوزن : (مث) پہاڑی، جنگلی گائے

گُون : (مث) موٹے بالوں، رسیوں، ٹاٹ، سے بنایا گیا تھیلا جسے بار برداری کے جانور کی پیٹھ پر باندھ کر اس میں سامان لادتے ہیں۔ خُرجی۔ خُرجین۔

گھامڑ : گرمی کی ماری ہوئی گائے

گھرائی : (مث) کانجی ہاؤز سے مویشی چھڑانے کی اجرت

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



گھِستا : (مذ) گھوڑے کو بگھی میں جوتنے کے لیے سدھانے کی لکڑی

گھُڑمکھی : گھوڑے کو تنگ کرنے والی مکھی

گھُورا : (مذ) چوپایوں کے رہنے کی سایہ دار جگہ

گھوڑا چھوڑنا : بچہ کشی کے لیے گھوڑے کو گھوڑی پر چھوڑنا

" " : گھوڑے کو اس کی مرضی پر چھوڑ دینا

" " : گھوڑے کو گاڑی سے نکالنا

" " : گھوڑے کو چرنے کے لیے چھوڑ دینا

گھوڑا نکالنا : گھوڑے کو سدھانا۔ to break the horse

" " : گھوڑے کو سواری کے قابل بنانا

گھوڑے بیچ کر سونا: سکھ کی نیند سونا۔[لیکن گھوڑے بیچ کر یعنی گھوڑے فروخت کر کے سونا غلط ہے۔ صحیح لفظ ہے۔ گھوڑے بِچ (بِ چ) کر یعنی گھوڑے باندھ کر۔ بِچ بنگالی لفظ ہے۔ جس کا مطلب ہے باندھنا۔ یعنی گھوڑے باندھ کر سونا تاکہ سوتے میں گھوڑے کہیں نکل نہ جائیں]

گھوڑے کی شادی کرنا: گھوڑے کے لیے لفظ بیچنا ٹھیک نہیں سمجھا جاتا اس لیے گھوڑا بیچنے کو شادی کرنا کہا جاتا ہے

گھونگھرو : حیوانوں کے گلے کی چھوٹی گھنٹی، گھُنگھرو

گیابھن : (مث۔ صرف حیوانوں کے لیے) حاملہ۔ گیابھنی

گینا : (مذ) چھوٹے قد کا بیل

گین : چھوٹے قد کی گائے

لادو : بار بردار جانور۔ لادیا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



لپ لپ : کُتے کے کھانے کی آواز

لش : کُتے کو جھپٹنے کا اشارہ

لشکارنا : کُتے کو جھپٹنے کا اشارہ کرنا

لگوانا : نر کو مادہ پر چھوڑنا

لُنڈا : (مذ) دُم کٹا ہوا، دُم بریدہ

لنگوری : (مث) گھوڑے کی ایک چال

لَہٹ : (مذ) پیاس کی شدت سے کُتے کا زبان باہر نکالنا

لَہز : (مذ) دودھ پیتے وقت بکری وغیرہ کے بچے کا ماں کے تھن میں اپنا سر مارنا

لہکارنا : گھوڑے وغیرہ کو تھپکی دے کر اکسانا۔ چمکارنا

لوارا : گوسالہ، گائے کا بچھڑا

لیوا : (مذ) گائے، بھینس، بکری کا تھن۔ کاس

ماند : (مذ) سوکھا گوبر جسے اُپلے کی طرح جلایا جاتا ہے

مُتالی : (مث) گھوڑے کے پیشاب کرنے کے لیے جگہ۔ مُتانی

" : گھاس جس پر گھوڑے نے پیشاب کیا ہو

مدّو : (مذ) کوہان

" : گھوڑے کے کندھے کا زخم

مرکب تازی : عربی گھوڑا

مرکھنا : (مذ) جانور جسے سینگ مارنے کی عادت ہو

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



مُزمّہ : (مذ) چمڑے یا رسی کا حلقہ جو گھوڑے کی پچھاڑی کے ساتھ بندھا ہوتا ہے تا کہ گھوڑا آگے نہ بڑھ سکے

مُسِکا : (مذ) مویشی کے منہ پر باندھا جانے والا چھینکا۔ جاب

مُنڈا : جانور جس کے سینگ نہ ہوں

مُوتھرا : (مذ) گھوڑے کا ایک مرض جس میں پاؤں کے غدود میں پانی بھر جاتا ہے اور وہ لنگڑانے لگتا ہے

مُونجھ : (مذ) گائے، بھینس، گھوڑے کا مرض جس میں آنکھ کے نیچے کا غدود پھوٹ کر سیاہ مادہ بہنے لگتا ہے

مُونہاں : (مذ) گھوڑے کے منہ میں پڑنے والے چھالے

مویشی : گائے، بھینس، بکری، بھیڑ، گھوڑا، اونٹ وغیرہ

مُہار : (مث) اونٹ کی نکیل

مہاوت : (مذ) ہاتھی کو چلانے والا۔ فیل بان

مہمیز : (مذ) خاردار پھرکی جو گھوڑ سوار کے جوتوں کی ایڑیوں میں لگائی جاتی ہے، کانٹا، جس سے گھوڑے کو ایڑ لگاتے ہیں

میٹھا پو یا چلنا : (مذ) گھوڑے کی چال جو نہ زیادہ تیز ہو نہ زیادہ سُست ہو ۔ canter

میشا : (مذ) بکری، بھیڑ کے بچے کا ملائم چمڑا

میمنہ : (مذ) بھیڑ، بکری کا چھوٹا بچہ۔ بُزغالہ۔ لیلا۔ برہ

ناتھنا : بیل کے نتھنے میں رسی ڈالنا

ناخنہ : (مذ) گھوڑے کی آنکھ کے سُرخ ڈورے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



نادھنا : بیلوں کو جوتنا، جوڑنا

نادیا : وہ بیل جس کا کوئی عضو زیادہ ہو

نارُو : (مذ) کتوں کے پڑنے والے پسوٗ

ناقہ : (مث) اونٹنی۔ سانڈنی

نادھیا بیل : جگہ جگہ پھرایا جانے والا نمائشی تربیت یافتہ بیل۔ناندیا

نحر : (مذ) اونٹ کو ذبح کرنا

نَری : (مذ) بکری یا بھیڑ کا رنگا ہوا چمڑا

نعل : چوپایوں کے کھُروں پر لگائے جانے والے آہنی حلقہ

مُورِد : (مذ) آدمیوں، حیوانوں کے پانی پینے کی جگہ

نخّاس : (مذ) مویشیوں، چوپایوں، غلاموں اور لونڈیوں کی تجارت کا بازار

نمدہ : (مذ) گھوڑے کی زین کے نیچے ڈالا جانے والا اونی کپڑا

نہاری : (مث) صبح کے وقت گھوڑے کو کھلایا جانے والا مالیدہ

نیاز : (مذ) چوپایوں کا چارہ۔گھاس پات

ہم رو : گھوڑا جو پانچ سال کا ہو گیا ہو اور اس کے سب دانت نکل آئے ہوں

ہنہنانا : گھوڑے کی آواز۔ neigh

ہُولنا : فیل بان کا ہاتھی کو چلانا۔آنکس لگانا

ہونٹھی : (مث) گھوڑے کا دہانہ۔دہانے کی زنجیر

ہیو : (مث) گائے وغیرہ کو بلانے کی آواز

یابُو : (مذ) ٹٹو، چھوٹا گھوڑا

یکرُخی زِین : (مث) گھوڑے پر دونوں پاؤں ایک جانب رکھ کر بیٹھنے کے لیے خواتین کی زِین

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



# متفرقات

## آ

آبِ انار : (مذ) سُرخ شراب

آب بستہ : جما ہوا پانی۔ برف

آبِ خاصہ : (مذ) امیروں کے پینے کا پانی

آب زنی : پانی کا چھڑکاؤ

آب سبیل : (مذ) مسافروں کو مفت پلانے کے لیے راستے میں رکھا ہوا پانی

آب سیاہ : شراب۔ گہرا پانی

آب نقرہ : (مذ) چاندی کا پانی

آبِ ہند : (مذ) دریائے سندھ

آباد کار : (مذ) غیر آباد علاقے کو بسانے والا

آباد کاری : (مث) معاشی مقاصد کے لیے کسی دوسرے علاقے میں جا بسنا

آبی جارحیت : پانی کو بطور ہتھیار استعمال کر کے حملہ۔ Hydro aggression

آتش پزیر : آسانی سے آگ پکڑنے والا۔ شعلہ زن۔ inflammable, combustible

آتش زن : خود جل کر آگ لگانے والا۔ آتش انداز۔ incendiary

آتش کش دستہ : آگ بجھانے والوں کی ٹولی۔ fire fighting team, fire brigade

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



آتشگیر : جلد آگ پکڑنے والا۔ چمٹا، دست پناہ

آتشی مرکب : گندھک اور سنکھیا کے ساتھ ایک دھات کا مرکب

آخری نقطۂ پیما: (مذ) آخری مقام جس کے آگے نہ جایا جا سکے۔ end point

آخور : (مث) سڑی بُسی چیز۔ضائع کھانا۔کوڑا کرکٹ

آخوردان : (مذ) کوڑے دان۔آخورانداز۔ dust bin

آدابِ طعام : table manners

آروغ : (مث) ڈکار۔ burp

آڑ باندھنا : پردہ کرنا

آسمان گیری : آسمان تک رسائی

آزادنامہ : (مذ) غلام کی آزادی کے لیے لکھی جانے والی دستاویز

آگ جھاڑنا : آگ سے راکھ ہٹانا۔ چقماق سے آگ نکالنا

آلودگی شکن : وہ جس سے آلودگی دور ہو۔ anti-pollutant

آمیختہ : ملایا ہوا۔مرکب۔آمیزہ

آمیزہ : مِلایا ہوا۔مرکب، آمیختہ

آنکھ سینکنا : نظارہ بازی کرنا

آوازِ جرس : قافلے کی گھنٹی

آواز ڈوک میں آنا: سن بلوغت میں آواز پھٹنا، بھاری ہونا

آوازۂ اتحاد : کسی خاص مقصد کے لیے لوگوں کو اکٹھا کرنے کے لیے استعمال کیا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



جانے والا نعرہ۔ rallying cry

آویختہ : لپٹا ہوا۔ لٹکا ہوا

آہستہ اعادہ : وِیڈیو ٹیپ پر فِلمائے گئے کھیل کے مقابلے کے کسی حصہ کو فوری طور پر

سُست رفتاری میں دوبارہ دکھلایا جانا۔ action replay

آہن رُبا : (مذ) مقناطیس

آہنی خرمن : (مذ) مِزائیل رکھنے اور داغنے کی زمین دوز جگہ۔ silo

..............................................

## ا (اِلف)

ابیر : (مذ) ہولی میں ایک دوسرے پر چھڑکنے کا برادہ

ابجدی قُفل : (مذ) بغیر کنجی کا قفل جس پر حروف یا ہندسے لکھے ہوتے ہیں جنہیں ایک خاص ترتیب دینے سے قفل کھل جاتا ہے۔ combination lock

اِبداع : (مث) نیا آغاز۔ origin

ابداعت : (مث) نیا پن۔ originality

ابداعی : (مث) نئی۔ original

ابدال : (مذ) افغانوں کے ایک جرگے کا مورث اعلیٰ

ابعاد ثلاثہ : لمبائی، چوڑائی اور گہرائی

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



اُبھراؤ کاری : کسی سطح پر ابھار کر منقش کیا گیا کوئی لفظ، نشان یا ڈیزائن۔ مثبت کاری۔

embossing

اُتارا : (مذ) ڈیرا ڈالنے، ٹکنے کا مقام۔ پڑاؤ

اَتاشی : سفارت خانے کے عملہ کا ایک عہدیدار۔ attache

اثراتِ واپسیں: کسی عمل سے بعد میں ہونے والے اثرات۔ after effects

اجزائے ترکیبی: مختلف عناصر، جو آپس میں مل کر ایک چیز بناتے ہیں۔ composition

اجلاف : رذیل پیشہ لوگ

احتراق : (مذ) شِدت حرارت سے جلنا۔ combustion

اِحتفار : (مذ) کھدائی۔ excavation

اِحصاءِ تفرقی : ریاضی کی ایک صِنف۔ differential calculus

اختی گھوڑی : (مث) عام زبان میں سینہ سپاٹ عورت

ادافروش : (مث) طوائف

اربابِ عشرت: ناچ رنگ دیکھنے والے لوگ

اربابِ نشاط : ناچنے گانے والے لوگ

اِرتجاع : (مذ) باہمی اثر کرنا۔ ردِ عمل۔ reaction

اِرتکاز : (مذ) ایک نُقطے پر اکٹھا ہونا یا کرنا۔ concentration

اُردابیگنی : (مث) محل میں پہرہ دینے والی مسلح عورت، قلماقنی۔ تُرکنی۔ قلماکنی۔ تِلنگنی

اردب : (مذ) بادشاہ کو بچانے کے لیے بیچ میں آنے والا شطرنج کا مہرہ

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



اَز کارِ رفتہ : ناکارہ۔خستہ و درماندہ

اُسطوانہ : ستون، تھم، کھمبا، لاٹھ۔cylindrical

ارضِ فاصِل : (مث) ملکوں کی سرحدوں کے بیچ کا خالی علاقہ۔no man's land

اُڑنا گنی . : (مث) جھگڑالو عورت

اُڑنکو : اُڑنے کی صلاحیت رکھنے والا

اَزدیاد : آگے بڑھانا۔پیشرفت۔ترقی

اِستبرائی کاغذ :(مذ) رفع حاجت کے بعد استعمال کیا جانے والا خصوصی کاغذ۔ٹوائلٹ پیپر

اِستحالہ : (مذ) حالت تبدیل ہو جانا۔شکل صورت اور خاصیت بدل جانا

اِستصواب رائے: کسی عوامی مسئلہ کے بارے میں عوام کی رائے لینا۔رائے شماری۔

referendum, plebiscite

اِستغراق : (مذ) قرض کی ادائیگی کے لیے جائداد کو ذمہ وار کر دینا

اِستقبالیہ : (مذ) مہمان کے استقبال میں کہے گئے جملے۔مہمانوں کا خیر مقدم کرنے کی جگہ۔reception

اِستماع : (مذ) غور سے سُننا

اِستمراری : ہمیشہ رہنے والا، مستقل

اسراع : (مذ) رفتار میں تیزی

اِسفنج : (مذ) ایک سمندری مخلوق۔ایک جوف دار مصنوعی اور تقریباً بے وزن مادہ جو پانی جذب کر لیتا ہے اور نچوڑنے پر فوراً سوکھ جاتا ہے۔sponge

اسمائے معززین: معززین کی فہرست۔ roll of honor

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



اِشاراتی عدد : کسی علاقے کی اعدادی شناخت۔ area code, pin code

اِشاع : (مذ) کسی شے سے حرارت یا روشنی کی شعاعیں نکلنا۔ radiation

اِشتمال : شامل کرنا یا مِلانا۔ اشتمالات (جمع)

اشتمالیّت : (مث) اشتراکیت۔ ایک نظام حکومت جس میں جائداد نجی نہیں بلکہ حکومت کی ملکیت ہوتی ہے اور اسی نظریے کی رُو سے ملکی وسائل پر سب کا حق تسلیم کیا جاتا ہے۔ communism

اشتہار کاری : (مث) کسی چیز کی تشہیر کرنا۔ advertising

اشرافیہ : (مث) با اثر لوگ جو ایک نظام حکومت میں اعلیٰ اقتدار کے مالک ہوتے ہیں۔ خواص کی حکومت

اشراع : (مذ) کھولنا، ظاہر ہونا

اشکِ شمع : جلتی ہوئی موم بتی کے پگھلتے موم کے گرتے ہوئے قطرے

اشک شوئی : (مث) جھوٹی تسلی۔ eye wash

اِعتاق : (مذ) غلام یا کنیز کو آزاد کرنا

اِغماض : (مذ) جانتے ہوئے بھی نظر انداز کرنا۔ چشم پوشی

افزائندہ : (مذ) بڑھانے والا

افزوں کار : بڑھانے والا۔ pusher

افزونی : (مث) زیادتی۔ بڑھوتری۔ افزودگی۔ افزوں کاری۔ ایزاد۔ افزودہ کرنا۔ to enrich

اِقامت گاہ : جہاں قیام وطعام کا بندوبست ہو۔ boarding house

اَلاؤ : کھلے میں جلائی جانے والی بڑی آگ۔ bonfire

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



اِلتہاب : (مذ) شعلے کا بھڑکنا

انگبین : (مذ) شہد۔ عسل

اِلزامی : (مذ) اِلزام لگانے والا۔ مُلزم قرار دینے والا

اِلصاق : (مذ) چسپاں کرنا۔ چِپکانا

انبار انداز : (مذ) ڈُلاؤ۔ گھورا۔ dumping ground

اِنتظاریہ : (مذ) ضرورت پڑنے پر یقینی حمایت۔ standby

اِنتظاریہ : (مذ) اِنتظار کا مختصر وقفہ

اندوختہ : (مذ) جمع کیا ہوا

اِنتظامیہ : (مث) کارِ حکومت کو چلانے والا عملہ۔ administration

اِنتفاع : (مذ) فائدہ اٹھانا

اِنتقاد : (مذ) نکتہ چینی، تبصرہ کرنا

اِنتقاض : (مذ) توڑ دینا، شکست

اِنتقام گیری : بدلہ لینا

اَنٹیانا : اُنگلیوں کے بیچ میں یا ہتھیلی میں چھپانا۔

اندرونِ شہر : (مذ) شہر کا مرکزی کاروباری علاقہ۔ downtown

اِنشِقاق : (مذ) ایٹم کا دھماکے کے ساتھ پھٹنا۔ اِنفلاک

اِنضباطِ اوقات : (مذ) وقت کا تعین یا تقسیم

اِنطباع : (مذ) نقش ہونا، چھپنا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



اِنطباق : (مذ) منطبق ہونا، جڑنا

اِنقباض : (مذ) سکڑنا، بھنچنا، گرفتگی۔ implosion

اوائی : (مث) کسی کے آنے کی خبر۔ جھوٹی خبر۔ اوائی اُڑانا

اوباش : عیاش، بدچلن آوارہ قسم کا۔ رِندمشرب۔ Bohemian

اُوت : (مذ) جوان ہوکر جو بن بیاہا مر جائے

اوطان : وطن کی جمع

اِیزاد : (مذ) زیادتی۔ اضافہ

..............................

## ب

بارِیش : داڑھی والا، داڑھی دار

برومند : پھل لانے والا، فائدہ حاصل کرنے والا

برق زدہ : جس پر بجلی گری ہو

باخبری : awareness

بااختیاریٔ نسواں : women's empowerment

بادگرد : بگولا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



بازآبادکاری : دوبارہ بسانا۔ rehabilitation

بازاِرتعاش : واپس مرتعش ہونا۔ reverberation

بازحوالہ : حوالہ درحوالہ۔ cross-reference

بازخواہی : جواب طلبی

بازنامہ : (مذ) عرضی سے دستبرداری

بازی کھانا : قلابازی کھانا

بالاجماع : سب کی رضامندی سے

بالاخانہ : (مذ) مکان کے اوپر کا کمرہ۔ طوائف کا کوٹھا

بالائے صوت: آواز کی رفتار سے تیز۔ ماوٗرائے صوت۔ بالاصوتی۔ super sonic

بالقابہ : اپنے تمام القاب واعزازات کے ساتھ

باہمدگر : ایک دوسرے کے ساتھ۔ آپس میں

باہمدگرآویختہ: ایک دوسرے سے لپٹے ہوئے

بازنشستہ : جو ملازمت سے سبکدوش ہوگیا ہو۔ retiree

بالائی کارکن : کسی خفیہ تنظیم کا سامنے کا کارکن۔ surface worker

بانا : (مذ) کپڑے کی چوڑائی میں لگے دھاگے۔ پود

بانک : (مث) کمان۔ دھنک

بٹ مار : (مذ) ڈاکو۔ رہزن

بٹے باز : دغاباز۔ شعبدہ باز۔ بازی گر

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



بدچشم : وہ جس کی آنکھیں دوسروں کی دولت اور جوان عورتوں پر ہوں

بدیہی : وہ بات جو ظاہری طور پر درست اور واضح ہو۔ prima facie

برخود غلط : اپنے متعلق غلط رائے قائم کرنے والا۔ ضرورت سے زیادہ پُر اعتماد

برقیاتی رابطہ : برقیاتی نظام کا حصہ۔ hook-up

بصری اِلتباس: (مذ) فریبِ نظر۔ optical illusion

برق آفریں : بجلی پیدا کرنے والا اِنجن۔ dynamo۔ جنریٹر

برقابی : پانی سے پیدا کی گئی بجلی (کا)۔ hydro-electric

برق پارہ : ion

برق رُبا : (مذ) عمارتوں پر لگایا جانے والا ایک آلہ جس کے ذریعہ آسمانی بجلی کوئی نقصان کیے بغیر زمین میں چلی جاتی ہے۔ برق موصل۔ lightening conductor

برقیرہ : (مذ) کسی مشین کا سرا جہاں سے کرنٹ پہنچانے کے لیے تار جوڑی جاتی ہے۔ electrode

برقی چرخی : بجلی کا دھُرا۔ armature

برقیہ : (مذ) neutron

برقیہ مثبت : (مذ) proton

برقیہ منفی : (مذ) electron

برقیات : electronics

برقیاتی ڈاک : e-mail

برقی قوس : (مث) دو اَن جڑے برقیروں (electrodes) کے بیچ بجلی کی لپک

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



سے پیدا ہونے والے بہت تیز اور سفید روشنی۔ arc light

برگرد : ایڑیوں پر الٹا گھوم جانا۔ about turn

برنہاد : (مذ) کسی ایک چیز کا دوسری پر انطباق۔ superimposed

برُوں خوف : اپنے اِردگرد کے ماحول سے خوفزدہ ہوکر گھر سے باہر نکلنے کا ڈر۔

agrophobia

بروں خائف : کھُلی جگہ پر جانے کا ڈر۔ agrophobic

برُونِ در : کمرے کے باہر، کھلے میدان میں۔ open air

برِیت : (بَ ری یت۔مث) کسی لچکیلی چیز کی مار سے جسم پر پڑ جانے والے نشان

بُڑبھس : بُڑھاپے میں جوانی کی باتیں کرنا

بسالت : (مذ) خُشک لاوا۔ basalt

بِساند : (بِساند۔مث) گوشت، مچھلی کی بُو۔ بِساہند

بطوعِ خاطر : رضا و رغبت سے، بطیّبِ خاطر

بغلی : پہلو کا، پہلو سے یا پہلو کی جانب جانے والا

بغلی زنجیرہ : side chain

بقائے اصلح : (مث) بقائے بہترین۔ survival of the fittest

بُگنی : (مث) بچوں کا پیسے بچا کر رکھنے کا چھوٹا سا ڈبہ / برتن piggy bank

بلاکش : سگریٹ پر سگریٹ پینے والا

بلانوش : بہت شراب پینے والا

بلدیہ : شہر کی صحت و صفائی کا ذمے دار محکمہ۔ municipality

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



بنسی باز : کانٹے کے ساتھ مچھلی کا شکار کرنے والا۔ angler

بنیٹی :(بَ نے ٹی۔مث) وہ بالن جس کے دونوں سروں پر کپڑا لپیٹ کر اور اسے آگ لگا کر سر اور بدن کے گرد پھراتے ہیں۔بنیٹھی

بوسۂ مرگ :(مذ) ظاہری مفاد میں چھپی یقینی موت۔ kiss of death

بوئی : (مث) بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام۔کوکو۔ bugbear

بھبکی : (مث) ڈرانے دھمکانے کے لئے منہ سے اونچی آوازیں نکالنا۔گھرکی

بھتّا : (مذ) تنخواہ کے علاوہ ملنے والی رقم۔ allowance

بھِدنا : کسی سفوُف کا کسی چیز میں سرایت کر جانا۔کسی چیز میں بُو بس جانا

بھراؤ : (مذ) ملبے، مٹی وغیرہ سے گڑھے کو بھرنا۔بھرائی، بھرتی

بھرت : (مث) دو سے زیادہ دھاتوں کو آپس میں ملانا۔ alloy بنانا

بھسکنا : بھینس کی طرح کھانا

بھُسا کوُ : ہلکا سا تمباکو جس میں کڑواہٹ نہ ہو۔بھُس کی طرح تمباکو

بھُکراند : (مث) سڑے گلے اناج کی بدبُو۔ناگوار بُو۔بھُکراندا

بھکّل : (بھک کل۔مث) کسی بند مکان یا کسی محدود جگہ کے اندر کی گرم ہوا

بھگت باز : ہندوؤں کا ایک فرقہ جو لڑکوں کو نچاتا اور سوانگ بھر کر تماشہ دکھاتا ہے

بھنڈا خانہ : حُقے کا سامان رکھا جانے کا کمرہ

بین الصفوف راستہ: (گرجے میں) دونوں اطراف کی کرسیوں کا درمیانی راستہ

بے تشُکّا : جس میں ہم آہنگی نہ ہو۔ unsymmetrical

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


بیٹا ساز : ایک جوہری آلہ جس سے الیکٹرون کو بیٹا شعاؤں میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ betatron

بے چوبہ : بِنا کھمبوں کا آشیانا۔ آسمان

بے دُود : دھوئیں کے بغیر۔ smokeless

بیں ہتھا : بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا، ڈکورا۔ ڈکوری۔ Lefty

# پ

پابدامن : گوشہ نشین۔ دامن میں پاؤں سمیٹے ہوئے۔ جس نے چلنا پھرنا چھوڑ دیا ہو

پابہ گِل : جس کے پاؤں مٹی میں ہوں

پاتابہ : (مذ) جُوتے کے اندر کا پتلا تلا

پاتراب : (پائے تُراب) شگون سفر کے لیے گھر سے نکلنا

پاچراغ : ایک پاؤں پر کھڑا

پائیں عالم : چھپے ہوئے مجرموں کی دنیا۔ under world

پٹہ : (مذ) وہ تحریر جس کے ذریعہ زمین لگان یا کرائے پر دی جائے

پٹھار : (مذ) بُلندی پر ہموار اور مسطح زمین۔ plateau

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



پٹھیا : (مث) نوعمر لڑکی

پٹیتی : (پ ٹے تی) پڑوس میں رہنے سے ہونے والی عداوت

پچھلپائی : (مث) جس کے پاؤں کا رُخ پیچھے کی طرف ہو۔ چڑیل

پُرباد : ہوا سے بھرا ہوا

پرچم افرازی : ہاتھ میں پکڑ کر چھوٹی چھوٹی جھنڈیاں ہلانا۔ flag waving

پرچم چڑھانا : hoisting the flag

پرچم کشائی : unfurling the flag

پرچمی اِشارہ : ہاتھوں میں جھنڈیاں لے کر پیغام رسانی کرنا۔ semaphore

پردہ دری : جاسوسی، مخبری

پرسیر شدہ : جو مزید سیال جذب نہ کر سکے۔ saturated

پروانۂ گرفتاری : arrest warrant

پرورِندہ : (مذ) پرورش کرنے والا

پرِیوا : (پَ ری وا۔ مذ) مہینے کا پہلا دِن

پسِ تکمیل : تکمیل کے بعد۔ post production

پسِ شیو : شیو کے بعد گالوں پر لگایا جانے والا لوشن۔ after shave

پسِ ذائقہ : بعد کا مزہ۔ after taste

پنج شاخہ : (مذ) پانچ شاخوں والا لوہے کا پنجہ جن پر فلیتے چڑھا کر روشن کر کے جلوس میں چلتے ہیں۔ پنجی

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



پُوتھیا : (مث) تمباکو کی تھیلی جسے گنوار پگڑی میں اُڑس لیتے ہیں

پہل کاری : نگینے کا مصنوعی کٹاؤ جو سان پر گھس کر بنایا جاتا ہے

پھانس : (مث) لکڑی یا بانس کا ریشہ جو جسم میں چبھ جائے۔ خلش، رنج

پھانکی : (مث) ایک بار میں پھانکا جانے والا سفوف

پھریرا : (مذ) جھنڈا۔ پرچم

پُھریری : (مث) لرزہ۔ کپکپی

پیچواں : لمبی اور لچکدار نے والا حُقہ

پیر بُھچڑی : (مذ) ہیجڑوں کا پیر

پیر بُھچڑی کی کڑاہی: (مذ) ہیجڑوں کے پیر بُھچڑی کے فاتحہ کا حلوا جو کسی کو ہیجڑا بناتے وقت یہ لوگ بناتے ہیں اور آپس میں تقسیم کرتے ہیں

پیر ہشتاد سالہ: اسّی سال کا بوڑھا۔ octogenarian

پیر تسمہ پا : پیچھا نہ چھوڑنے والا

پیش ساخت : کارخانے میں دھات یا لکڑی کے کسی ڈھانچے کے الگ الگ ٹکڑوں کو پہلے سے بنالینا تاکہ بہ وقت ضرورت انہیں کسی دوسری جگہ لے جاکر بہت کم وقت میں جوڑ کر کھڑا کر دیا جائے۔ pre fabrication

پیش نامہ : (مذ) کسی میٹنگ میں ہونے والی کاروائی کا اِشاریہ۔ agenda

.................................

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



# ت

تابہ : پیچیدہ۔ بل کھایا ہوا۔ روشن۔ توا

تابستانی : موسم گرما سے منسوب

تاجِ شمع : (مذ) شمع کا شعلہ

تار : (مذ) دھات کا لمبا اور گول ڈورا

تار بستہ دنیا : تاروں کے مواصلاتی نظام سے جڑی دنیا۔ wired world

تارِکہ : (مث) تنہا رہنے والی عورت

تاریخ مقام : (صحافت میں) وہ جگہ اور تاریخ جہاں سے اخبار کا نامہ نگار اپنے اخبار کو کوئی خبر ارسال کرتا ہے۔ dateline

تاریخ و مقام : سطحِ زمین پر ایک خیالی خط جو قُطب شمالی سے قطب جنوبی کی سمت میں 180 ڈِگری طُول البلد پر بحر اُلکاہل میں سے ہوتے ہوئے گزرتا ہے اور جس کی دونوں اطراف میں تاریخیں الگ الگ ہوتی ہیں۔ یہ خط بحر ہند اور بحر اطلانتک میں سے نہیں گزرتا۔ dateline

تازہ کاری : تازہ ترین اطلاع کی فراہمی۔ to update

تاڑ باز : (مذ) عورتوں کو گھورنے والا۔ تاڑُو۔ نظارہ باز

تالیف : کچھ چیزوں کو باہم ملا کر نئی چیز بنانا۔ synthesize

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



،، : مختلف مضامین جمع کر کے نئی کتاب ترتیب دینا

تالیفی : کیمیاوی طریقے سے بنایا ہوا۔ synthetic

تامین : (مث) ملکی صنعتوں کی حفاظت

تامینی تجارت: ملکی تجارت کے تحفظ کے لیے غیر ملکی چیزوں کی درآمد پر پابندی لگانا

تامینی محصول : درآمد کی گئی اشیا پر زیادہ محصول لگانا customs tax

تاویل : جواز justification

تائید مزید : کسی بات کی موافقت جو ایک کے بعد دوسرا کرے

تبرّع : (ت بَ رُ رع۔ مذ) کسی کو ذاتی امید یا غرض کے بغیر دینا

تبرید : (مث) ٹھنڈا کرنا۔ refrigeration

تبریق : (مث) کسی چیز میں برقی رو دوڑانا۔ برقانا

تبادُل : (مذ) کسی چیز کا بدل۔ کوئی دوسری صورت

تپنچی : (مذ) مالگزاری کا ایک افسر

تتمہ : (تَ تم مَہ۔ مذ) کسی چیز کا آخری حصہ۔ بقیہ

تتمہ چالان : نامکمل چالان کے بعد مقدمے کی تفتیش ختم ہونے پر عدالت میں پیش کیا جانے والا چالان

تثبیت : (مث) چپکانا

تثلیث : (مث) تین حصوں میں تقسیم ہونا یا کرنا۔ trifurcate

تجنیس : (مث) ہم جنس ہونا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



تخارُج : (مذ) چند وارثوں میں سے ایک یا دو کا مالِ متروکہ سے کچھ لے کر سارے مال سے دستبردار ہو جانا

تحتِ احمر : ماوٗرائے احمر شعاعیں۔ infra red rays

تحت الارض : زمین کے نیچے کا حصہ

تحت الثریٰ : (مث) زمین کے اندر گہرائی میں۔ پاتال

تحت الشاع : (مذ) قمری مہینے کے آخری دن جب چاند سورج کے قریب آکر سورج کی شعاؤں کے نزدیک ہو جاتا ہے اور نظر نہیں آتا

تحت الشعور : (مذ) دماغ کے وہ فعل وعمل جن کے متعلق ہمیں بے خبری یا نیم خبری ہوتی ہے۔

تحجّرُ : (ت ح جُ ر۔ مذ) پتھر ہو جانا یا کر دینا۔ petrify, petrification

تحریرِ اجازتی : مقروض اور قرضخواہ کے درمیان یہ اقرار کہ قرضخواہ اپنا دعویٰ ملتوی رکھ کر مقروض کو کاروبار جاری رکھنے کی اجازت دیتا ہے

تحریک اعتماد : پالیمانی ادارے میں حکومت کی طرف سے پیش کی گئی تجویز پر ایوان سے اعتماد طلب کرنا

تحریک التوا : پارلیمانی ادارے میں زیرِ بحث مسئلے پر کسی رکن کی طرف سے تجویز کردہ بحث ملتوی کرنے کی تحریک

تحصیلات : (مث) حصولیابیاں

تحقیرِ عدالت : (مث) توہینِ عدالت۔ contempt of court

تحقیقاتِ ابتدائی: (مث) preliminary investigation

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


تحکیم : (مث) command

تحویل صعودی: (مث) چھوٹی رقم کو بڑی رقم میں تبدیل کرنا۔ جیسے پیسوں کو روپوں میں

تحویل نزولی : (مث) بڑی رقم کو چھوٹی میں تبدیل کرنا، جیسے روپئوں کو پیسوں میں

تختۂ اشتہار : (مذ) sign board

تختۂ جست : (مذ) spring board

تختۂ گُل : (مذ) پھولوں کی کیاری

تخصیص جوئی: (مث) خصوصیت۔ particularity

تخفیف اسلحہ : (مث) فوج کے اسلحہ میں کمی کرنا۔ تخفیف افواج

تدارُک : (مذ) کسی نقصان کو روکنے کے لیے احتیاطی تدابیر

تدوِین : editing

تراش خراش : (مث) کانٹ چھانٹ۔ قطع وبُرید۔ cropping

تراشہ خانہ : (مذ) تراشے رکھنے کی عارضی جگہ (کمپیوٹر کے ضمن میں)۔ clipboard

ترطِیب : (مث) رطوبت پہنچانا۔ تر کرنا

ترقیق : سیّال میں بدلنا۔ liquefaction

ترکِ موالات: حُقہ پانی بند۔ سماجی تعلقات توڑلینا۔ مقاطعہ۔ boycott

تُرکنی : (مث) محل میں پہرا دینے والی مسلح عورت سپاہی۔ قلماقنی، تِلنگنی۔ اُردابیگنی

تسدِیس : (مث) شش پہلو شکل بنانا

تسرّع : (مذ) رفتار میں تیزی

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



تسریع : (مث) رفتار میں تیزی کرنا

تسلیم کاری : (مث) حاکم یا حکومت کی بات ہمیشہ مان لینا

تسمہ : (مذ) چمڑے کا پتلا لمبا ٹکڑا، جوتے کا فیتہ

تشت : (مذ) پاخانے کا برتن۔ حاجتی

تشریطی : شرطوں کے ساتھ۔ مشروط

تشریک : (مث) کسی کو حصہ دار بنانا

تصعید : (مث) بُخارات میں بدل کر ٹھوس مادے میں منجمد کرنا۔ sublimation

تصلیب : (مث) صلیب پر چڑھانا

تصویب : (مث) جسے غلط ثابت نہ کیا جا سکے۔ authenticity

تضبیط : (مث) برتاؤ یا کام میں سلیقہ شعاری۔ decorum

تطوِیل : (مث) لمبا کرنا۔ دیر۔ اِلتوا۔ موخر کرنا

تظلِیل : (مث) منصوبہ بندی

تعرض وتوازن: (مذ) حکومتی اداروں کو بدعنوانیوں اور مکمل خود مختاری سے باز رکھنے کے لیے پابندیوں کا ایک نظام۔ checks and balances

تعزِیل : (مث) معزول کرنا، عہدے سے ہٹانا

تعطل : (مذ) بے کار ہونا۔ deadlock

تعقِیب : (مث) کسی چیز کو کسی چیز کے بعد کرنا

تعلیقہ : (مذ) قرق شدہ سامان کی فہرست۔ قرقی سے متعلق

تعلیل : (مث) وجہ بیان کرنا۔ عِلت بیان کرنا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



تعیّشات : سامانِ تعیش۔ luxury goods

تفوِیض : (مث) سونپا یا دیا گیا (کام) سپردگی۔ حوالگی۔ تفویضات (جمع)۔
assigned

تقاطُر : (مذ) قطرہ قطرہ ٹپکنا یا ٹپکانا۔ قطرے گرنا

تقرُّب : (مذ) نزدیکی، قرب

تقریبی : تقریباً

تقطِیر : (مث) کسی سیال سے ٹھوس ملاوٹوں کو الگ کرنے کے لیے اسے فِلٹر میں سے گزارنے کا عمل۔ filteration

تقلِیب : (مث) ہیئت کی تبدیلی۔ قلبِ ماہیت۔ اِستحالہ۔ metamorphosis
transmutation

تقوِیم : (مث) جنتری۔ کیلنڈر

تکاثُف : (مذ) گاڑھا یا گھنا کرنا یا ہونا۔ تکثیف۔ condensation

تکُس
تکس : (تک کس۔ مذ) وہ پتا جس میں پان کی گلوری رکھ کر مخروطی شکل کی پُڑیا بناتے ہیں

تکسِید : (مث) فضا میں موجود آکسیجن کا دھات پر اثر انداز ہو کر زنگ لگنا۔
oxidization

تکلّمی
: بات کرکے، زبانی۔ ملفوظی

تکمِلہ : (مذ) وہ جس کے ہو جانے سے کچھ مکمل ہو جائے۔ جزوِ لازم

تکّی
: (مث) آدمی کی پیٹھ پر سواری کرنا

تِل : (مذ) وہ نکتہ جہاں محدب شیشے میں سے گزر کر سورج کی کرنیں جمع ہوتی ہیں

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



تِلائی : (مث) مشعل کو کُپی سے تیل پلانا

تلبیس : (مث) لباس پہنانا۔ پُر فریب بنانا۔

تلبیسِ شخصی : (مث) فریب دینے کے لیے کسی کا روپ بھرنا۔ impersonation

تلبیسِ لباس : (مث) دھوکا دینے کے لیے سرکاری وردی یا کوئی اور لباس پہننا

تلچھٹ : (مث) تہ میں نیچے بیٹھ جانے والا مادہ۔ تل نشین۔ تہ نشین۔ دُرد

تلخابہ : (مذ) کڑوا پانی

تلف پذیر : جسے ضائع کیا جا سکے۔ disposable

تِلگنی : (مث) پتلے کانچ کی طرح کی ایک مٹھائی

تل نشینی : (مث) سیال میں مادے کا نیچے بیٹھ جانا۔ sedimentation

تِلوانسا : چراغ اس طرح رکھنا کہ تیل بتی کے قریب رہے

تمنائے مرگ : (مث) آخری خواہش۔ death wish

تنبیہی : اِنتباہی۔ cautionary

تنسیخ : منسوخ کرنا

تنصیف : (مث) دو حصوں میں تقسیم ہونا یا کرنا۔ خطِ تنصیف۔ bifurcate، bisect

تنقیہ : (مذ) ناپسندیدہ عناصر کو نکالنا۔ قبض کُشا۔ purgative

تنگ : (مذ) گھنٹہ۔ گھڑیال

تنوِیم : مسمرِزم۔ ہپناٹزم

توارُث : (مذ) وِرثے میں پانا۔ heredity

توارُثی : وِراثتی۔ hereditary

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



توافُق : (ت وفُق ۔ مذ) مطابقت میں ڈھلنا یا ڈھالنا۔ adjustment

توتَم : (مذ) کوئی خاندانی یا قبیلیائی مقدس نشان ۔ توتمی ۔ totem

توثیقی دستخط : (مذ) مزید تصدیق کے لیے اعلیٰ افسر کے دستخط۔counter-signature

توَطُّن : (تَ وطّن ۔ مذ) وطن بنانا۔ وطن اختیار کرنا

تُومڑا : (مذ) کدو کو اندر سے خالی کر کے اور سکھا کر بنایا جانے والا فقیروں کا برتن

تُومڑی : (مث) تربوز سے بنایا گیا چراغ

تُونبی : (مث) چھوٹا کشکول

تھاپا : (مذ) چوروں کی طرف سے لگایا جانے والا نشان جو اس گھر پر لگا دیا جاتا ہے جہاں چوری کرنا مقصود ہے

تھاپی : (مث) چپّو یا بلّے کا چپٹا حصہ، موگری

تھانگی : (مذ) چوروں کو پناہ دینے والا۔ تھانگیا

" : مال مسروقہ خریدنے والا

تھانگی دار : مال مسروقہ خرید کر فروخت کرنے والا

تھوک بندی : گاؤں کی تقسیم پر لکھا جانے والا اقرار نامہ

..............................

ٹ

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



ٹپّا : (مذ) ڈاک یا پالکی لے جانے والوں کی چوکی۔ پڑاؤ

ٹِپکا : (مذ) انگلی سے لگایا گیا رنگ کا دھبہ۔ آتشی شیشے کا نقطۂ شعاعی

ٹپکا : (مذ) راستے میں پیتل کا کڑا رکھ کر کسی سادہ لوح آدمی کو پھانسنے کی کوشش کرنا

ٹُرّا : (مذ) پیئے ہوئے سگریٹ کا بچا ہوا چھوٹا سا ٹکڑا۔ cigarette butt

ٹُسکنا : بچے کا چپکے چپکے رونا۔ بسورنا

ٹکڑخور : (مذ) دوسروں کا بچا کھچا کھا کر گزارہ کرنے والا۔ طفیلیہ

ٹکڑی لگنا : جواریوں کا ایک جگہ پر جوا کھیلنا

ٹِلکنا : (مذ) بوڑھوں کی طرح لُڑھکتے ہوئے چلنا

ٹوٹکا : جادو، ٹونا۔ تدبیر

ٹونا : جادو، ٹوٹکا، تدبیر

ٹھاٹا : (مذ) نہ پہچانے جانے کے لیے منہ پر لپیٹا جانے والا کپڑا۔ ڈھاٹا

،، : (مذ) داڑھی جمانے کے لیے منہ پر باندھا جانے والا کپڑا۔ ڈھاٹا

ٹھیکرا : (مذ) مٹی کے برتن کا ٹکڑا

..............................................

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



## ث

ثریٰ : (مث) زمین کے نیچے کی مٹی۔ گیلی مٹی

ثُریّا : (مذ) سات ستاروں کا جھرمٹ

.....................................

## ج

جاب : (مذ) میووں پر ڈالنے کا جال

جامِ آخرِ شب: (مذ) سونے سے قبل پیا جانے والا جامِ شراب۔ night cap

جبری کفایت : (مث) دنیاوی آسائشوں سے اِجتناب۔ austerity

جبری مشقت: (مث) ڈرا، دھمکا کر، قید کر کے غیر قانونی طور پر کسی سے جسمانی کام کروانا۔ forced labour

جبری بیگار : " " " "

جرسِ نقب : (مذ) نقب لگتے وقت گھر والوں کو خبردار کرنے والا آلہ۔ burglar alarm

جرسی خادِم : (مذ) گھنٹی کی آواز پر آنے والا نوکر۔ bell hop

جرگہ : (مذ) قبائلی پنچایت، جو اپنے قبیلے کے معاملات کا فیصلہ کرتی ہے

جرِیب : (مث) ساڑھے پانچ گز کا ناپ (زمین ناپنے کے لیے)

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



جُزوقتی : تھوڑے وقت کے لیے۔ part time

جُگاڑ : (مذ۔ڈوگری) کسی بھی طرحکسی مسئلے کا عارضی حل نکال لینا۔ جگاڑ کرنا

جُگان :(مث) دھلے ہوئے کپڑوں کی گٹھری

جَلُو : (مث) خالی گھوڑا جو سواری کے ساتھ صرف زینت کے لیے لے جایا جاتا ہے

جلوخانہ : (مذ) صدر دروازے کے سامنے کا میدان جہاں سے شاہی جلوس ترتیب دیا جاتا ہے

جلودار : (مذ) گھوڑے کی باگ پکڑ کر چلنے والا شخص

جماد : (مذ) جس میں بڑھنے کی قوت نہ ہو۔ پتھر۔ جمادات (جمع)

جنس ظرف : جنسی کشش کا حامل (خصوصاً عورت)۔ sex pot

جنسی سیاحت: ایسی سیاحت جس میں جنسی تعلقات کی سہولت فراہم ہو

جنسیاتی : جنس سے متعلق۔ sexual

جوگا : (مذ) افیون کو گھولنے کے بعد نکلنے والا فضلہ

جہدگر : struggler

جھارا : (مذ) پتلی چھنی ہوئی بھانگ

جھرمٹ : عورتوں کا اجتماع

جھڑن : (مث) چھیلن، کترن، کھرچن، جو کچھ جھاڑنے کے بعد ہاتھ آئے، نفع۔ بالائی آمدن

جھالنا : دھات کا جوڑ یا ٹانکا لگانا۔ برف میں پانی یا شراب کو رکھ کر ٹھنڈا کرنا

جھول : (مذ) ایک بار میں کئی بچوں کو جننا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



جھولن : (مث) دو درختوں یا لکڑی کے دو کھمبوں کے درمیان لٹکتا ہوا جالی دار عارضی بستر۔ hammock

.....................................

## چ

چاندن : (مذ) چاندنی راتوں کے پندرہ دن

چاندنا : (مذ) چاندنی رات۔ چانَنا

چاہِ ایوان : (مذ) کسی بھی قانون ساز ادارے کے ایوان کے اندر صدر نشین کے آگے کی نشیبی جگہ۔ Well of the House

چَبِّینہ گوند : چبانے والی گوند۔ chewing gum

چُچوڑنا : گوشت یا ہڈی کو چُوسنا

چٹانی غار : (مذ) چٹان میں بنی ہوئی غار۔ rock cave

چِرانْد : (مث) چمڑا، بال یا ہڈی وغیرہ جلنے کی بد بو۔ چِراہند.

چِرمی : چمڑے کا

چڑیا خانہ : (مذ) جہاں پرندے رکھے جاتے ہیں۔ aviary

چڑیا گھر : (مذ) جہاں طرح طرح کے جانور رکھے جائیں۔ zoo

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



چشم بند : (مذ) ایک آنکھ پر بندھا ہوا کپڑے کا گول ٹکڑا۔ eye-patch

چشم کُشا : آنکھیں کھول دینے والا۔ eye opener

چشمِ گربہ : (مث) گاڑی کے ڈرائیور کی رہنمائی کے لیے سڑک پر لگائے جانے والے نشان جو اندھیرے میں چمک کر راہ کے تعین میں مدد کرتے ہیں۔ cat's eye

چکتی : (مث) چمڑے کا چھوٹا گول ٹکڑا۔ ٹکیا

چِلّہ : (مذ) کمان کی تانت۔ سپیسر

چمرس : (مث) نئی جوتی کی رگڑ سے ہونے والا زخم

چمک چاندنی: (مث) وہ عورت جو اوباش عورتوں کی طرح ہر وقت بنی ٹھنی رہتی ہے۔ چمک چانی

چوبدار : (مذ) سونے یا چاندی کا خول چڑھا ہوا عصا لے کر امیروں کے آگے آگے چلنے والا نوکر

چوبی : لکڑی کا

چوگوشہ : چار کونوں والا۔ quadrangle

چھائی : (مث) راکھ۔ کوئلے کی چھائی

چھِچھلنا : کسی چیز کا کسی کو چھو کر بغیر توقف گزر جانا

چھنٹیل : بچی ہوئی خراب چیز جس سے اچھا حصہ نکال دیا گیا ہو

چھوچھی : (مث) سُوئیاں رکھنے کی نلکی۔ حقّے کی نے

چھِیلن : (مث) کسی چیز کو چھیلتے وقت نکلنے والے تراشے

..........................................

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


# ح

حاجِز : (مذ) بجلی کی تار پر چڑھا ہوا چھلکا۔ insulator

حادثہ مائل : جہاں حادثے کے امکانات زیادہ ہوں۔ accident prone

حادثہ میلان : زیادہ حادثے ہونے کے امکانات۔ accident proneness

حاشیانا : بے وقعت کر دینا۔ وقعت شکنی۔ marginalise

حاشیائی : تھوڑا تھوڑا، بہت کم۔ marginal

حاشیہ کا گواہ : کسی دستاویز کے حاشیے پر دستخط کرنے والا گواہ

حاشیہ نشین : پاس بیٹھنے والا۔ مصاحب

حاصلات : کسی عمل سے گزر کر بچ جانے والے یا ملنے والے نتائج۔ resultants

حاضرِ سروس افسر: (حاضرِ سروس افسر یا ملازم) جو اس وقت نوکری کر رہا ہو۔ serving officer

حاوِیت : بالا دستی۔ حاویانہ۔ hegemony

حُباب زا : جس میں سے بُلبُلے نکلتے ہیں۔ بُلبُلے چھوڑنے والا

حُباب زائی : بُلبُلے چھوڑنا۔ effervescence

حجری دَور : پتھر کا زمانہ۔ stone age, paleolithic

حجر : پتھر

حَجرِیات : چٹانوں کی ابتدا، ساخت اور بناوٹ کا علم۔ petrology

حجز : (مذ) جُدا کیا گیا۔ insulation

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



تجزیانا : جُدا کیا گیا۔ گرمی، سردی، ہوا، شور، آلودگی وغیرہ سے بچایا گیا۔ کرنٹ سے بچانے کے لیے بجلی کی تاروں پر مادہ چڑھانا۔ تجز کرنا۔ مُنفصل کرنا to insulate

حرارہ : (مذ) حرارت کی اکائی۔ calorie

حُرکت پزیر : جو حرکت کرنے کے قابل ہو۔ mobile

حُرکتِ مذبوحی : خودکشی والی حرکت۔ suicidal act

حُرکیات : حرکت سے پیدا ہونے والی توانائی۔ dynamics, kinetics

حُرک بیں : (مث) حرکی توانائی کی پیمائش کا آلہ۔ kinetoscope

حُرک نگار : (مذ) کاغذ پر حرکی توانائی کا لکھا جانا۔ kinetograph

حُرکیّت : (مث) حرکی توانائی۔ dynamism

حرفِ جزر : (مذ) لفظ کے آگے نچلے حصے پر دیا جانے والا اِشاراتی حرف یا عدد جو عام طور پر کیمیاوی اصطلاحوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے glucose کے لیے $C_6H_{12}O_6$ لکھا جاتا ہے۔ subscript

حرفِ مد : (مذ) لفظ کے آگے اُوپری حصے پر دیا جانے والا اِشاراتی حرف یا عدد جو عام طور پر ریاضی کی اصطلاحوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے 1st, 2nd, 3rd یا $2^a$ ۔ superscript

حساس گر : (مذ) محسوس کرنے والا آلہ۔ sensitizer

حساسیّت : حساس ہونے کی کیفیت۔ sensitivity

حِصارترسی : (مث) تنگ جگہوں کا خوف۔ claustrophobia

Kashmir Treasures Collection, Digitization by eGangotri

حظیرہ : (مذ) لکڑی یا بانس سے بنا ہوا احاطہ۔ کچھ رکھنے کے لئے محفوظ جگہ۔ cache

حقوق البشر : بنیادی انسانی حقوق۔ human rights

حکمِ اِمتناعی : (مذ) پابندی عائد کرنے کا حکم۔ prohibitory order

حکمِ ظہری : (مذ) کسی رپورٹ یا درخواست کی پشت پر لکھا جانے والا حکم

حل پذیر : حل ہو جانے والا۔ soluble

حل پذیری : مادے کی گھل جانے کی صلاحیت۔ solubility

حیاتیات : مطالعہ حیوانات و نباتات۔ biology

..............................

## خ

خاطِف : (مذ) اُچک کر لے جانے والا۔ خاطِفہ (تانیث)

خاقان : (مذ) چین، ترکستان کے بادشاہوں کا لقب۔ شہنشاہ

خال : (مذ) نظر بد سے بچانے کے لیے بچوں کے گال پر لگایا جانے والا کاجل کا نشان

" : چہرے یا جسم پر قدرتی سیاہ نقطہ

خانگی آویزش: گھریلو جھگڑا۔ domestic quarrel

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



خانگی تشدّد : گھریلو مار پیٹ۔ domestic violence

خانہ برانداز : گھر بار اجاڑ دینے والا۔ معشوق

خانہ بندی : (مث) حکومت کی جانب سے گھروں میں محدود رہنے کا حکم۔ curfew

خبر تشکیل : خبروں کی تزئین و ترتیب۔ news production

خبر خواں : (مث و مذ) خبریں بولنے والا۔ مُعلِن۔ مُعلِنہ (تانیث)۔ announcer

خُسُوف : چاند گرہن

خُشکالہ : (مذ) کوئی بند برتن جس میں رکھی چیز کو فضا میں موجود نمی سے بچانے کے لیے باریک کپڑے کی بالکل چھوٹی سی تھیلی میں cobalt chloride جیسے کیمیاوی مرکب رکھے جاتے ہیں تا کہ وہ برتن کی اندرونی فضا میں موجود نمی کو جذب کر لیں۔ desiccator

خصُوصی مندُوب : (مث و مذ) خصوصی طور پر مدعو کیا گیا۔ special invitee

خطِ ہم تپشی : (مذ) ایک جیسے درجہ حرارت والے مقامات کو نقشے پر جوڑنے والی لکیر۔ isotherm

خطا پزیر : جس سے خطا ہونے کا امکان ہو

خطا پزیری : خطا کرنے کا میلان، رغبت

خطوطِ نشیب و فراز : زمین کے نشیب و فراز یا ارتقاعی مقامات دکھانے والے خطوط contours

خِلال : (مث و مذ) دانت کریدنے کی تیلی۔ tooth pick

خَلائی مخلوق : کسی دوسرے سیارے کی مخلوق۔ خلائی اجنبی۔ aliens

خلائی مُستقِر : (مذ) خلا بازوں کے لیے خلا میں رکھا گیا ٹھکانہ۔ space station

خواب خرام : نیند میں چلنے والا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


خواب خرامی : نیند میں چلنا۔ somnambulism

خودآفریں : اپنے لیے خود سرمایہ کاری کر سکنے کے قابل۔ self-financing

خودسوزی : اپنے آپ کو جلا کر خودکشی کرنا۔ self immolation

خود شکن : جو اپنے ہی مقصد کے برعکس ہو۔ self defeating

خودکار : خودحرکی۔ automatic

خودکاری : مشینیت۔ automation

خودکار اِنقطاع: از خود بند ہو جانا یا کٹ جانا۔ automatic cut out

خود گرفتہ : اپنے آپ پر الزام لگانا۔ self accused

خوداشاعتی : اپنے آپ کو آگے بڑھانا۔ خودتشہیری۔ ذات کاری۔ self propatation

خود مکتفی : خودکفیل

خُرد رَو : اِنتہائی خُرد برقیاتی لہریں۔ microwave

خوردہ گیر : جوٹھن کھانے والا

خوش غلاف : (مث) ازار بند کی ڈھیلی عورت جو کسی کو انکار نہ کرے

خون ہلکا ہونا : جس بچے کو بری نظر لگ گئی ہو

خون کشی : (مث) طبی طریقے سے جسم سے خون نکالنا۔ خونریزی

خوگر : عادی۔ acclimatize ۔ خوگری

خون گرفتہ : قتل کر دینے کے قابل۔ واجب القتل

خیرہ کن : آنکھیں چکا چوند کر دینے والی

خیل : بہت سے سوار۔ بہت سے گھوڑے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



خیمہ بدوشی : سفری خیمے میں چھٹیاں گزارنا۔ camping

.................................

د

داعی : (مذ) دوسروں کو کسی کام کے لیے اُکسانے والا

دال : راہ دکھانے والا، دلالت کرنا

دائرۂ عمل : سپاہی کی گشت کی حدود۔ حدِ عمل۔ beat

دایم الخمر : ہمیشہ بہت شراب پینے والا۔ بلانوش

دراانداز : زبردستی اندر گھُس جانے والا۔ گھُس پیٹھیا۔ infiltrator

دراندازی : (مث) زبردستی اندر گھُس آنا۔ infiltration

دربندی : (مث) مزدوروں کی مرضی کے خلاف کارخانے کو بند کر دینا

" : تلاشی لینے سے پہلے مکان کے دروازے بند کر دینا

درجۂ ذہانت : (مذ)۔ Intelligence Quotient, (I.Q)

درماندہ : تھک کر پیچھے رہ جانے والا۔ مصیبت زدہ۔ ستم زدہ۔ واماندہ۔ درماندگان۔ واماندگان (جمع)۔ sufferer, aggrieved

درمیانہ دار : بیچ کا آدمی۔ middle man

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


دستوریہ : (مث) آئین بنانے والی مجلس۔ آئین سازیہ

دستی ابلاغ : (مذ) اِشاراتی زبان۔ sign language

دستی اِشتہار : (مذ) ہاتھوں ہاتھ بانٹے جانے والے اِشتہار۔ hand bill

دُعائیہ : دعا سے منسوب

دغدغا : (مذ) ایک چھوٹی قندیل

دفتریّت : (مث) دفتری ضابطوں میں الجھنا

دفعِ مُضرات : آلودگی سے پاک صاف کرنا decontaminate

دفاعی میکانیت: (مث)۔ defence mechanism

دُنبالہ : (مذ) کسی چیز کا پچھلا حصہ یا سرا

دندانہ دار : جس کے سرے درانتی کی طرح کٹے ہوئے ہوں

دوچشمی دوربین: دونوں آنکھوں کے لئے شیشوں والی دوربین۔ binoculars

دُورباش : (مذ) بادشاہ کے آگے چلنے والا چوبدار جو دورباش دُورباش کی صدا لگاتا تھا

دُورباش : (مذ) distante

دورِحدید : (مذ) لوہے کا زمانہ۔ Iron age

دوشینہ : پچھلی رات کا

دوقاش : منقسم

دوہفتگی : پندرہ روز کا۔ fortnightly

دوئُما : secondly

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



دُہرا چشمہ : نزدیک و دور کے اکٹھے شیشوں والی عینک۔ bifocal

دھاپ : (مذ) بِنارُ کے دوڑ کر طے کیا جانے والا فاصلہ

دھاڑ پڑنا : چوروں کے گروہ کا حملہ

دھتوریا : (مذ) دھتورا کھلا کر لوٹنے والا ٹھگ

دھِجیر :(مث) کاغذ یا کپڑے کی لمبی کترن

دھواں لپک : حُقّے کی بُو پر دوڑا جانے والا شخص۔ لالچی

دھووَن : (مذ) استعمال کے بعد پھینک دیا جانے والا پانی۔ غُسّالہ

دیا سلائی : لڑائی کی آگ لگانے والی عورت

دیر فہم : غبی

دِیوٹ : (دِی وَٹ۔ مذ) شمع دان۔ طاق جس پر دیا رکھا جائے

.........................................

ڈ

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



ڈاٹ : (مث) بوتل کا سوراخ بند کرنے کی چیز

ڈاک : (مث) خبر رسانی کے لیے سواری بدلنے کا مقام

ڈالی : (مث) توجہ اور مفاد چاہنے والوں کی جانب سے افسروں، امیروں کو پھل پھول اور تحفوں سے سجا کر پیش کی جانے والی ٹوکری

ڈُلاو : (مذ) غلاظت پھینکنے کی جگہ

ڈھابا : (مذ) راستے کا مطبخ۔ سڑک کنارے کا عارضی ڈھانچہ جہاں کھانا دستیاب ہوتا ہے

..........................................

## ذ

ذات کاری : خودتشہیری۔ اشاعتِ ذات۔ self propagatiion

ذانب : پیچھے چلنے والا

ذیلی تعامل : (مذ)۔ side reaction

..........................................

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



## ر

راحت رسانی :(مث) مصیبت زدگان کو راحتی سامان کی فراہمی۔ relief operation

راست برگرد : دائیں سے مڑتے ہوئے الٹے پھرنا

راشی : رشوت دینے والا

رافضی : اپنے سردار کو چھوڑ دینے والا گروہ

راکب : (مذ) جانور یا جہاز پر سوار ہونے والا

راہِ بے مفر : بند گلی۔dead end

رائے ساز : (مث و مذ) لوگوں کی رائے کو متاثر کرنے والا۔ opinion maker

رُبع دائرہ : دائرے کا چوتھا حصہ۔ quadrant

رُسوب : (مذ) پانی، شراب یا پیشاب کی تہ میں بیٹھ جانے والے باقیات

رفیقِ کار : (مذ) ساتھ کام کرنے والا۔رفیقۂ کار۔ colleague

رقص گاہ : (مث) تفریح گاہ جہاں اجتماعی طور پر جوڑے رقص کرتے ہیں۔
dance hall

رکازیاتِ قدیمہ: ماقبل تواریخ کی زندہ چیزوں کی پتھرائی ہوئی شکل۔آثارِ متحجّرہ۔fossils

رگیلا : (مذ) موٹی رگوں کا بان

رنگ باز : رنگوں کے ساتھ کھیلنے والا

رنگ کور : جو رنگوں میں امتیاز نہ کرسکے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



رَوپرستی : (مث) وقتی رجحان یا فیشن کی اندھی تقلید۔fad

رواں تبصرہ : (مذ) کسی واقعے کا رواں تفصیلی بیان۔running commentary

رواں زینہ : (مذ) متحرک سیڑھیاں۔escalator

رُوآں : (مذ) جسم پر باریک بال۔پشمینے کے ریشے۔پھلوں یا ترکاری پر باریک ریشے۔رُوئیں (جمع)

رُوبہ قضا : سر جھکائے ہوئے

رُوپنا : ایک جگہ سے نکال کر، اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا۔ Transplant

رُوپزیری : واقع کا ہونا

روغناب : (مذ) تیل اور پانی کا شیرہ۔ emulsion

رہنی ملازم : زمین کے ساتھ ہی بِک جانے والا ملازم۔ bonded servant

ریزہ چینی : کسی چیز کے ٹکڑے چننا

ریشگی : (مث) اُگنا۔بڑھنا۔نشوونما۔پھولنا

........................................

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



## ز

زائدالمیعاد : جس کی تاریخ اثر آفرینی ختم ہو چکی ہو

زبانِ شمع : (مث) شمع کی لو

زرِفدیہ : (مذ) مغویہ کو آزاد کرنے کے لیے طلب کی گئی رقم

زرقا : (مث) نیلی اور سبز آنکھوں والی عورت

زرگری : (مث) نورا کشتی۔ کمالا۔ جھوٹ موٹ کی نمائشی لڑائی۔

shadow boxing, Friendly match

زُغال : (مذ) کوئلہ جو جلا ہوا نہ ہو

زلزلہ پیما : (مذ) زلزلہ ناپنے کا آلہ۔ زلزلہ نگار۔ seismograph

زلزلیات : (مذ) زلزلے کی سائینس۔ seismology

زلزیاتی : زلزلے سے متعلق۔ seismic

زُمرہ بند اشتہار: classified ad

زن فریب : عورتوں کو دھوکا دینے والا یا نازیبا سلوک کرنے والا۔ زن کش

زنبیل : (مذ) خشک کدو سے بنا فقیر کا کشکول

زنگار : (مذ) تانبے کا زنگ یا کساو۔ نیلا تھوتھا

زِہ : (مذ) کوئی چیز جسے بل دے کر سوراخ سے نکالا جائے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



زیرانداز : (مذ) فرش کی حفاظت کے لیے حقے کے نیچے رکھا جانے والا کپڑا

زیرصوتی : آواز کی رفتار سے کم۔ subsonic

زیرِ کفالت : ایسے افراد جن کی کفالت کسی اور کے ذمے ہو۔ dependents

زیرنگیں : ماتحت

زیروبم : (مذ) اتار چڑھاؤ (آواز کا)۔ modulation, inflection

زیریں گزرگاہ : (مث) پیدل چلنے والوں کے لیے سڑک کے نیچے کا زمیں دوز راستہ۔ پائیں گزرگاہ۔ subway

.................................

## س

سابر چمڑا : (مذ) بارہ سنگھے یا ہرن کی کھال کا چمڑا

سابری : کھجوروں کی سب سے اچھی قسم

سابقات : کسی شخص کے پچھلے حالاتِ زندگی۔ antecedents

سابقہ : (مذ) عزت افزائی کے لئے نام کے پہلے لگایا جانے والا لفظ۔ prefix

ساحلی حجرہ : (مذ) سمندری جھونپڑا۔ cabana-cabin on sea beach

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



سادِیّت : (مث) کسی کو جسمانی اذیّت دے کر خوشی محسوس کرنا۔ sadism

سادِیّت پسندی: جسمانی اذیّت حاصل کر کے خوشی محسوس کرنا۔ masochism

ساعتدار : گھڑی کی سوئیوں کی سمت میں چلنے والا۔ clock wise

ساکھا : (مذ) کسی کے خلاف لڑائی کے لیے کچھ لوگوں کا باہمی اتفاق

سالِ جلوس : (مذ) وہ سنہ جو کسی بادشاہ کی تخت نشینی سے اس کے عہد تک چلتا ہے

سالِ کبیسہ : (مذ) چار برسوں میں ایک بار آنے والا سال جس میں فروری کے مہینے میں 28 کی جگہ 29 دن ہوتے ہیں اور سال کے 365 دنوں کے بجائے 366 دن ہوتے ہیں اور جو چار کے عدد کے ساتھ تقسیم ہو جاتا ہے۔ leap year

سالماتی دَور : (مذ) atomic age

سالمہ : (مذ) atom (جمع: سالمات)

سالمی : سالمہ سے متعلق۔ atomic

سالیانا : (مذ) سالانہ رقم

سانپن : (مث) بعض مردوں اور عورتوں کی پشت پر پائی جانے والی بالوں کی لکیر جسے منحوس سمجھا جاتا ہے۔ بھونری

سانسی : ایک جرائم پیشہ اور خانہ بدوش قوم

ساونی : (مث) ساون کی وہ رات جب چاند پورا ہو جائے

سبزہ : (مذ) داڑھی مونچھ نکلنے سے پہلے چہرے پر آنے والی سبزی

سبزی خور : گوشت نہ کھانے والا۔ vegetarian

سبُو بدوش : کندھے پر گھڑا اُٹھائے ہوئے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



سبیل : (مث) راگیروں کو مفت پانی پلانے کا پیاؤ

ستم زدہ : درماندہ۔شاکی۔واماندہ۔ aggrieved, sufferer

ستھرا : (مذ) ڈنڈے بجا کر مانگنے والا فقیروں کا ایک فرقہ

سُتلی : (مث) پتلی ڈوری

سَحاب : (مذ) ستاروں کا دھندلا گچھا۔ galaxy

سخت ردِ عمل : (مذ) back lash

سدِ جارحیت : (مذ) کسی کو کسی عمل سے باز رکھنا۔ deterrence

سرایت پذیر : ایسی سطح جس کے بیچ میں سے پانی گزر سکے۔ permeable

سرحدی گزرگاہ : (مث) دو ملکوں کی سرحدوں پر آنے جانے کا مقام crossing point

سرد آلہ : (مذ) چیزوں کو ٹھنڈا رکھنے والی مشین۔ Regrigerator

سرد تذخیرہ : (مذ) بڑی تعداد یا مقدار میں چیزوں کو ٹھنڈا رکھنے کا گودام۔

Cold storage

سرزئی : (مث) کوشش کرنا

سرقلمی : (مث) سر قلم کر دینا

سرنامہ : name plate

سرقۂ حقیر : (مذ) بہت چھوٹی چوری۔ petty larceny

سزاول : (مذ) سرکاری روپیہ وصول کرنے والا

سطحِ مائل : (مث) ایک سمت جھکی ہوئی سطح۔ inclined plane

سکونیات : غیر متحرک طاقتوں کے مطالعے کی طبعیات کی ایک شاخ۔ statics

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



سگ خانہ : (مذ) کتوں کے رہنے کی جگہ۔ dog house

سُلّوُ : (مذ) باریک کٹا ہوا چمڑا جسے ڈورے کی طرح استعمال کیا جاتا ہے

سُلّو گُلّو : (ڈوگری) خفیہ مفاہمت۔ secret understanding

سماروغ : (مذ) نمی، حرارت اور حیاتیاتی مادے کی موجودگی میں نمودار ہونے والی روئیدگی۔ کائی۔ پھپھوندی۔ fungus

سماروغ کُش : (مذ) سماروغ کو ختم کرنے والی ادویہ۔ fungicides

سماعیات : (مث) علمِ آواز۔ acoustics

سمعی اِلتباس : (مذ) سمعی فریب۔ audio illusion

سمعی و بصری : دیکھا اور سُنا جانے والا۔ audio & visual

سوختہ : آگ پکڑنے والی کوئی سوکھی چیز

سہ روزہ : تین دنوں میں ایک بار۔

سہ سالہ : تین سال تک رہنے والا

سہ ماہی : تین مہینوں میں ایک بار۔ quarterly

سہولت کار : سہولیات فراہم کرنے والا۔ facilitator

سیارچہ : (مذ) چھوٹا سیارہ۔ asteroid

سیامی توام : جُڑے ہوئے جُڑواں بچے

سیر بین : مسلسل بدلتا ہوا منظر۔ نظارہ دیکھنے والا

..............................

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



# ش

شاخِ زیتون : (مث) مصالحت کا نشان

شاکی : شکایت کرنے والا

شائگاں : بادشاہوں کے لائق کوئی چیز

شباب : (مذ) 24 سے 40 سال تک کا آدمی

شب خیز : (مث و مذ) رات کو اٹھنے والا۔ شب خیزی

شب کور : جسے رات میں نہ دکھائی دے

شب کوری : رات کو دکھائی نہ دینے کا مرض۔ night blindedness

شبینہ : رات کا

شبینہ محفل : (مث) رات کا پروگرام

شِتابا : (مذ) بارود لگا کاغذ کا فلیتہ

شجرکاری : (مث) زیادہ پودے اگانا

شحنہ : (مذ) محافظِ شہر۔ کوتوال

شِدتِ انبساط : (مث) بشاشت۔ euphoria

شدید وقتی گرویدگی: (مث) کسی عورت یا مرد کی جانب شدید فوری کشش۔ crush

شراب : وہ جگہ جہاں شراب پروسی جاتی ہے۔ bar

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



شِراک : (مذ) کھڑاؤں کے پٹے کی طرح جوتے کا چوڑا تسمہ

شطل : (مذ) کھیل میں شریک نہ ہو کر بھی جوئے کی رقم کا حصہ دار۔ جُوا کھلانے والا

شِعائی حلقہ : (مذ) گرہن زدہ سورج یا چاند کے گرد دکھائی دینے والا ہالہ

شفاف : کوئی بھی ایسی چیز جس میں آر پار نظر آئے ۔transprent

شِق : (مث) قانون یا معاہدے کی کوئی دفعہ۔ clause

شُقہ : (مذ) جھنڈے کا کپڑا۔ پھریرا

شِکمی اُتار :(مث) اُترتے وقت جہاز کا زمین پر پیٹ کے بل گھسٹتے چلے جانا۔

belly landing

شُمارِندہ : (مذ) شُمار، حساب یا تخمینہ کرنے والا۔ calculator

شماتت : (مث) کسی کے نقصان پر خوش ہونا

شمامہ : (مذ) خُوشبو۔ خوشبو کی گولیاں

شِناختی لفظ : (مذ) جائے ممنوعہ سے گزرنے کے لیے بولا جانے والا خفیہ طے شدہ لفظ

password

شِناوری : (مث) کسی چیز کے تیرنے یا تیرانے کی صلاحیت۔ buoyancy

شہلا : (مث) بھیڑ جیسی معصوم آنکھوں والی عورت

شیفتہ : (مذ) چاہنے والا۔ فریفتہ۔ fan

..................................

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


# ص

صارِف : (مذ) چیزوں کو استعمال کرنے والا۔ consumer

صارفی اشیا : (مث) عام استعمال کی چیزیں۔ consumer goods

صاعِقہ : (مث) کڑکنے اور زمین پر گرنے والی بجلی

صاف گزرنا : کھانے کو بالکل نہ ملنا

صُبح خیز : (مذ) صبح سویرے اٹھنے والا

صُبح خیزا : (مذ) سوتے مسافروں کا سامان چرانے والے۔ صبح خیزیا

صدابندی : (مث) آواز کو محفوظ کر لینا۔ recording

صِنفی آویزش : (مث) مردوں اور عورتوں کے مفادات کا ٹکراؤ۔ gender conflict

صوت کار : آواز سے متعلق کام کرنے والا۔ sound man

صوتیات : (مث) منہ سے نکلنے والی آوازوں کا مطالعہ

صوتی تعدد : (مذ) تعددِ ارتعاش۔ frequency

صُوریاتی : ظاہری۔ morphological

.......................................

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



## ض

ضبطِ بعید : (مذ) فاصلاتی تسلط یا اختیار۔ remote control

ضِمنی مراعات: اِضافی مراعات۔ fringe benefits

ضوفِگن : اندھیرے میں چمکنا۔ ضوافگن

.........................................

## ط

طِبعیّات : (مذ) مادّے اور توانائی کے مطالعے کی سائینس۔ Physics

طرزِ خط : (مذ) کمپیوٹر کے حروف کا خط۔ font style

طُفیلی ریاست: بڑے طاقتور ملک کا دست نگر ملک۔ client state

طُفیلیا : (مذ) دوسروں کا بچا کھچا کھا کر گزارہ کرنے والا کیڑا، پودا یا آدمی۔
ٹکڑخور۔ parasite, hanger-on۔ طُفیلیائی

طعام خانہ : (مذ) ریستوراں

طُناب : (مث) بازی گروں کا رسہ۔ زمین ماپنے کے لیے رسی

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



طیّار : (مذ) سُرعت سے اُڑ جانے یا فضا میں تحلیل ہو جانے والا۔ طیران پذیر۔ volatile

طیّارہ بردار : (مذ) ہوائی جہاز لے جانے والا سمندری جہاز

طیران پزیری : (مث) فضا میں تحلیل ہو جانا۔ volatilization

طیرانی تھکن : (مث) ہوائی جہاز کے طویل سفر کی تھکن۔ jet-lag

طیرانیات : طیارہ سازی اور ہوابازی سے متعلق۔ aerodynamics, aeronautics

طیران گاہ : ہوائی اڈہ۔ airfield

طیف : (مذ) روشنی کے سات رنگ، جو شیشے کے سہ گوشہ ٹکڑے (prism) میں سے روشنی کی شعاع کو گذارنے کے بعد ظاہر ہوتے ہیں۔ spectrum

طیفی : prism سے متعلق

.........................................

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



# ع

عادت ساز : جس سے کوئی عادت یا لت پڑ جائے۔ addictive

عازِم : روانگی کے لیے تیار

عاقِبتہُ الامر : کسی فلم، ناول، کہانی کا آگے کا حصہ۔ تکمِلہ۔ اِستمرار۔ تسلسُل sequel

عاقر : (مذ) جس کے اولاد نہ ہوتی ہو

عاقرہ : (مث) عاقر کی تانیث

عالمی شہری : وسیع المشرب، آزاد خیال شخص۔ cosmopolitan

عاملین : (فلم یا ٹیلی وژن بناتے وقت) سیٹ پر چھوٹا موٹا کام کرنے والے لوگ

spot boys

عاملِ ملبوسات: dress man

عاملینِ روشنی: (فلم یا ٹیلی وژن بناتے وقت) روشنیوں کا انتظام کرنے والے لوگ

light boys

عُبُور و مُرُور : پانی کو پار کر کے آنا جانا

عِتاق : غُلام کو آزاد کرنا

عدسہ : (مذ) محدب شیشہ۔ lens

عدمِ تفاعُل : (مث) غیر کارکردگی۔ dysfunction

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri


عدِیدیّہ : (مث) چند افراد پر مشتمل حکومت۔ oligarchy

عُروس البلاد : (مذ) تجارتی، سیاسی، کثیر ثقافتی بڑا شہر۔ metropolis

عرشہ : (مث) بحری جہاز کی چھت

عصابردار : (مذ) معزز آدمی کے ساتھ چلنے والا چوبدار

عطائی : اُستاد کے بغیر شوقیہ کوئی ہُنر سیکھنا۔ بے اُستاد ۔amateur

عقب نشین : پیچھے بیٹھنے والے۔ back bencher

عکّاس : (مذ) کیمرے سے تصویر لینے والا

عکّاسی : کیمرے سے تصویر لینا

عملۂ شب : (مذ) کسی جگہ رات میں کام کرنے والے لوگ۔ night staff

عوامی تقسیم کاری: (مث) عوام الناس میں تقسیم کرنا۔ public distribution

عیشِ شبانہ : رات کی تفریحات۔ night life

.....................................

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



# غ

غائب باز : جو دُور بیٹھ کر شطرنج کھیلتا ہے

غائب باش : غیر حاضر

غار نشین : غاروں میں رہنے والا۔ cave dweller

غاری فن : غاروں سے وابستہ اصناف فن۔ rock art

غاری مندر : غار میں بنایا گیا مندر۔ cave temple

غفلت شعاری: ادائے فرض میں کوتاہی

غلط انداز : (مذ) نشانے پر نہ لگنے والا تیر یا نِگاہ

غلط کارانہ : errant

غیرتی قتل : غیرت کے نام پر قتل۔ honour killing

غیر ریاستی عناصر: ایسے لوگ جو حکومت کے باقاعدہ ملازم نہ ہوتے ہوئے بھی حکومت کے اشاروں پر کام کر رہے ہوتے ہیں۔ non state actors

غیر ساعتدار : گھڑی کی سوئیوں کی اُلٹی سمت میں۔ anti clockwise

غیر شافی : تسکین یا شفا نہ دینے والا

غیر قدم : جو باقیوں سے قدم ملا کر نہ چلے۔ out of step

غیر متجانس : جو ایک جیسا نہ ہو۔ heterogenous

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



غیر مجاز : جس کی قانوناً اجازت نہ ہو۔ unauthorized

غیر مختتم : جو ختم نہ ہو سکے

غیر مسموع : جس کے متعلق بات نہ کی جائے یا نہ کی گئی ہو

غیر نامی : زِندگی کے بغیر۔ بے جان۔ inorganic

غیر مخفی قرار دینا : declassify

غیر نفوذ پزیر : سرایت نہ کرنے والا۔ impermeable,impervious

.......................................

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



# ف

فادِزہر : (مذ) زہر کا توڑ۔ تریاق۔antidote

فارِق : فرق کرنے والا۔ الگ کرنے والا

فاصلہ کاری : فاصلے کا التزام رکھنا (خصوصاً سطروں اور الفاظ میں)۔ spacing

فاضلات : جمع خرچ کا حساب۔balance

فاقہ شکنی : (مث) فاقے کے بعد کھانا

فِدیہ : (مذ) وہ رقم جسے دے کر قیدی کو رہا کروایا جائے۔ خون بہا۔ نقد معاوضہ۔ ransom

فرار پسندی : (مث) زندگی کی تلخ حقیقتوں سے گریز۔ escapism

فراشی پنکھا : (مذ) ایک پنکھا جو محفل پر ہاتھ سے ہلایا جاتا ہے

فراشی سلام : (مذ) اس قدر جھک کر کیا جانے والا سلام کہ سرزمین ہی سے لگ جائے

فراموش کاری : (مث) نقصانِ حافظہ۔ amnesia

فرح باغ : (مذ) ایسا باغ جہاں تفریح کی جائے۔ amusement park

فرح گاہ : (مث) ایسی جگہ جہاں تفریح کی جائے۔ amusement arcade

فردِ جرم : (مث) قانونی ادارے کی جانب سے لگائے جانے والے الزامات کی فہرست۔ charge sheet

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



فردِ سرخ : (مث) فہرست جس میں کچھ افراد کو ناپسندیدہ قرار دیا گیا ہو۔ فردِ احمر۔
red list

فردِ سیاہ : (مث) فہرست جس میں کچھ افراد کو گردن زدنی یا اِنتہائی ناپسندیدہ قرار دیا گیا ہو۔ black list

فرمودہ : (مذ) فرمایا ہوا۔ فرمودات (جمع)

فرومائیگی : (مث) خودداری نہ ہونا

فضائی میزبان: air hostess

فضائی مُستقر : تجارتی ہوائی اڈہ۔ air port

فُضلات : (مذ) نتھارنے کے بعد رہ جانے والے باقیات۔ residue

فِلزّ : (مذ) پتھریلا مادہ جسے پگھلا کر دھات حاصل کی جاتی ہے۔ فلزّات (جمع)۔
ore

فِلزّی دَور : دھات کا زمانہ

فناپذیر : چیز جس میں جلد ہی خراب یا ضائع ہو جانے کا میلان ہو۔
perishable

فوارچہ : (مذ) کسی چیز دان میں سے ہوا کے دباؤ کے ساتھ کچھ نکالنا۔ aerosol

فوری ترسیل : (مث) جلدی پہنچانا۔ quick delivery

فہرستِ منتظرین: (مث) waiting list

فیض رسانی : مفاد پہنچانا۔ benevolence

فِیل خانہ : (مذ) ہاتھیوں کا طویلہ

..............................

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



# ق

قابلِ پرواز : اُڑ سکنے کے قابل۔ airworthy

قابلِ تصفیہ : جس کا باہمی طور پر لے دے کر فیصلہ ہو جائے۔ ترکیب پزیر۔
compoundable

قارِق : قرقی کرنے والا، زمیندار کا گماشتہ

قاف : (مذ) ایشیا کوچک (Asia minor) کا ایک پہاڑ جس کے بارے میں
پرانے زمانے میں تصور کیا جاتا تھا کہ وہاں پریاں رہتی ہیں

قال : (مذ) دکھاوے کی بات چیت۔ ظاہری

قانون کی حکمرانی: rule of law

قُرص : (مذ) سِکّے کی طرح چپٹی پر اس سے کئی گُنا بڑی ہو سکنے والی کوئی شے۔ disc

قِرع : (مذ) عرق کھینچنے کا برتن

قُرعہ : (مذ) بہت سی پرچیوں میں سے کسی ایک کے نام کی پرچی چننا۔ پانسہ پھینکنا

قُزحی : قوسِ قُزح کے رنگوں جیسا

قطّامہ : (مث) زبان دراز، فاحشہ عورت۔ چھنال

قُفلی : (مث) دودھ، چینی اور کھوئے کا مرکب جسے برف میں جما کر کھایا جاتا
ہے۔ قُلفی۔ کُلفی

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



قُلتبان : (مث) اپنی بیوی کو دوسروں کے پاس بھیجنے والا شخص

قلمزد کرنا : خارج کرنا۔ قلم پھیرنا۔ مٹا دینا

قلمزنی : (مث) اِخراج

قلماکنی : (مث) محل میں پہرا دینے والی مسلح عورت سپاہی۔ تِلنگنی۔ تُرکنی۔ اُردابیگنی

قلمانا : (مذ) چھوٹے چھوٹے شفاف ٹکڑے بن جانا۔ تبلُور۔ crystallization

قمرنورد : چاند پر جانے والا یا سیر کرنے والا

قہقریٰ : اُلٹا چلنا

قیافہ شناسی : (مث) چہرے مہرے سے کسی کے کردار کا اندازہ لگانے کا فن۔

physiognomy

قیلولہ : (مذ) دوپہر کے کھانے کے بعد کچھ آرام کرنا، سونا

........................................

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



# ک

کابَس : (مث) مٹی کے برتن پر قلعی کرنے کی مٹی، جسے حاملہ عورتیں کھاتی بھی ہیں

کابُوس : (مذ) خواب میں خوفزدہ ہوجانا۔ ڈراونا خواب

کاردرآر : (مذ) ایسا ریستوراں یا تماشہ گاہ جہاں کار سمیت اندر جایا جاسکتا ہے۔

drive-in

کاگاباسی : (مث) وہ بھانگ جو متھرا میں صبح کے وقت پی جاتی ہے

کانگڑی : (مث) آوے میں پکی ہوئی مٹی کی چھوٹی سی انگیٹھی جس پر تیلیوں کا غلاف چڑھا ہوتا ہے اور جس میں جلتے کوئلے ڈال کر سردی کے موسم میں (عموماً کشمیر میں) ہاتھ سینکتے ہیں

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



کانُور : (مث) بھنگی

کائی : (مث) نمی، حرارت اور حیاتیاتی مادے کی موجودگی میں نمودار ہونے والی روئیدگی۔ کائی۔ پھپھوندی۔ fungus

کپاسی : کپاس سے منسوب۔ ہلکا زرد رنگ

کتل : (مث) پتھر کی قاش۔ چھلین۔ مٹی کے برتن کا ٹکڑا

کُتّی : (مث) پانی میں گلایا ہوا کاغذ۔ لُگدی

کچا کاغذ : بغیر اسٹامپ ڈیوٹی والا کاغذ

کچکڑ : کچھوے کی ہڈی

کِرم کُش : (مث) کیڑے مار دوا۔ insecticide , vermicide

کرال : (مذ) بڑے بڑے دانتوں والا

کربڑا : (مذ) چتکبرا

کُرسی مرفاع : (مث) ایک پہاڑ سے دوسرے پہاڑ پر لوگوں کو لے جانے اور واپس لانے کے لیے چرخیوں پر مشین سے چلنے والے موٹے موٹے مضبوط تاروں پر لگائی گئی کرسیوں کا ایک سلسلہ۔ chair lift

کرنجا : (مذ) نیلی آنکھوں والا۔ ارزق چشم۔ کیرا

کرنجی : کرنجا کی تانیث

کرولی گرمی : (مث) زمین کی تمام فضا کے درجہ حرارت میں بتدریج اضافہ۔ global-warming

کڑبڑا : (مذ) جس کی داڑھی میں کالے اور سفید بال ہوں

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



کڑکا : (مذ) بادشاہ کی سواری کے آگے لگائی جانے والی نقیب کی آواز

کستا : (مذ) کیکر کی چھال میں بنی ہوئی شراب۔ٹھرّا

کُسُوف : (مذ) سُورج گرہن

کفاف : (مذ) روزمرہ کا خرچ

کفیل : ضامن۔جوابدہ۔ذمہ دار

کفش : (مث) جوتی

کفش بردار : ادنیٰ ترین

ککیرا : (مذ) ایک قسم کا پان

کلّا دراز : (مذ) بے ہودہ شور کرنے والا

کِلکلانا : بدمزاج اور تُرش رو ہونا۔ کاٹ کھانے کو دوڑنا

کلَونس : (مث) کالکھ۔سیاہی۔داغ۔بدنامی۔میل۔کلَونسنا۔blackness

کم حرکی : آہستہ حرکت کرنے والا۔slow motion

کمالا : نورا کشتی۔زرگری۔جھوٹ موٹ کی نمائشی لڑائی۔Friendly match

shadow boxing,

کن سوئیاں لینا: چھپ کر کسی کی باتیں سننا

کنّا : (مذ) جوتے کے نیچے کا کنارہ

کُنڈل مارنا : چاند کا ہالہ نشین ہونا

" " : سانپ کا کُنڈل مارنا

کوتل : (مذ) ایک خالی مگر آراستہ گھوڑا جو زینت کے لیے امیروں کی سواری کے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



آگے رہتا ہے

گوچہ گرد : ٹھہرتے ٹھہرتے سفر کرنے والا۔ ہرزہ گرد

کوڈ کشائی : مرموز یا خفیہ زبان کو پڑھنا۔ decoding

کوردِہ : (مذ) کم آباد گاؤں جسے کوئی نہ جانتا ہو، جاہلوں کی بستی

کورخطی : نابیناؤں کی زبان

کوکو : (مث) بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام۔ بوئی۔ bugbear

کول : (مذ) چکی میں ڈالی جانے والی اناج کی مقدار۔ گالا۔ لقمہ۔ نوالہ

گولتی : (مث) جلتی ہوئی لکڑی

کولی : (مث) دونوں ہاتھوں بانہوں کا گھیرا۔ گود۔ آغوش

گونتھنا : بہ حالت قبض زور لگا کر براز کرنا۔ گونتنا

کوکبی طبعیات: (مث) ستاروں کے مطالعے کے لیے طبعیات کی ایک شاخ۔ astro-physics

کونیہ : (مذ) مورِثہ۔ نسبہ۔ gene

کہربا : (مذ) ایک زرد گوند

کہولت : (مث) بڑھاپے کا آغاز

کھٹکی : (مث) تاگے یا ڈور کو دانت سے کاٹ کر ٹوٹنے کے قابل کر دینا۔ کھٹکی لگانا

کھرانڈ : (مث) پیشاب کی بدبو۔ بدبُو۔ کھراہنڈ

کھلڑ : (مث) بوڑھی عورت جس کے جسم پر صرف کھال ہی رہ گئی ہو

کھوسنا : کسی چیز کو کسی چیز میں اُڑس دینا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



کھونسڑا : (مذ) پرانا ٹوٹا ہوا پھٹا جوتا۔ لیتڑا۔ لیترا

کھیڑا :(مذ) چھوٹا سا گاؤں

کیمیا گری : کسی دھات سے سونا بنانے کا فن۔ کیمیا سازی۔alchemy

کیمیا گر : کسی دھات سے سونا بنانے والا۔ کیمیا ساز۔alchemist

کیمیاوی مرکّب: (مذ) کیمیاوی مادّوں کا آمیزہ

گہَل : (مث) شدید گرمی میں جب ہوا بند ہو۔ حبس

..................................

# گ

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



گاز : (مذ) شمع کا گُل کترنے کی قینچی۔ گُل گیر

گالا : (مذ) چکی میں ڈالی جانے والی اناج کی مقدار۔ کول

گاؤ تکیہ : (مذ) لمبا تکیہ جس سے پشت لگا کر بیٹھتے ہیں

گھوتی : (مث) گاؤں کے ارد گرد کی زمین

گِٹی : (مث) چلم کی ٹھیکری

گجر : (مذ) گھنٹے یا گھڑیال کی آواز

گدایانہ : فقیروں جیسا، فقیروں کا سا

گُدڑی : (مث) فقیر کا پیوند لگا کُرتا

گردِ آفتاب : (مث) سورج کی کرنوں میں چمکنے والے ذرے

گِردباد : (مذ) طوفانی بگولہ جو ایک دائرے میں تیزی سے گھومتا ہے اور تباہی لاتا ہے۔ cyclone

گشتی ذخیرۂ خون: خون اکٹھا کرنے والی گاڑی۔ mobile blood bank

گشتی مراسلہ : (مذ) بہتوں کو اطلاع دینے والی چٹھی۔ circular

گودنا : سُوئی سے جسم کی کھال میں نیل یا سرمے سے پھول، بیل بوٹے بنانا۔ tattoo

گراں خواب : دیر تک سونے والا شخص

گردہ : (مذ) مصوروں کے استعمال کا سفوف

گرمی کے رنگ: گرمی کے موسم میں پہنے جانے والے ہلکے رنگ

گُڑا کو : (مذ) گُڑ ملا ہوا پینے کا تمباکو

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



گڑوکنا : (مذ) چھوٹی سی گاڑی جس کے سہارے بچے کو کھڑا کر کے چلنا سکھاتے ہیں

گزِ الٰہی : (مذ) اکبر شاہی دور کا 33 انچ کا گز جس سے کپڑا نہیں بلکہ لکڑی کی لمبائی ناپی جاتی تھی

گُزرنامہ : (مذ) راہداری کا پروانہ۔ passport

گزک : (مث) شراب کے ساتھ تبدیلی ذائقہ کے لیے کھائی جانے والی کوئی چیز۔ نُقل

گُگل : (مذ) ایک درخت کا گوند جو جلنے پر خوشبو دیتا ہے

گُل : (مذ) چراغ کی بتی کا جلا ہوا سرا۔ سگریٹ کا جلا ہوا حصہ

گُل جھڑنا : (مذ) سگریٹ یا چراغ کی راکھ جھڑنا

گُل دینا : (مذ) کسی چیز کو کنڈی میں لگا دینا

گُل کترنا : (مذ) چراغ کی بتی کا جلا ہوا حصہ کترنا۔ گُل تراشنا

گُل گِیر : (مذ) گُل کترنے والی قینچی۔ گُل تراش

گُنبدِ عاج :(مذ) ہاتھی دانت سے بنا محل۔ ivory tower

گُنبدِ عاج میں رہنا: زندگی کی تلخ حقیقتوں سے فرار کی ذہنی کیفیت کو کہتے ہیں

گندم نُما جو فروش: (مذ) جو دھوکا دے کر متاثر کرنے کی کوشش کرے۔ poseur

گوز : (مذ) مقعد سے آواز کے ساتھ ہوا خارج ہونا۔ پاد

گوش رس : اتنی بلند آواز جو سنی جا سکے

گوشی رنڈی : (مث) کال گرل

گوشمالی : (مث) کان مروڑنا، کھینچنا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



گولالاٹھی : (مذ) ہاتھ پاؤں سمیٹ کر لیٹنے کی حالت

گونڈا : (مذ) گاؤں کے قریب کے کھیت

گوئی : (مث) انگلیوں سے ایک بار میں تُومی جانے والی روئی کی مقدار

گھاٹ مارنا : اترائی کا محصول نہ دینا

گھرواره : (مذ) ہاؤس ٹیکس

گھگھو : (مذ) کارخانوں میں وقت کی اطلاع دینے والی، یا خطرے کا اعلان کرنے والی لمبی آواز کا آلہ۔ siren, hooter

گھولا : (مذ) پانی میں حل کیا ہوا افیون۔ گھولوا

گیشا : (مث) جاپانی طوائف۔ geisha girl

.........................................

## ل

لااخلاقیاتی : اخلاق سے ماورا۔ amoral

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



لاجنسی : جنس سے ماوَرا۔ asexual

لاحقہ : (مذ) نام کے بعد لگایا جانے والا عزت افزا لفظ۔ suffix

لاسیاسی : سیاست سے ماوَرا۔ apolitical

لاشخصی : بے لاگ۔ جس میں ذاتی رائے کو دخل نہ ہو

لاشعائی عکس : X-ray photo

لاسلکی شعاع : radio beam

لاشُعائیں : ٹھوس چیزوں میں سے گزر جانے والی شعائیں جن سے جسم کے اندرونی اعضا کی تصویر لی جاتی ہے۔ x-rays

لاشعوری انکشاف: دل و دماغ میں چھپی کسی ایسی خواہش کا نادانستہ اور اضطراری اظہار جو مروجہ اخلاقی اقدار کے مطابق نازیبا ہو۔ Freudian slip

لاشخصی : جذبات سے ماوَرا۔ clinical

لامرکزی : ماوَرائے مرکز۔ decentralized

لامرکزیت : ماوَرائے مرکز کرنا۔ decentralization

لاہن : (مذ) بیر، بڑ کی چھال اور جو وغیرہ سے اُٹھایا جانے والا شراب کا خمیر۔ گھان۔ لہن

لاہی : (مث) سُرخ رنگ جس میں سیاہی غالب ہو

لپ : مُٹھی بھر

لپاڈگی : (مث) گھونسوں اور تھپڑوں کی لڑائی

لپک جھپک : (مث) تیزی طرّاری

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



گولالاٹھی : (مذ) ہاتھ پاؤں سمیٹ کر لیٹنے کی حالت

گونڈا : (مذ) گاؤں کے قریب کے کھیت

گوئی : (مث) انگلیوں سے ایک بار میں تُومی جانے والی روئی کی مقدار

گھاٹ مارنا : اترائی کا محصول نہ دینا

گھرواره : (مذ) ہاؤس ٹیکس

گھگھو : (مذ) کارخانوں میں وقت کی اطلاع دینے والی، یا خطرے کا اعلان کرنے والی لمبی آواز کا آلہ۔ siren, hooter

گھولا : (مذ) پانی میں حل کیا ہوا افیون۔ گھولوا

گیشا : (مث) جاپانی طوائف۔ geisha girl

.........................................

## ل

لااخلاقیاتی : اخلاق سے ماوَرا۔ amoral

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



لاجنسی : جنس سے ماوٗرا۔ asexual

لاحقہ : (مذ) نام کے بعد لگایا جانے والا عزت افزا لفظ۔ suffix

لاسیاسی : سیاست سے ماوٗرا۔ apolitical

لاشخصی : بے لاگ۔ جس میں ذاتی رائے کو دخل نہ ہو

لاشعائی عکس : X-ray photo

لاسِلکی شعاع : radio beam

لاشُعائیں : ٹھوس چیزوں میں سے گزر جانے والی شعائیں جن سے جسم کے اندرونی اعضا کی تصویر لی جاتی ہے۔ x-rays

لاشعوری انکشاف: دل و دماغ میں چھپی کسی ایسی خواہش کا نادانستہ اور اضطراری اظہار جو مروجہ اخلاقی اقدار کے مطابق نازیبا ہو۔ Freudian slip

لاشخصی : جذبات سے ماوٗرا۔ clinical

لامرکزی : ماوٗرائے مرکز۔ decentralized

لامرکزیت : ماوٗرائے مرکز کرنا۔ decentralization

لاہن : (مذ) بیر، بڑ کی چھال اور جَو وغیرہ سے اُٹھایا جانے والا شراب کا خمیر۔ گھان۔ لہن

لاہی : (مث) سُرخ رنگ جس میں سیاہی غالب ہو

لپ : مُٹھی بھر

لپاڈگی : (مث) گھونسوں اور تھپڑوں کی لڑائی

لپک جھپک : (مث) تیزی طرّاری

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



لپوڑیا : (مذ) منت سماجت کر کے کام نکالنے والا۔ لپوڑی (تانیث)

لُترا : (مذ) ادھر کی ادھر کہنے والا۔ لُتری (تانیث)

لٹکا : (مذ) جادو منتر۔ عیاری۔ دل بہلاوا۔ مکر۔ فریب۔ داؤں

لٹکن : (مذ) گھڑی کا پنڈولم۔ pendulam

لجلجا : لیسدار۔ نرم۔ پلپلا

لخلخانا : بھوک پیاس سے تڑپنا یا نڈھال ہونا

لر : (مذ) زمین ناپنے کا گز۔ ساڑھے چار سے ساڑھے چھ فٹ تک

لُقا : بدمعاش، لُچا، لفنگا

لکھوٹا : (مذ) لفافوں، پارسلوں پر لگائی جانے والی لاکھ کی مہر

لگّا : (مذ) برابری۔ ہمسری

لگّا کھانا : برابر کا ہونا۔ ہم پلہ ہونا

لگائی لُتری : (مث) ایک کی برائی دوسرے سے کرنا۔ لگائی بجھائی

لُگدی : (مث) گتے یا کاغذ کا بھگویا ہوا مرکب

لنگوری : (مث) چوری کا مال برآمد کروانے میں امداد۔ چور پکڑانے کا انعام

لِواطت : (مث) 13 سال سے کم عمر کے بچوں کے ساتھ اغلام بازی۔ paedophilia

لُوطی : اغلام باز

لُوبان : (مذ) آگ میں جل کر خوشبو دینے والی ایک گوند

لوٹن : (مذ) پھڑکنے والا، تڑپنے والا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



لوٹنی : (مث) قلابازی

لوحِ سیمیں :(مث) چاندی کی تختی۔ معشوق کا پیٹ اور پیشانی

لولین : مُستغرق

لیترا : (مذ) پرانا ٹوٹا ہوا پھٹا جوتا۔ کھونسڑا ، لیتڑا

لیچھی : (مث) پان کی گلوری کا عرق نکلنے کے بعد منہ میں رہ جانے والی چیز

..................................

# م

مابعد پیشکش : (فلم یا ٹیلی وژن میں) post production

ماجوم : (مث) بھانگ ملی مٹھائی

ماحول دوست: eco friendly

ماہی خانہ : شیشے سے بنایا گیا کسی بھی سائز کا ڈبہ جہاں زندہ مچھلیوں کو دکھانے کے لئے رکھا جاتا ہے۔ aquarium

مائل بہ مرکز : مرکز کی طرف جانے کا میلان۔ مرکز جُو۔ centripetal

مُتجانس :ایک ہی قسم کے۔ ہم قسم۔ homogeneous

مُتجانسیت : (مث) ایک ہی قسم کے ہونا۔ ہم قسم ہونا۔ homogeneity

مترتّب : ترتیب دیا گیا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



مترتِب : ترتیب دینے والا

مترَجَم : ترجمہ کیا گیا

مترجِم : ترجمہ کرنے والا

متردِد : تردد کرنے والا

مترسِّل : خط بھیجنے والا

مترصِد :امیدوار

مترقَّب : انتظار کیا گیا

مترقِّب : انتظار کرنے والا

مُترقبہ : انتظار کیا گیا

متضرر : ضرب کھایا ہوا۔ مضروب۔ مجروحین

متعارض : ایک ہی موضوع پر دوالگ الگ بیان جو بہ یک وقت صحیح نہیں ہو سکتے

متعلقہ : relevant

مُتقابِل : سامنے والے کا ہم عہدہ ہونا۔ ہم منصب

مُتلازِم : بہ یک وقت ہونا، ایک ساتھ ہونا۔ concurrent

مُتوطّن : نوآباد۔ immigrant

محاصر : محاصرہ کرنے والا

محاظِر : جو سامنے کھڑا ہو

محاظرات : تاریخ کے یادر کھے ہوئے واقعات

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



مُحتاج خانہ : (مذ) ناداروں کی اِقامت گاہ

مُختَرِع : ایجاد کرنے والا۔ مُوجد

مختُوم : مُہر بند۔ sealed

مُخدّر : (مث) پردے میں بیٹھنے والی عورت ۔ مُخدّرات (جمع)

مخروطہ : کوئی ٹھوس شے جس کی چوڑی بنیاد بتدریج تنگ ہو کر اوپر اٹھتے ہوئے ایک نوک بن جاتی ہے، جیسے اہرامِ مصر یا جیسے آئس کریم کا cone

مخلُوط : مِلا جُلا

مدک : نشہ آور چیز جسے تمباکو کی طرح چلم میں رکھ کر پیتے ہیں

مدن : شہر

مدنی : شہری

مُذبذب : غیر مستقل مزاج

مذبوحی : خُود کُش۔ kamikaze, suicidal

مذہبی سیاحت: مذہبی جذبات کے تحت کی جانے والی سیاحت

مراجعت : تنزُّل۔ regressiion

مراحِمِ خُسروانہ: شاہی عنایتیں

مُرادِف : کسی کے پیچھے بیٹھنے یا سوار ہونے والا۔ pillion rider

مُرافعہ : (مذ) اعلیٰ حاکم سے فریاد۔ مرافعہ کرنا۔ appeal

مُرافعۂ آخر : (مذ) جس اپیل کے بعد کوئی اور اپیل نہ ہو سکے

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



مُرتکِز : ایک نقطے پر اکٹھا ہونا یا کرنا۔ concentrate

مُردہ سوز : (مذ) گندگی یا مردے پھونکنے والی بھٹی۔ غلاظت سوز۔ incinerator

مِردہا : چوبداروں کا سردار، گاؤں کا حاکم، قاصدوں کا افسر

مُرسِل : بھیجنے والا

مُرسلہ : بھیجا گیا

مرکزِ اسیران: جہاں سیاسی قیدیوں کو رکھا جائے۔ concentration camp

مرکزِ ثقل : کسی بھی شے کا وہ نقطہ کہ جب اس شے کو کسی نوکدار چیز کے سرے پر ٹھہرایا جائے تو وہ ادھر ادھر نہ گرے اور متوازن ہو کر ٹھہر جائے۔ centre of gravity

مرکزِ زلزلہ : زلزلے کا مرکز۔ epicentre

مرکزہ : (مذ) ایٹم کا مثبت برق بردار مرکزی حصہ۔ nucleus

مرکزِ ہدف : (مذ) بندوق سے نشانہ بازی کے مقابلے میں نشانے کا بالکل اندرونی چھوٹا دائرہ۔ bull's eye۔ لیکن یہ اصطلاح تیر اندازی کے مقابلوں میں استعمال نہیں کی جاتی

مرکز جو : مرکز کے قریب آنے والا۔ centripetal

مرکز گُریز : مرکز سے دور بھاگنے والا۔ centrifugal

مرفوع القلم : وہ جس کا جرم قابلِ بازپُرس نہ ہو

مرقومہ : لکھا ہوا

مرئی : جو دکھائی دے

مُزلّت : پھسلنے کی جگہ

مسافر طیارہ : air liner

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



مُستخرج : نکالا گیا

مستخلِص : چھوڑے گئے

مِس خام : کچا تانبا جسے صاف نہ کیا گیا ہو

مُستاجر : ٹھیکیدار

مُستاجری : ٹھیکیداری

مُستاصِل : جڑ سے اکھاڑنے والا

مُستفِید : فائدہ چاہنے والا یا اٹھانے والا۔ مُستفِیض ۔ beneficiary

مُستفِیض : فائدہ چاہنے والا یا اٹھانے والا۔ مُستفِید ۔ beneficiary

مُستقلہ : (مذ) constant

مستوجب : لازم ہونے والا۔ liable

مسٹ مارنا : ڈھیٹ بن کر بیٹھے رہنا یا سوتے رہنا۔ مشٹ مارنا

مسکّرات : نشہ آور اشیا

مسکوکاتی : سِکوں اور تمغوں وغیرہ سے متعلق

مِسی : (مث) طوائفوں کی اصطلاح میں ایک تقریب جب کسبیاں مِسی ملنا شروع کردیتی ہیں اور جو اس رقم کا کفیل ہوتا ہے وہی باکرہ نوچی کا ازالۂ بکارت کرتا ہے۔ مِسّی

مشرب : (مذ) پانی پینے کی جگہ

مُشعِر : خبر دینے والا

مُشخّص : تشخیص کیا گیا۔ تجویز کیا گیا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



مُصاحبہ : (مذ) کام حاصل کرنے کے لیے امیدوار کی آجر سے ملاقات۔ صحافی سے ملاقات۔ interview

مُصاحِبہ : (مث) ضعیف، بیمار شخص کے ساتھ رہنے والی اُجرتی خادمہ

مُصیقل : زنگ وغیرہ سے صاف کیا گیا

مضروب : ضرب کھایا ہوا۔ متضرر۔ مجروحین۔

مطابقت : موافقت۔ relevance

مطابقت پذیری: موقع یا حالات کے مطابق ڈھال لینے کی صلاحیت۔ adaptability

مطابقتی ثقافت: حالات کے مطابق ڈھل جانے والی ثقافت

مُظہر : ظاہر ہونے کی جگہ۔ اسٹیج

معدِن : (مذ) وہ جگہ جہاں زمین کھود کر دھاتیں، کوئلہ نکالتے ہیں

معکوس تناسبیت: (مث) ایک عُنصر کے بڑھنے سے دوسرے عُنصر کا کم ہو جانا۔ جیسے رفتار زیادہ ہونے سے سفر کا وقت کم ہو جاتا ہے اور رفتار کم ہونے سے سفر کا وقت بڑھ جاتا ہے۔ inversely proportional

معلق طیارہ : پانی میں تیرنے اور ہوا میں اُڑ سکنے والا طیارہ۔ hover craft

معلومات بندی: (نتائج اخذ کرنے کے لئے) اعداد و شمار کا مطالعہ۔ data processing

مُغوی : اغوا کرنے والا۔ kidnapper

مُغویہ : جسے اغوا کیا گیا ہو -kidnapee

مفاہمتی یاداشت : دو یا زیادہ فریقین کے مابین کسی معاملے میں ایک قرار، جس میں بیان کی گئی شرائط و مقاصد پر فریقین کے دستخط ہوتے ہیں اور جو قانونی اقرارنامے کا پیش

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



خیمہ ہوتا ہے۔(MOU) memorandum of understanding

مفرط پیدائش : ضرورت سے زیادہ پیدائش

مفتول : بل کھائے ہوئے۔ coiled

مُفوّض : سپرد کیا گیا، سونپا گیا، امانت رکھا ہوا۔ مُفوّضہ

مُفوِّض : سپرد کرنے والا

مُقِر : اقرار کرنے والا

مُقصِّر : کم کرنا

مُقصِّرہ : (تصویر یا نقشہ) چھوٹے پیمانے پر۔ کم کیا گیا

مقصُور : کم کیا گیا۔ چھوٹا کیا گیا

مقطار : (مذ) کسی قسم کی بھی سطح جس کے بیچ میں سے کسی سیال کو گزار کر اس میں موجود کسی بھی قسم کے ذرّات جیسی ملاوٹوں کو الگ کیا جا سکے۔ filter

مِقطار : جو قطرہ قطرہ ٹپکائے۔ dropper

مقطوع : جس کا سر یا سرا کاٹ دیا گیا ہو

مُقنِّن : قانون بنانے والا، والے

مُقنِّنہ : قانون ساز ادارہ۔ legislature

مُلتہب : جلتا ہوا۔ شعلہ زناں

ملغم : (مذ) مختلف چیزوں کا آمیزہ amalgam

ملفوظی : بات کر کے، زبانی۔ تکلمی

مُثبّت کاری : (مث) کسی سطح پر ابھارے گئے نقوش۔ اُبھرواں نقش

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



مُنتقِل اِلَیہ : جس کا تبادلہ کیا گیا ہو۔ transferee

مُنتقلہ جارحیت (مث) انفرادی یا اجتماعی غم وغصہ طے شدہ سمت میں جانے سے ناکام رہنے پر جب اسے آسان ہدف کی طرف کردیا جائے یا از خود ہو جائے۔

diverted agression

منحل : سیال میں حل ہو جانے والا مادہ۔ solute

منشُور : شیشہ جس میں سے شعائیں گزر کر پھیل جاتی ہیں

" : (مذ) جماعتی اعلان۔ manifesto

منشُورِ مثلثی : تکونا شیشہ جس میں سے شعائیں گزر کر مختلف رنگوں میں پھیل جاتی ہیں۔ prism

مُنشّی : نشہ آور چیز

منظرنامہ : ٹیلی وژن یا فلم اسکرین پر جو کچھ بھی ہو رہا ہو۔ screenplay

مُنفک : جُدا کیا گیا۔ الگ کیا گیا۔ غیر مُنفک (ضِد)

مُنہ نال : دھات کی چھوٹی نلکی جسے حُقہ پینے کی جگہ لگایا جاتا ہے

مواخذہ : (مذ) جواب طلبی

مواصِلات : مقامات کو جوڑنے کے لیے سڑکیں، ریل، موبائل ٹیلیفون جیسے ذرائع۔

communication

موخر کرنا : (مُ اَخ خر) ملتوی کرنا۔ to postpone

موسمیات : موسموں کا مطالعہ

مَوعُود : وعدہ کیا گیا۔ اقرار کیا گیا۔ promised

مَوفُور : بہت۔ بکثرت۔ وافر کیا گیا۔ بے انتہا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



مونا : (مذ) سانپ رکھنے کا پٹارا

مورِثہ : (مذ) نسبہ۔کونیہ۔ gene

مومیا : (مث) وہ مسالا جسے لگا کر لاش محفوظ کی جاتی ہے

مُہاجر : مُلک بدر لوگ

مہاگنی : (مث) ایک قیمتی لکڑی

مہد : (مذ) پالنا ، جھولنا

مہلت خواہ : مہلت چاہنے والا۔ time buyer

مَہلک : (مث) جائے ہلاکت

مُہلِک : (مث و مذ) ہلاک کرنے والا

مہلُوک : (مث و مذ) ہلاک ہونے والا۔مہلُوکین (جمع)

مہماز : (مذ) خاردار پھرکی جو سوار کے جوتوں کی ایڑی میں گھوڑے کو ایڑ لگانے کے لیے لگی ہوتی ہے

مہمیز : " " " "

میزانیہ : (مذ) آمدن وخرچ کا تخمینہ۔ budget

..................................

ن

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



نابدار : جس میں لکیریں یا نالیاں ہوں

نابغہ : انتہائی ذہین وفطین۔ genius۔

نادرالوجود : کم ملنے والا

نادہند : قرض لے کر واپس نہ کرنے والا۔ نادہندہ۔ defaulter

ناروا سلوک : (مذ) غیر مناسب سلوک۔ raw deal

نازائیدہ : جو ابھی پیدا نہ ہوا ہو۔ unborn

ناسدانی : نسوار کی ڈبیا

ناشرہ : کھوٹ ملایا ہوا، غیر خالص

ناظرِ حسابات: (مذ) Comptroller of Accounts

ناظمِ تشریفات: (مذ) کسی تقریب میں متعارف کروانے والا شخص

master of ceremonies

ناکافیت : (مث) کافی نہ ہونا

ناکہ بندی : (مث) پولیس کی طرف سے لوگوں کے آنے جانے کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کرنا۔ barricading

ناگزار : جہاں سے گزرنا ممکن نہ ہو

نال نکالنا : ہر داؤ پر جوا کھلوانے والے کا حصہ، چاہے کوئی بھی جیتے

نام بُردہ : جس کا نام اوپر لیا گیا ہے

نامیاتی : جس میں بڑھنے کی صلاحیت ہو۔ عُضوی۔ organic

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



نبّاش : (مذ) کفن چور

نت : (مث) ڈور، رسی

نخلستان : (مذ) ریگستان میں سرسبز قطع۔ نخلہ

نسبہ : (مذ) مورِثہ۔ کونیہ۔ gene

نِشست گاہ : (مث) بیٹھک

نِصف قُطر : دائرے کے مرکز سے دائرے کی حد تک کا فاصلہ۔ radius

نِظامِ مراتب : (مذ) اعلیٰ عہدیداری کا نظام۔ hierarchy

نظریۂ اِنفجار : (مذ) تخلیقِ کائنات کا اِنفجاری نظریہ۔ theory of big bang

نفر : تین سے دس لوگوں کی ٹولی

نفقہ : (مذ) بیوی کا خرچ جو شوہر کے ذمہ ہوتا ہے

نُفوس پذیر : جو کسی سطح میں سے گزر جائے۔ نُفوس پذیری

نُقطۂ اِشتعال : (مذ) وہ آخری درجۂ حرارت جس کے مزید بڑھنے پر آگ لگ جائے۔

flash point

نُقطۂ خروج : (مذ) کسی صورت حال سے نکلنے کا لمحہ۔ exit point

نُقطۂ سیری : (مذ) وہ مقام جس کے آگے مزید انجذاب نہ ہو سکے۔

saturation point

نُقل : (مذ) نشہ آور چیز کے ساتھ کھانے کے لئے کوئی نمکین چیز

نقل و چسپاں : کسی متن کو ہو بہو نقل کر کے کسی اور جگہ لگا دینا۔ copy & paste

نکوسنا : جانوروں کی طرح دانت نکالنا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



نِگالی : حقے کی نے کا وہ سرا جس میں مُنہ نال لگاتے ہیں

نگارخانہ : (مذ) جہاں نمائش کے لیے تصویریں رکھی جاتی ہیں۔ gallery

نم گیر : نمی جذب کرنے والا۔ absorbent

نوچی : (مث) جوان لڑکی جس سے طوائفیں پیشہ کرواتی ہیں

نوخاستہ : تازہ اُگا ہوا۔ نیا۔ نیا نواب۔ نوجوان۔ upstart

نُورا، نُورہ : (مذ) بال اُڑانے کا پاسفوف۔ فریب دینا

نُوراکشتی : (مث) زرگری۔ کمالا۔ جھوٹ موٹ کی نمائشی لڑائی۔

shadow boxing, friendly match

نُوری سال : (مذ) ستاروں اور کہکشاؤں کے درمیان فاصلہ ناپنے کا نظام جو روشنی کی کرن کا 365.25 دنوں یعنی ایک سال میں طے کیے گئے فاصلے پر مبنی ہے۔ یہ فاصلہ 9 460 730 000 000 کلومیٹر یا 5878625079535.513 میل ہے

نِہال : (مذ) تازہ لگایا ہوا پودا

نُہٹا : (مذ) ناخن سے کھجانے کا نشان

نیچہ : (مذ) حقے کی نے

نیابتی : (مذ) (کسی دُوسرے کی جگہ خوشی یا غم) محسوس کرنے والا

نیم شفاف : جو مکمل طور پر شفاف نہ ہو۔ transluscent

..............................

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



## و

واِرد : آ پہنچنا یا جا پہنچنا۔ arrived

وارُستہ : آزاد کیا گیا۔ وارُستگان (جمع)

وارن پھیرن : (مث) نچھاور کی جانے والی نقدی

وارنا : " "

واقعی : جو اصل میں ہو۔ de facto

وامانده : جو تھک کر پیچھے رہ گیا ہو۔ ستم زدہ۔ درمانده۔ واماندگان۔
sufferer, aggrieved

واگزاشت : چھوڑ دینے یا پابندی ہٹانے کا عمل

وبائیات : وباؤں کی تحقیق اور روک تھام کا علم۔ Epidemology

وجد : (مذ) بے خودی کی حالت

وجہِ تسمیہ : (مث) نام رکھنے کا سبب

وُسطانیہ : (مذ) کسی چیز کو لمبائی میں منقسم کرنے والا خط

وُسعت پزیر : پھیل سکنے والا

وضعِ الفاظ : (مث) الفاظ گھڑنا، بنانا

وعید : (مث) سزا دینے کی دھمکی یا وعدہ

وفیات : (مث) وفات کی جمع

وقائع نگاری : واقعات کا تاریخ وار بیان، تاریخ نویسی

وہ مارا : کسی کام میں اچانک کامیابی پر بے اختیار کہا جانے والا کلمہ تحسین

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



..............................

ہ

ہلوڑا : لٹیروں کی ایک قوم

ہاجرہ : (مث) نہایت گرم دوپہر کا وقت

ہادِم : (مث) منہدم کرنے والا

ہارِب : بھاگنے والا

ہاتھ جھلائی : (مث) وہ روپیہ جو اپنے علاقے سے گزرنے کے لیے رہزن لیتے ہیں

" " : وہ نقدی جو زمیندار یا سرکاری ملازم مسافروں سے لیتے تھے

ہاوِیہ : (مث) وہ عورت جس کے بچے مر گئے ہوں

ہپو : پوپلی عورت

ہتھ نال : (مث) ہاتھی کی پیٹھ پر لادی جانے والی چھوٹی توپ

ہُچکا : (مذ) ڈور کی چرخی

ہڑکائی کُتیا : ہر کسی کو کاٹتے پھرنے والی کُتیا۔ جھگڑالو عورت

ہزاراں : ہزار کی جمع

ہزل : (مث) نظم، کارٹون جس میں کسی کا تمسخر اڑایا گیا ہو

ہزّال : (مذ) نظم میں کسی کا تمسخر اڑانے والا۔ caricaurist

ہسکا : (مذ) کسی کی برابری یا نقل کرنا

ہفت روزہ : ہفتے میں ایک بار۔ ہفتہ وار۔ weekly

ہگو : بار بار ہگنے والا۔ ہگوڑا

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



ہُماسنا : کسی وزنی چیز کے نیچے کچھ رکھنے کے لیے اسے اٹھانا

ہم اصل : ملتے جلتے

ہم زیستی : (مث) جب دو الگ الگ زندہ چیزیں اپنی اپنی بقا کے لیے ایک دوسرے پر منحصر ہوں۔ symbiosis

ہم زیستادہ : دو الگ الگ زندہ چیزوں کا بقا کے لیے ایک دوسرے پر منحصر ہونا۔ symbiotic

ہُمسنا : کسی چیز کا جگہ چھوڑنا

ہم قدم : قدم ملا کر چلنا۔ in step

ہُمکارا : (مذ) اقرار میں ہوں ہاں کرنا۔ ہُنکارا لینا یا بھرنا

ہم مرکز دائرہ : (مذ) ایک دوسرے کے اندر کئی دائرے جن کا مرکز ایک ہی ہو۔ concentric

ہم وقت : بہ یک وقت۔ simultaneous، ہموقتی

ہمہ خور : ہر چیز کھا سکنے والا

ہمہ سرگرم : زیادہ فعال۔ pro active

ہمہ گیر : مکمل۔ all out

ہیجان : (مذ) لمحاتی جوش۔ فوری شدت۔ impulse

ہیل : بھری ہوئی ٹوکری یا ٹوکرا

..............................

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri



# ی

یارانِ سرائے: ہاؤ ہو کی شبینہ محفلوں میں جانے والے

یار باش : (مذ) دوستوں میں خوش رہنے والا

❁❁❁

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri

# AASANIYAT

## (A Collection of Nouns & Verbs)

by

**Balraj Bakshi**

**Mobile: 09419339303**

**email: balrajbakshi1@gmail.com**



ISBN 93-5137-614-1

9 789351 376149

**OSHIN PUBLISHING HOUSE**

**Adarsh Colony, Udhampur-182101(J&K)**

**email: oshinpublishinghouse@gmail.com**

Kashmir Treasures Collection. Digitization by eGangotri

# AASANIYAT

## (A Collection of Nouns & Verbs)

by

**Balraj Bakshi**

**Mobile: 09419339303**

**email: balrajbakshi1@gmail.com**



ISBN 93-5137-614-1

9789351376149

**OSHIN PUBLISHING HOUSE**

**Adarsh Colony, Udhampur-182101(J&K)**

**email: oshinpublishinghouse@gmail.com**